ماہنامہ جہد حق

پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق

HRCP

Monthly JEHD-E-HAQ - May 2016 - Registered No. CPL-13

جلد نمبر 23...... شمارہ نمبر 5 ......مئی2016..... قیمت 5روپے

انسانی حقوق کے عالمی دن

مئی

3 مئی	آزادی صحافت کا عالمی دن
8-9 مئی	دوسری جنگ عظیم میں جاں بحق ہونے والے افراد کو یاد کرنے اور ان سے یکجہتی کا دن
10-11 مئی	نقل مکانی کرنے والے پرندوں کا عالمی دن (یو این ای پی)
13 مئی	''ویساک''، پورے چاند کا عالمی دن
15 مئی	کنبوں کا عالمی دن
17 مئی	ٹیلی مواصلات اور معلوماتی اداروں کا عالمی دن (آئی ٹی یو)
21 مئی	بحث مباحث اور ترقی کے لیے ثقافتی تنوع کا عالمی دن
22 مئی	حیاتیاتی تنوع کا عالمی دن
23 مئی	زچگی کے دوران پیدا ہونے والے گھاؤ کے خاتمے کا عالمی دن
29 مئی	اقوام متحدہ کے امن فوجی دستوں کا عالمی دن
31 مئی	تمباکو نوشی کی ممانعت کا عالمی دن

17 اپریل 2016، حیدرآباد: ایچ آر سی پی نے کسانوں کے عالمی دن پر گروی مزدوری کے خلاف ریلی کا اہتمام کیا



03-01 اپریل 2016، لاہور:

ایچ آر سی پی نے اپنے فعال کارکنان کے لیے قومی کنونشن کا انعقاد کیا

حسابات کا گوشوارہ

31 دسمبر 2015 کو کمیشن کی مالی حیثیت کے خلاصے کا متن درج ذیل ہے

وصولیوں اور اخراجات کا گوشوارہ:	2014	2015
وصولیاں	**000,روپے**	**000,روپے**
عطیات/چندے	122,419	133,079
دیگر وصولیاں	4,263	3,607
میزان	**126,682**	**136,686**

اخراجات	000,روپے	000,روپے
سرگرمیوں کے اخراجات	110,709	129,532
انتظامی اخراجات	10,923	6,832
سٹاف گریجویٹی اخراجات	-	15,727
دیگر آپریٹنگ اخراجات	497	309
مالی اخراجات	143	60

بیلنس شیٹ

	2014	2015
فنڈز	**000,روپے**	**000,روپے**
عمومی اثاثہ جات	38,280	38,279
خسارہ مستقبل کی سرگرمیوں کے لیے دستیاب	15,590	(184)
میزان	**53,870**	**38,095**
مشتمل		
مستقل اثاثے	18,183	17,470
سرمایہ کاری، بنکوں میں جمع رقوم اور کل رواں اثاثے	38,687	31,687
ادائیگی گریجویٹی	(2,354)	(11,186)
میزان	**53,870**	**38,095**

(نوٹ: اپریل 2016ء کے شمارہ میں ایچ آر سی پی کے سیکرٹری جنرل کی رپورٹ کے ساتھ یہ گوشوارہ شائع ہونے سے رہ گیا تھا۔ اس لیے شامل اشاعت ہے۔ ادارہ)

فہرست

ایچ آر سی پی کی جاری کردہ پریس ریلیزیں 5

پنچائیت کے حکم پر محنت کش خاتون کو جنسی تشدد کا نشانہ بنایا گیا 8

انصاف کے منتظر بچے 9

اور پھر وہ نغمہ سرا ہو گئے 11

رجعت پسندی کا چیلنج 15

جڑواں ریاستوں کی کتھا 17

کاری، کارو کہہ کر مار ڈالا 18

جنسی تشدد کے واقعات 18

عورتیں 23

اقلیتیں 24

انکوائری کمیشن برائے جبری گمشدہ افراد نے جن کا سراغ لگایا اور جن افراد کا سراغ نہیں لگایا گیا 25

تعلیم 30

ایچ آر سی پی کے فعال کارکنان کا قومی کنونشن/سالانہ تربیتی اجلاس 31

انتہاپسندی کی روک تھام اور رواداری کے فروغ کے لیے منعقد تربیتی ورکشاپس کی رپورٹس 35

خودکشی کے واقعات 40

جہد حق پڑھنے والوں کے خطوط 52

موجودہ جنگی رجحان جمہوری نظام اور حقوق کے لئے نقصان دہ ہے

پاکستان کمیشن برائے انسانی حقو (ایچ آر سی پی) نے کہا ہے کہ سویلین کنٹرول میں آنے والے تمام اداروں کی ملٹرائزیشن جمہوری نظام کو تباہ کر رہی ہے اور یہ انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں بری طرح متاثر رہی ہے۔ ایچ آر سی پی کا یہ بھی کہنا ہے کہ ان آزادیوں کو سکیورٹی کے نام پر محدود کیا جا رہا ہے۔

اتوار کو ایچ آر سی پی کی ایگزیکٹیو کونسل اور سالانہ عام اجلاس کے اختتام پر جاری ہونے والے ایک بیان میں کمیشن نے کہا: ''ایچ آر سی پی کو سویلین اداروں اور محکموں کی موجودہ ملٹرائزیشن پر سخت تشویش ہے جس سے جمہوری نظام کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ اس کا افراد اور گروہوں پر بھی نا قابل تردید منفی اثر پڑ رہا ہے۔ ایچ آر سی پی ایک مرتبہ پھر یہ مطالبہ کرتا ہے کہ فوجی کارروائیوں کی سویلین نگرانی کو بغیر کسی استثنا کے یقینی بنایا جائے اور لوگوں کو اس حوالے سے ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا جائے۔

''اظہار رائے، میڈیا، احتجاج، تحریک اور اجتماع کی آزادی کی 'نیشنل سکیورٹی' اور ''قومی مفاد' کے نام پر نہ صرف خلاف ورزی کی جا رہی ہے بلکہ انہیں محدود بھی کیا جا رہا ہے۔ حتیٰ کہ حکومت کے ترقیاتی منصوبوں پر حقیقی خدشات کے اظہار کو بھی 'قومی مفاد' کے خلاف قرار دیا جا رہا ہے۔

''خاص طور پر چین پاک اقتصادی راہداری (سی پیک) حکومت کی نظر میں اتنا مقدس ہے کہ اس کی تفصیلات کے بارے میں کسی معلومات کا تقاضہ کرنا یا اس کے نفاذ کے بارے میں تحفظات کا اظہار کرنا بھی وطن پرستی کے خلاف سمجھا جا رہا ہے۔ چھوٹے صوبوں اور گلگت بلتستان نے ملک کی مختلف وفاقی اکائیوں میں سی پیک کے اثرات اور اس کے امتیازی اطلاق کے حوالے سے متعدد تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ ایچ آر سی پی سی پیک منصوبے کے ماحولیاتی اثرات کے فوری اور مکمل جائزے کا بھی مطالبہ کرتا ہے۔ اس منصوبے کے بے دخل ہونے والے افراد پر اثرات اور مقامی لوگوں کو اس حاصل ہونے والے فوائد کا بھی اندازہ لگایا جائے۔

''بلوچستان میں گوادر بندرگاہ کی تعمیر کی وجہ سے ہزاروں ماہی گیر روزگار اور رہائش سے محروم ہو گئے ہیں۔ جب مقامی آبادی گوادر میں ترقیاتی پالیسی سے متعلق اپنے تحفظات کا اظہار کرتی ہے تو اسے دھمکایا جاتا ہے۔

وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقہ جات (فاٹا) میں اطلاعات کے مطابق سکیورٹی فورسز نے سزا سے استثنا کے ساتھ لوگوں کی املاک پر قبضہ کر لیا ہے۔ کچھ دیہات میں طاقت کے حد سے زیادہ استعمال کی دلخراش اطلاعات موصول ہوئی ہیں جہاں کوئی بھی گھر سلامت نہیں رہا اور مقامی آبادی کو اس حملے سے بچنے کے لئے محفوظ مقامات پر پناہ لینا پڑی۔

یہ بات انتہائی اہم ہے کہ سکیورٹی فورسز کو کھلی چھوٹ نہ دی جائے اور حدود سے تجاوز کی روک تھام اور احتساب کو یقینی بنانے کے لئے ان کے آپریشنز کی سخت نگرانی کی جائے۔ حراست میں موت، نام نہاد پولیس مقابلوں اور سکیورٹی فورسز کے ہاتھوں ہونے والی ہلاکتوں کے تمام واقعات کی نگران کمیٹیوں کے ذریعے تحقیقات کرائی جائیں۔ یہ کمیٹیاں سول سوسائٹی کے اداروں کے نمائندوں پر مشتمل ہونی چاہئیں۔

دسمبر 2014ء میں آرمی پبلک اسکول پر حملے کے بعد انسداد دہشت گردی کے لئے بنائی گئی حکمت عملی پر عمل درآمد نہیں کیا گیا۔ نیکٹا کو فعال بنانے اور پولیس، عدلیہ اور مدارس میں اصلاحات لانے کے لئے کوئی پیش رفت نہیں کی گئی۔ اب تک نصاب پر کسی قسم کی معنی خیز نظر ثانی نہیں کی گئی۔ نفرت انگیز تقریر پر محض چند افراد کے خلاف کارروائی کی گئی۔

''عدالتی فورمز کو ایذا رسانی کے تمام الزامات کی تحقیقات کرنی چاہئیں اور جب قیدیوں کو ججوں کے سامنے پیش کیا جائے تو انہیں ان کا معائنہ کرنا چاہئے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ سکیورٹی فورسز نے انہیں تشدد کا نشانہ نہیں بنایا۔

''ایچ آر سی پی کو اقلیتوں اور خواتین کے لئے مخصوص نشستوں پر انتخابات کے انعقاد کے طریقہ کار شدید تحفظات ہیں۔ نمائندگی کی موجودہ سکیم منتخب افراد اور ان رائے دہندگان کے ساتھ ناانصافی ہے جن کی وہ اصولی طور پر نمائندگی کرتے ہیں۔ اراکین پارلیمنٹ کو قانون میں ترمیم کرکے ایک مخصوص نشستوں کے لئے ایک ایسا فارمولا تشکیل دینا چاہئے جو کردار کے اعتبار سے نمائندہ ہو اور جو سیاسی جماعتوں کی بجائے رائے دہندہ کی پسند پر مبنی ہو۔

''ایچ آر سی پی مطالبہ کرتا ہے کہ فاٹا میں رہنے والے لوگوں کے ساتھ امتیاز کا بلاتاخیر خاتمہ کیا جائے۔ اعلیٰ عدالتوں کا دائرہ اختیار فاٹا تک وسیع کیا جائے اور اس کے شہریوں کو اپنے حقوق کا تحفظ کرنے کے قابل بنایا جائے۔

''ایچ آر سی پی نیوز میڈیا پر بڑھتی ہوئی اعلانیہ اور خفیہ پابندیوں کی مذمت کرتا ہے اور امید کرتا ہے کہ میڈیا کے ادارے اور صحافی اپنے پیشہ ورانہ وقار اور آزادی کا تحفظ کریں گے اور میڈیا کے خلاف سازباز کرنے کی تمام کوششوں کی مزاحمت کریں گے۔

''متشدد رجعت پسند عناصر کو طلباء یونینز کے نام پر تعلیمی اداروں میں بے لگام چھوڑ دیا گیا ہے اور وہاں انہیں اپنی اجارہ داری قائم کرنے کی اجازت دی گئی ہے جبکہ دوسروں کو اجتماع کی آزادی نہیں دی گئی۔ طلباء یونین بحال کی جائیں اور تعلیمی اداروں میں تشدد کا خاتمہ کیا جائے۔

''سول سوسائٹی کی تنظیموں کو بدنام کرنے اور حکام کی جانب سے اصلاحی اقدامات نہ کئے جانے کی وجہ سے انسانی حقوق کے محافظین کے لئے کام کا ماحول انتہائی غیر محفوظ ہو چکا ہے۔ پاکستان میں سول سوسائٹی کی تنظیمیں حکام کی کارروائیوں کے باوجود کام کررہی ہیں۔ اندراج کی نئی شرائط کے علاوہ سول سوسائٹی کی تنظیموں کو ہراساں کرنا اور انہیں دھمکیاں دینا معمول بن چکا ہے۔

''ملک میں اندرونی طور پر بے دخل ہونے والے افراد کی حالت زار کو مکمل طور پر بھلا دیا گیا ہے۔ اندرونی بے دخلی کے حوالے سے درپیش چیلنجوں کے ازالے کے لئے ایک طویل المدت موثر پالیسی اپنانے کے لئے کوئی اقدامات نہیں کئے گئے۔

''ایچ آر سی پی اس بات کی مذمت کرتا ہے کہ حکومت نے اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کوئی اقدامات نہیں کئے کہ خواتین کو ووٹ ڈالنے سے نہ روکا جائے، حالانکہ بعض اوقات حکومت کو اس بات کا پہلے سے علم تھا۔ وہ خواتین جو مختلف خطرات اور خوف کے باعث ووٹ دینے کی جرأت نہیں کرتیں انہیں اعلیٰ عدالتوں سے رجوع کرنے کو کہنا توقعات کا تضاد ہے۔ ریاست کو اپنی ذمہ داریوں سے پہلوتہی نہیں کرنی چاہئے اور اسے اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ لوگوں کی جانب سے پٹیشن درج کرائے جانے کا انتظار کئے بغیر اس کھلم کھلا امتیاز کی روک تھام کی جائے۔

آخر میں ایچ آر سی پی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ قومی کمیشن برائے انسانی حقوق کو مطلوبہ وسائل فراہم کرے تاکہ یہ اپنا کام موثر طور پر سرانجام دے سکے۔

[پریس ریلیز۔ لاہور۔ 03 اپریل، 2016]

ہاؤسنگ منصوبے کی جانب سے زمینوں پر قبضے کے طریقے کی تحقیقات کی جائیں

پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق (ایچ آر سی پی) ملک کے سب سے بڑے رئیل اسٹیٹ ڈویلپر کی جانب سے کراچی میں زمین کے حصول سے متعلق طریقہ کار کی فوری اور مکمل تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے اور ان اطلاعات پر تشویش کا اظہار کیا ہے کہ ریاستی عناصر حقیقی مالکان کو ان کی زمینوں سے محروم کرنے کے لئے جابرانہ اختیارات استعمال کررہے ہیں۔

منگل کو جاری ہونے والے ایک بیان میں کمیشن نے کہا ''ڈان اخبار میں پیر کو ''بحریہ ٹاؤن کراچی: لامحدود لالچ'' کے عنوان سے شائع ہونے والی رپورٹ ایچ آر سی پی کو موصول ہونے والی سابقہ اطلاعات کی تائید کرتی ہے۔ ان اطلاعات کے مطابق ملک کے سب سے بڑے رئیل اسٹیٹ ڈویلپر، جو ایشیا کی سب سے بڑی نجی ہاؤسنگ سوسائٹی ہونے پر نازاں ہیں، نے کراچی کے ضلع ملیر کے درجنوں گوٹھ میں غریب رہائشیوں سے زمین حاصل کرنے کے لئے ان پر دباؤ ڈالا اور انہیں بلیک میل کیا، اور ان کی زمین پر زبردستی قبضہ کرلیا۔

''میڈیا کی رپورٹس میں ان گوٹھوں میں مشترکہ اور دیگر اراضی پر قبضے، رہائشیوں کی بے دخلی اور ایسی سرگرمیوں جن کو اغواء برائے تاوان کے علاوہ کوئی نام نہیں لیا جاسکتا، گوٹھ کے غریب رہائشیوں کے انخلاء کے لئے انتظامیہ کی جانب سے جابرانہ اختیارات کا استعمال اور پولیس کے چھاپوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ ان کارروائیوں کا مقصد رہائشیوں کو اپنی زمین سے دستبردار ہونے یا انہیں سستے داموں فروخت کرنے پر مجبور کرنا اور ان علاقوں پر قبضہ کرنا ہے جو ان لوگوں کی مشترکہ ملکیت ہیں۔

''یہ بہت سنگین الزامات ہیں اور ایچ آر سی پی امید کرتا ہے کہ ان کی فوری طور پر مکمل تحقیقات کی جائیں گی، خاص طور پر اس لیے کیونکہ زمین ہتھیانے کے سلسلے میں پولیس اور سندھ میں حکمران سیاسی جماعت سے تعلق رکھنے والے افراد کا مبینہ کردار بھی بتایا گیا ہے۔ ایچ آر سی پی اس بات پر زور دیتا ہے کہ متاثرہ آبادی کو اس سکینڈل کی تحقیقات کرنے والے فورم تک آسان رسائی دی جائے اور اس فورم کو متاثرہ لوگوں کی تجربے اور حالت زار کو سمجھنے اور ان کے مسائل کے حل کی مخلصانہ کوشش کرنی چاہئے۔

''گوٹھ کے رہائشیوں کو ان کی زمین سے بے دخل کرنے کے حوالے سے پولیس یا سیاسی جماعتوں کی رئیل اسٹیٹ ڈویلپر کے ساتھ کسی بھی قسم کی ملی بھگت کی خاص طور پر چھان بین کی جانی چاہئے۔

''ضلع ملیر کا یہ سکینڈل گوٹھوں کو باضابطہ بنانے کی اہمیت کی بھی نشاندہی کرتا ہے جو ہزاروں لوگوں کا مسکن ہیں، اور جہاں قانونی استحقاق اور رواجی ملکیتی حقوق کی عدم موجودگی کی وجہ سے رئیل اسٹیٹ ڈویلپرز کو گوٹھ کے غریب مکینوں پر حملہ کرنے کا موقع ملا۔ اس سے اورنگی پائلٹ پراجیکٹ اور خاص طور پر اس کی سابق سربراہ پروین رحمان کی جانب سے گوٹھوں کو باضابطہ بنانے کے حوالے سے 2006ء سے 2013ء تک کی گئی جدوجہد کی اہمیت بھی نمایاں ہوتی ہے۔

''اس مسئلے کو اجاگر کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ زمین کے حصول کے حوالے سے غیر اخلاقی اور غیر قانونی کارروائیاں کسی ایک رئیل اسٹیٹ ڈویلپر تک محدود

ہیں، اور یہی وجہ ہے کہ لینڈ مافیا اور رئیل اسٹیٹ ڈویلپرز کو غریبوں کو نشانہ بنا کر پیسے بنانے سے روکنے کے لئے حفاظتی اقدامات اور ریاستی ضوابط کا ہونا نہایت ضروری ہے۔

''غریبوں کی رہائشی ضروریات کو پورا کرنے میں ریاست کی نااہلی اور عدم دلچسپی سے سب واقف ہیں۔ اگر یہ ثابت ہو کہ یہ مقامی رہائشیوں کی تباہی اور بے دخلی کی قیمت پر بااثر لوگوں کی رہائش کے لئے زمینوں پر قبضہ کرنے کے لئے اپنی طاقت کا استعمال کر رہی ہے تو یہ اس سے بھی بڑا المیہ ہوگا۔

''یہ سکینڈل اس بات کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے کہ ریاست کا کردار ایک نگران کا ہونا چاہئے جسے اپنے شہریوں کے مفاد کا خیال رکھنا چاہئے۔ شکایت اور تلافی کے موجودہ نظام کا بھی جائزہ لیا جانا چاہئے تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ ان غیر قانونی سرگرمیوں کو کیوں نہیں روکا گیا جو کہ ایک اخبار کی جانب سے شائع ہونے والی خبر سے پہلے بھی کوئی راز نہیں تھیں۔

[پریس ریلیز۔لاہور۔19اپریل،2016]

انجمن مزارعین پنجاب کے کسانوں کے خلاف طاقت کے استعمال سے گریز کیا جائے

پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق (ایچ آر سی پی) نے انتظامیہ کی جانب سے انجمن مزارعین پنجاب (اے ایم پی) سے وابستہ کسانوں کو پرامن احتجاج اور ایک کنونشن کے انعقاد کا حق نہ دیے جانے پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اس کنونشن کا مقصد ان کے اس زمین کی ملکیت کے حق کے لئے کی گئی طویل جدوجہد کی جانب توجہ دلانا تھا جس پر وہ کئی دہائیوں سے کاشت کرتے آرہے ہیں۔

پیر کو جاری ہونے والے ایک بیان میں کمیشن نے کہا کہ اوکاڑہ کی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کسانوں کو اتوار کے روز، کسانوں کے عالمی دن کے موقع پر، کنونشن کی اجازت نہ دینا اور پانچ یا اس سے زائد لوگوں کے اجتماع پر پابندی عائد کرنا ایک ایسا حربہ معلوم ہوتا ہے جس کا مقصد اختلاف رائے رکھنے والوں کو خاموش کرنا اور کسانوں کو اپنے مسائل اجاگر کرنے سے روکنا ہے۔

کمیشن نے کہا ''زمین کی ملکیت کے حقوق اور زرعی وسائل کی منصفانہ تقسیم کا مطالبہ کرنے والے کسانوں کے خلاف طاقت کا استعمال کرنے اور ان پر قومی ایکشن پلان (نیپ) کا اطلاق کرنے کا مقصد بظاہر انہیں اپنے حقوق کا مطالبہ کرنے سے روکنا ہے۔''

''ایچ آر سی پی کا حکومت کو مشورہ ہے کہ یہ کسانوں کے خلاف سخت اور استبدانہ کارروائی کرنے اور ان کے خلاف مقدمات پر مقدمات بنانے سے گریز کرے۔ یہ حکام پر زور دیتا ہے کہ وہ کسانوں کے ساتھ بامقصد مذاکرات کریں تاکہ انجمن مزارعین پنجاب سے وابستہ کسانوں اور فوج کے درمیان ایک طویل عرصے سے جاری تکرار کا حل تلاش کیا جاسکے۔ فوج اس زمین کی ملکیت کا دعویٰ کر رہی ہے جس پر انجمن مزارعین کے کسان کئی نسلوں سے کاشت کرتے آرہے ہیں۔ ایچ آر سی پی حکام سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ کسانوں پر انسداد دہشت گردی فریم ورک کا اطلاق نہ کیا جائے اور ان کے پرامن احتجاج اور اجتماع کی آزادی کے حق کا احترام کیا جائے۔

[پریس ریلیز۔لاہور۔18اپریل،2016]

قلات میں فوجی آپریشن کے نتیجے میں ہونے والی ہلاکتوں کی اطلاعات باعث تشویش ہیں

قلات کے علاقے جوہان، اور مستونگ کے علاقے اسپلنگی سے موصول ہونے والی یہ خبریں پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق (ایچ آر سی پی) کے لئے تشویش کا باعث ہیں کہ ان علاقوں میں مبینہ فوجی آپریشن کے نتیجے میں بڑی تعداد میں عام شہری ہلاک ہوئے ہیں۔ اگرچہ ان علاقوں تک رسائی نہ ہونے کے باعث ان خبروں کی آزادانہ تصدیق ممکن نہیں تاہم شہریوں کا کہنا ہے کہ سول ہسپتال کوئٹہ میں 27 نعشیں لائی گئی ہیں جہاں اطلاعات کے مطابق نعشوں کی شناخت کی اجازت نہیں دی گئی۔ ایچ آر سی پی تمام حکام سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ طاقت کا اندھا دھند اور حد سے زیادہ استعمال نہ کیا جائے، جس کی کسی بھی صورت اجازت نہیں دی جاسکتی۔ اس سے بلوچستان کے لوگوں میں بیگانگی کا احساس بڑھے گا اور اس سے حکومت یا سیکورٹی فورسز کو کسی قسم کی حمایت ملنے کا بھی کوئی امکان نہیں۔

[پریس ریلیز۔لاہور۔12اپریل،2016]

سنیے اور جانیے

انسان ہونے کے ناطے اور پاکستان کے شہری کے طور پر ہمارے کچھ واضح حقوق اور کچھ ذمہ داریاں ہیں۔ دیکھا گیا ہے کہ ان حقوق اور ذمہ داریوں سے متعلق ہمیں معلومات یا تو مل نہیں پاتیں یا ملتی ہیں تو ناقص۔ یوں نہ تو ہم یہ جان پاتے ہیں کہ دوسروں کے حوالے سے ہماری کیا ذمہ داریاں ہیں اور نہ ہی ہمیں یہ علم ہوتا ہے کہ ہمارے اپنے حقوق کیا ہیں۔ اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیے، پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق نے ریڈیو کا سہارا لیا ہے کیوں کہ اس کی پہنچ دور دراز علاقوں تک ہے۔

ریڈیو پیغامات اور پروگرامز کا مقصد یہ ہے کہ شہری اپنے حقوق اور ذمہ داریوں سے مکمل طور پر آگاہ ہو کر نہ صرف اپنے حقوق حاصل کر سکیں اور اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو سکیں بلکہ ملک میں امن، برداشت اور جمہوریت کو فروغ دے کر انفرادی اور اجتماعی تعمیر و ترقی کا ساماں کریں۔

ایف ایم 101 کے 19 سٹیشنز سے

یہ پیغامات ہر روز نو سے دس بجے، بارہ سے ایک بجے اور چار سے پانچ بجے کے دوران میں اور پروگرام ہر ہفتہ اور اتوار کو دوپہر بارہ بج کر تیس منٹ پر نشر کیے جاتے ہیں۔

پیغامات اور پروگرام آپ ہماری ویب سائٹ
http://hrcp-web.org/hrcpweb/hrcp-radio/
پر بھی سن سکتے ہیں

پنچائیت کے حکم پر محنت کش خاتون کو جنسی تشدد کا نشانہ بنایا گیا

جتوئی: ضلع مظفر گڑھ کے تھانہ بیٹ میر ھزار کے نواحی علاقہ موضع لنڈی پتافی کی رہائشی مسماۃ بچل مائی زوجہ بلال احمد کو پنچائیت کے حکم پر جنسی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ایچ آر سی پی، ملتان ٹاسک فورس ملتان نے واقعہ کی چھان بین کے لیے ایک فیکٹ فائنڈنگ ٹیم تشکیل دی۔ٹیم نے جائے وقوعہ کا دورہ کیا اور حقائق قلمبند کئے جو کہ درج ذیل ہیں۔

وقوعہ کا پس منظر: متاثرہ بچل مائی کا بیان:

فیکٹ فائنڈنگ ٹیم نے واقعہ کے حقائق جاننے کے لئے سب سے پہلے متاثرہ بچل مائی بعمر 37/38 سال کے گھر گئی جو گھر میں اپنے خاوند اور بچوں کے ساتھ موجود تھی۔ اس نے بتایا کہ 28 جنوری 2016 کو وہ اپنے پانچ بچوں اور خاوند بلال احمد کے ساتھ گھر میں موجود تھی کہ نور محمد ولد فقیر حسین جو کہ میرے خاوند کا چچازاد بھائی بھی ہے آیا اور اس سے شکایت کی کہ اس کے دیور عبدالمالک سکنہ جھول چوک جام پور نے گزشتہ رات اس کے گھر میں بری نیت کے ساتھ داخل ہوا۔اس کے جاگنے پر بھاگ گیا۔اس دوران اندر سے اس کا خاوند بلال احمد آ گیا جس نے ساری بات سننے کے بعد کہا کہ وہ وقوعہ کے متعلق دریافت کر کے رابطہ کرے گا۔شام کے وقت نور محمد دوبارہ گھر آ گیا اور کہا کہ اس کے گھر میں برادری کے لوگ اور پنچائیت کے سرپنچ غلام مرتضی، عطا اللہ اور عبدالخالق اکٹھے ہوئے بیٹھے ہیں جو آپ لوگوں کو بلا رہے ہیں۔جس پر وہ اپنے خاوند بلال احمد کے ساتھ قرآن پاک ساتھ لے کر اپنے دیور عبدالمالک کی بے گناہی ثابت کرنے کے لئے نور محمد کے گھر پہنچے۔ جہاں پر پنچائت کے سربراہ کے علاوہ علاقہ کے رہائشی عمر مٹھا ولد نور محمد، رشید احمد ولد رحیم بخش، جاوید ولد لعل، اکبر ولد اللہ بخش، ریاض ولد اللہ بخش، محمد یار ولد غلام قادر موجود تھے۔ جونہی وہ لوگ گھر میں داخل ہوئے ملزمان عمر مٹھا اور غلام قادر نے مجھے زبردستی پکڑ کر کمرے میں بند کر دیا۔اس دوران باقی جملہ ملزمان بھی اندر کمرے میں آ گئے۔اس کے کپڑے پھاڑ دیئے اور اسے اجتماعی جنسی تشدد کا نشانہ بنایا۔متاثرہ بچل مائی نے مزید بتایا کہ ملزمان انتہائی بااثر ہیں اور سیاسی اثر رسوخ رکھتے ہیں جس کی وجہ سے پولیس تھانہ بیٹ میر ہزار نے اس کا مقدمہ میرے حقیقی بیان کے برعکس درج کیا ہے اور اس کے دیور عبدالمالک کے خلاف بھی جھوٹا مقدمہ درج کر لیا ہے۔اس کے دیور کی ضمانت قبل از گرفتاری ہونے کے باوجود پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔مقامی پولیس ان پر ملزمان سے صلح کرنے کے لئے دباؤ ڈال رہی ہے۔ملزمان کی جانب سے اسے اور اس کے اہل خانہ کو جان سے مار دینے کی دھمکیاں مل رہی ہیں۔انہیں انصاف اور تحفظ فراہم کیا جائے۔

بلال احمد (خاوند متاثرہ بچل مائی) کا بیان:

متاثرہ بچل مائی کے خاوند بلال احمد نے HRCP کی ٹیم کو بتایا کہ 28 جنوری 2016 کو وہ اپنے اہل خانہ کے ساتھ گھر میں موجود تھا کہ اس کے رشتہ دار نور محمد ولد فقیر محمد نے آ کر شکایت کی کہ اس کے بھائی عبدالمالک نے گھر میں گھس کر اس کی بیٹی تسلیم مائی بیوہ عبدالرشید کے ساتھ ناجائز تعلقات استوار کرنے کی کوشش کی ہے۔جس پر اس نے نور محمد سے کہا کہ ’’میرا بھائی عبدالمالک قبول چوک تحصیل جام پور ضلع ڈیرہ غازی خان میں رہتا ہے وہ تو ادھر آتا ہی نہیں ہے وہ اپنے بھائی کی ہر طرح کی صفائی دینے کو تیار ہے‘‘۔اس پر نور محمد غصے سے چلا گیا اور تھوڑی دیر بعد دوبارہ واپس آ گیا اور کہا کہ اس کے گھر میں برادری کے بڑے لوگ اکٹھے ہوئے بیٹھے ہیں۔اس نے مجھے اپنے ساتھ چلنے اور اپنے بھائی کی بے گناہی کا ثبوت دینے کو کہا۔جس پر وہ اور اس کی بیوی بچل مائی نور محمد کے گھر چلے گئے۔وہاں پر غلام مرتضی، عطاء اللہ اور عبدالخالق جو پنچائیت کے سربراہ تھے موجود تھے۔دیگر ملزمان کے علاوہ 10/12 لوگ اور بھی موجود تھے۔جب اُس نے بات شروع کی تو اچانک ملزمان عمر مٹھا اور محمد یار نے اس کی بیوی بچل مائی کو زبردستی پکڑ لیا اور کہا کہ ’’جس طرح تمہارے بھائی نے ہماری عزت پر ہاتھ ڈالا ہے ہم اسکا بدلہ بچل مائی سے لیں گے‘‘۔اور میری بیوی کو کمرے میں بند کر دیا۔6 ملزمان نے بچل مائی کو جنسی تشدد کا نشانہ بنایا۔اس نے پنچائیت کے لوگوں کی منت سماجت کی مگر کسی نے بھی اس کی نہ سنی۔ملزمان نے ان کے ساتھ بڑا ظلم کیا ہے۔وہ اپنی بیوی بچل مائی کو اسی حالت میں تھانہ بیٹ میر ھزار لے گیا۔پہلے تو پولیس نے ٹال مٹول سے کام لیا مگر اہل علاقہ کے احتجاج پر پولیس نے مقدمہ درج تو کر لیا مگر ساتھ ہی ملزمان نے پولیس سے ساز باز کر کے اس کے بھائی عبدالمالک کے خلاف وقوعہ ھذا سے ایک دن قبل کا جھوٹا مقدمہ درج کرا دیا۔

اہل علاقہ کا بیان:

اسی علاقہ کے رہائشی محمد قاسم نے HRCP کی تحقیقاتی ٹیم کو بتایا کہ دونوں فریقین اس کے ہمسائے ہیں۔ملزمان نور محمد وغیرہ نے واقعی بچل مائی کے ساتھ ظلم کیا ہے۔پنچائیت جو غلام مرتضی، عطاء اللہ اور عبدالخالق کی سربراہی میں ہو رہی تھی ان کی موجودگی میں بچل مائی کو ملزمان عمر مٹھا اور جاوید وغیرہ نے کمرے میں لے جا کر جنسی و جسمانی تشدد کا نشانہ بنایا۔مقامی پولیس بھی تمام ملزمان سے ملی ہوئی ہے۔

علاقہ کے رہائشی محمد سجاد نے بھی وقوعہ کی تائید کرتے ہوئے بتایا کہ ملزمان عمر مٹھا وغیرہ نے بچل مائی کے ساتھ زیادتی کی ہے لیکن یہ بات غلط ہے کہ پنچائیت کے فیصلے کی صورت میں یہ سب ہوا۔پنچائیت تو دونوں فریقین کا مئوقف سن رہی تھی کہ اسی دوران عمر مٹھا وغیرہ زبردستی بچل مائی کو گھسیٹتے ہوئے کمرے میں لے گئے اور زیادتی کا نشانہ بنایا۔جس کے شور اور چیخیں چلانے کی آوازیں لوگوں نے بھی سنی۔ملزمان کافی بااثر ہیں پولیس بھی ان کے ساتھ ملی ہوئی ہے۔جس کی وجہ سے علاقہ میں بھی خوف و ہراس ہے۔

پولیس کا مئوقف۔

ایچ آر سی پی کی فیکٹ فائنڈنگ ٹیم پولیس کا مئوقف جاننے کے لئے تھانہ بیٹ میر ہزار پہنچی جہاں پر ایس ایچ او مطیع اللہ خان نے بتایا کہ متاثرہ بچل مائی کے بیان کے مطابق پولیس نے مقدمہ نمبر 14/16 مورخہ 29/01/2016 بجرم 376/511/342/354 ت پ درج رجسٹر کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔متاثرہ بچل مائی اور گرفتار ملزمان کو ڈی این اے ٹیسٹ کے لئے لاہور لے کر جا رہے ہیں۔اس کیس کی مکمل تفتیش ایس۔پی اویس ملک کر رہے ہیں۔بچل مائی کے دیور عبدالمالک کے خلاف بھی مسماۃ تسلیم مائی بیوہ عبدالرشید قوم کیہل کے بیان پر مقدمہ نمبر 13/16 29/01/2016 بجرم 496.A/376.1 درج کر کے ملزم عبدالمالک کو گرفتار کر کے حوالات بند کر دیا گیا ہے۔اسے بھی ڈی این اے ٹیسٹ کے لئے لاہور لے جانا ہے۔مزید یہ بھی کہا کہ متاثرہ بچل مائی تفتیش کے لئے پولیس سے تعاون نہیں کر رہی۔ٹیم نے مذکورہ ایس ایچ او کو بتایا کہ بچل مائی کے دیور عبدالمالک کی ضمانت قبل از وقت گرفتاری ہو چکی ہے تو پھر اسے گرفتار کیوں کیا گیا؟ اس بات پر ایس ایچ او نے کہا کہ اسے پاس عبدالمالک کا ضمانت نامہ نہیں ملا۔

مشاہدات:

1۔ حالات اور واقعات سے اس بات کا صاف پتہ چلتا ہے کہ مقامی پولیس غیر جانبداری سے مقدمہ کی تفتیش نہیں کر رہی کیونکہ جب بچل مائی کے دیور عبدالمالک کی ضمانت قبل از وقت گرفتاری ہو چکی ہے تو پولیس نے اسے گرفتار کیوں کیا؟

2۔ پنچائیت کے سرپنچوں غلام مرتضی، عبدالخالق کو شامل تفتیش نہیں کیا گیا۔

3۔ بچل مائی نے پولیس پر یہ الزام لگایا کہ اس کے اصل بیان کے مطابق مقامی پولیس نے مقدمہ درج نہیں کیا۔پولیس نے جو بیان مقدمہ میں درج کیا ہے کہ اس نے تحریر نہیں کرایا تھا۔

4۔ ملزمان کے اثر ورسوخ اور سیاسی پشت پناہی سے اہل علاقہ بھی خوف کا شکار ہیں۔

سفارشات:

1۔ بچل مائی اور اس کے خاندان کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

2۔ کسی اعلی عہدے کے افسر سے مقدمہ کی غیر جانبدارانہ تفتیش کرائی جائے۔

3۔ تمام ثبوت اور شہادتوں کو تفتیش کا حصہ بنایا جائے۔

4۔ پنچائیت منعقد کرنے والے اور پنچائیت کے سربراہان کے خلاف بھی مقدمہ درج کیا جائے اور انہیں فوری طور پر گرفتار کیا جائے۔

5۔ مقدمہ میں دہشت گردی کی دفعات بھی لگائی جائیں

6۔ خواتین پر بڑھتے ہوئے جنسی تشدد کے بدترین واقعات کے خلاف حکومت کو مئوثر قانون سازی کرنی چاہیے۔

HRCP کی فیکٹ فائنڈنگ ٹیم میں صبیحہ رسول، شمشیر جعفری اور فیصل محمود تنگوانی شامل تھے۔

(ایچ آر سی پی، ملتان ٹاسک فورس)

انصاف کے منتظر بچے

پیٹر جیکب

17 مئی سے 2 جون 2016 تک جنیوا میں بچوں کے حقوق پر اقوام متحدہ کی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوگا جس میں بچوں کے حقوق کے میثاق پر عملدر آمد کے حوالے سے پاکستان میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا جائے گا۔ اجلاس میں حکومتی نمائندوں اور کمیٹی کے مابین باہمی گفت وشنید ہوگی۔ کمیٹی بچوں کے حقوق کے 18 ماہرین پر مشتمل ہے جو اعلیٰ درجے کی قابلیت اور اچھی ساکھ کے حامل ہیں۔

مسلمہ روایت کی رو سے، بچوں کے حقوق پر کام کرنے والی عالمی اور ملکی غیر سرکاری تنظیمیں (این جی اوز) تیسرے فریق کے طور پر نظر ثانی کے عمل میں شریک ہوں گی۔ ان تنظیموں کی طرف سے معاملات کی فہرست کو ترتیب دی جاتی ہے اور سفارشات پیش کی جاتی ہیں۔ این جی اوز کی پیش کردہ سفارشات کو ''متبادل رپورٹ'' کہا جاتا ہے۔ چنانچہ، این جی اوز کمیٹی کے ذریعے بلواسطہ طور پر اس بحث کا حصہ بنتی ہیں۔ این جی اوز کی جانب سے حسب توقع کئی دستاویزات پیش کی جاتی ہیں۔ ایک اہم دستاویز ملکی این جی اوز کے نیٹ ورک ''چائلڈ رائٹس موومنٹ پاکستان'' کی طرف سے پیش کی جائے گی۔ نظر ثانی کے عمل میں 2014 میں پاکستان کی پیش کردہ پانچویں سلسلہ وار رپورٹ کا جائزہ لیا جائے گا، تاہم اس میں پچھلی چاروں رپورٹس کا جائزہ بھی لیا جائے گا جن میں عالمی قانون کی پیروی کے دعووں، فریق ریاست کو ارسال کردہ معاملات کی فہرست اور اب تک کمیٹی کی پیش کی گئی تمام سفارشات شامل ہیں۔ چنانچہ، اس عمل کا مقصد بچوں کے حقوق کے تمام اہم معاملات کا منظّم انداز میں جائزہ لینا ہے۔ حالیہ نظر ثانی کے عمل میں حکومت نے مارچ 2016 میں معاملات کی فہرست کے متعلق کمیٹی کو تحریری جواب پیش کیا تھا جن معاملات کے متعلق کمیٹی نے حکومت سے جواب طلب کیا تھا۔ کمیٹی نے بچوں کے لئے نظام انصاف کے آرڈیننس 2000 جسے پاکستان میں عام طور پر جے جے ایس او کہا جاتا ہے، پر ہونے والی پیش رفت کے متعلق بھی پوچھا تھا۔

آئیے، عالمی ادارے کی نظر ثانی سے قبل پاکستان کے مئوقف پر ایک نظر ڈالتے ہیں تاکہ ہمیں عام طور پر بچوں کے حقوق اور خاص طور پر بچوں کے لئے نظام انصاف کے متعلق پاکستان کی ریاستی پالیسی میں پائے جانے والے رجحانات (یا ان کی عدم موجودگی) کا اندازہ ہو سکے۔

ہماری پہلی ملکی رپورٹ 1993 میں پیش ہوئی جو قدرے طویل تھی، اس میں بچوں کے لیے نظام انصاف کا کوئی خاص ذکر نہیں تھا، اگرچہ اس میں قانون کی خلاف ورزی کا مرتکب بننے والے بچوں کے لیے بعض تحفظات موجود تھے۔ ہماری دوسری رپورٹ 2003 میں پیش کی گئی جس میں فتح و کامرانی کا اظہار کیا گیا۔ رپورٹ میں کہا گیا: ''2000 تک، قانون کی خلاف ورزی کا ارتکاب کرنے والے بچوں کے لیے باضابطہ ملکی قانون سازی موجود نہیں تھی۔ بالغ افراد کی طرح بچے بھی ضابطہ تعزیرات پاکستان اور مجموعہ ضابطہ فوجداری کے تابع تھے۔ اب، بچوں کے لیے نظام انصاف آرڈیننس 2000 کی بدولت ایسی بے ضابطگیاں ختم کردی گئی ہیں۔ یہ آرڈیننس ایک وفاقی قانون ہے اور تمام صوبائی قوانین سے بالاتر ہے''۔

ہماری اگلی رپورٹ حسب توقع دو برس تاخیر سے پیش ہوئی، چنانچہ تیسری اور چوتھی رپورٹس 2009 میں ایک ساتھ پیش کی گئیں۔ حیران کن امر یہ ہے کہ جے جے ایس او متعارف ہونے کے آٹھ برس بعد اور کمیٹی کو میثاق پر عملدر آمد سے متعلق پیش کی گئی ہماری آخری رپورٹ کے پانچ برس بعد بھی غیر نافذ شدہ حالت میں ہی رہا۔ حکومت تبدیل ہوگئی، رپورٹ میں گذشتہ دور حکومت میں کی گئی غلطیوں کا کھلے عام اعتراف کیا گیا۔

> پاکستانی بچے جب کبھی قانون کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتے ہیں، بسا اوقات ایسے حالات کے سبب جو ان کے کنٹرول یا فہم سے ماوراہوتے ہیں تو وہ بھی دیگر ممالک کے بچوں کی طرح انصاف کا نرم چہرہ دیکھنے کے مستحق ہیں۔

رپورٹ میں کہا گیا ''پاکستان میں غیر تحویل سزا کا واحد نظام آزمائشی مدت ہے، مگر اس نظام کے متعلق اور اس کی اہمیت کے بارے میں آگاہی کی کمی ہے۔ پولیس، جیل کے عہدیداران اور حتی کہ نچلی عدالتوں کی سطح پر بھی آزمائشی مدت کے نظام کی آگاہی کی کمی ہے۔ آزمائشی مدت پر بچوں کی رہائی ملک میں پروبیشن آفیسرز کی کمی کے باعث شدید متاثر ہو رہی ہے۔ اور کئی اضلاع میں تاحال کوئی پروبیشن افسر تعینات نہیں''۔ 2015 میں کمیٹی کو پیش کی گئی رپورٹ میں کہا گیا کہ ''حکومت جے جے ایس او میں ترمیم کرنے کے بارے میں غور کررہی ہے تاکہ اسے بچوں کے حقوق کے میثاق اور اقوام متحدہ کے معاہدات کی مطابقت میں لایا جا سکے۔ چنانچہ، اگر کوئی فرد یہ دیکھنا چاہے کہ پاکستان نے بچوں کے لیے نظام انصاف پر عالمی قانون کی کس حد تک پاسداری کی ہے تو اس کی ترتیب وار روداد کچھ یوں ہے: 2009 میں کسی قسم کے خاص عہد و پیمان نہیں کیے گئے تھے، 2003 میں قانون کی منظوری پر قابل ستائش قرار پانے کا دعوی کیا گیا مگر اسے نافذ ہی نہ کیا، 2009 میں قانون نافذ کرنے میں ناکامی کا اعتراف کیا گیا جبکہ 2015 میں ایک بار پھر نئی قانون سازی کی گئی۔ یقیناً، 25 برس کے دوران اس طرح کی پیش رفت ہمارے لیے فخر کا سبب نہیں ہوسکتی۔ ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم اس بات کا بغور جائزہ لیں کہ ایسی کونسی چیز ہے جو ہمارے نظام کی ناکامی کا سبب ہے اور قانون و پالیسیوں میں بہتری نہیں آنے دے رہی۔ میں نے ناکامیوں کی متعدد مثالوں میں سے جے جے ایس او کا انتخاب اس لیے کیا ہے کیونکہ نظریات اور عمل کا تضاد یہاں نمایاں نظر آتا ہے۔

اول، نابالغ مجرموں کے لیے خاص ضوابط کا مطلب یہ ہے کہ غیر محفوظ انسان ہونے کی حیثیت سے ان کے ساتھ ہمدردانہ سلوک کیا جائے۔۔۔۔ ایک ایسی حقیقت جس پر ہمارا قانونی نظام یقین نہیں رکھتا۔ گذشتہ 25 برسوں میں منظور ہونیوالے قوانین میں عام طور پر سخت اور طویل سزائیں متعارف کی گئیں ہیں۔ یہاں تک کہ انسداد دہشت گردی کی بنیاد بھی سخت انصاف کے تصور پر رکھی گئی ہے، یہ جانتے ہوئے بھی کہ دہشت گردی کے واقعات کے کئی ملزمان یا مجرم نابالغ ہوتے ہیں۔ چنانچہ قانونی حکمت عملی اور معاشرے میں قانون کی پیدا کردہ سوچ، دونوں بچوں کے لیے نظام انصاف کے تصور سے منافی ہیں۔

دوئم، کسی خاص عمر کے گروہ کے لیے انصاف کے نظام کا خواب دیکھنا مجموعی طور پر پورے نظام انصاف میں ترمیم کیے بغیر بے معنی ہے۔ سوئم، ادارہ جاتی اصلاحات کی بنیاد پر مبنی انسانی حقوق کے تصور اور سیاسی نظام کی اصلاح کی ضرورت کو ریاستی عہدیداران نے ابھی تک تسلیم نہیں کیا۔ غیر تسلی بخش رسمی اصلاحات اور برائے نام ادارہ جاتی انتظامات کامیاب نہیں ہوتے اور بالآخر نفاذ کنندگان کی حوصلہ شکنی کا باعث بنتے ہیں۔

درحقیقت، سلسلہ وار نظر ثانی اور پاکستان کی جانب سے رپورٹنگ کا عمل اس وقت تک بامعنی نہیں ہوسکتا جب تک فیصلہ سازی اور رپورٹنگ کے مابین پائے جانیوالے خلاء کو پر نہیں کیا جاتا۔ شہریوں اور متعلقہ گروہوں کو معاہدات کے نفاذ کے اداروں میں شریک کرنا انتہائی ضروری ہے۔

اگرچہ جی ایس پی پلس کی شرائط پر عملدر آمد کے لیے حال ہی میں وفاقی اور صوبائی سطحوں پر میثاق کے نفاذ کے یونٹ قائم کیے گئے ہیں اور وفاقی وزارت قانون، انصاف و انسانی حقوق کے رپورٹنگ کے شعبے رپورٹس کے انبار کو نبٹانے کا کام جانفشانی سے کر رہے ہیں مگر وفاقی و صوبائی اسمبلیوں یا کابینہ میں میثاق کے نفاذ کی نگرانی کا کوئی نظام موجود نہیں۔

انسانی حقوق کے نفاذ میں بہتری لانے کے محض دعوے نہ تو عالمی اداروں کو اور نہ ہی ذرائع ابلاغ اور پاکستان کے لوگوں کو مطمئن کرسکتے ہیں۔ پاکستانی بچے جب کبھی قانون کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتے ہیں، بسا اوقات ایسے حالات کے سبب جو ان کے کنٹرول یا فہم سے ماورا ہوتے ہیں تو وہ بھی دیگر ممالک کے بچوں کی طرح انصاف کا نرم چہرہ دیکھنے کے مستحق ہیں۔

(انگریزی سے ترجمہ، بشکریہ ایکسپریس ٹریبون)

نوجوان کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے

شہداد کوٹ 20اپریل کو مسلح افراد کی فائرنگ سے قتل ہونے والے نوجوان نواب مغیری کے قاتلوں کی گرفتاری کے لئے ورثاء اور شہریوں نے احتجاجی مظاہرہ کیا ہے۔ مظاہرین کے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز تھے۔ مقتول نواب مغیری کے بھائی محمد عیسیٰ مغیری نے میڈیا کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میرے بھائی کو بیگناہ قتل کیا گیا ہے لیکن پولیس قاتلوں کو گرفتار کر کے انصاف دلانے کی بجائے ان سے رشوت لے کر سستی اور کاہلی کا مظاہرہ کر رہی ہے۔ قمبر علی خان پولیس سٹیشن نے مقتول نواب مغیری کے بھائی محمد عیسیٰ مغیری کی فریاد پر فدا حسین، خادم نظفر محمد، قمبر ذوالفقار، محمد علی، انور، روشن اور عابد مغیری پر قتل کا کیس داخل کر دیا۔

(ندیم جاوید)

2015ء میں پوری دنیا میں پھانسیاں دینے میں ریکارڈ اضافہ

اسلام آباد انسانی حقوق کے حوالے سے کام کرنے والی بین الاقوامی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل کا کہنا ہے کہ 2015ء میں پوری دنیا میں پھانسیاں دینے کی تعداد میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے اور ان پھانسیوں میں سے 90 فیصد 3 ممالک پاکستان، ایران اور سعودی عرب میں دی گئیں۔ ایمنسٹی کی حالیہ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 2015ء میں پوری دنیا میں کم از کم 634 افراد کو پھانسی دی گئی جبکہ 2014ء میں یہ تعداد 573 تھی۔ واضح رہے کہ یہ وہ تعداد ہے جن کا ریکارڈ منظر عام پر لایا گیا کیونکہ چین اور ویت نام پھانسیوں کو ''ریاستی راز'' کی طرح خفیہ رکھتے ہیں۔ ایمنسٹی کی رپورٹ کے مطابق 2015ء میں ایران میں کم از کم 977 افراد کو پھانسی دی گئی جبکہ 2014 میں یہ تعداد 743 تھی۔ پاکستان میں گزشتہ برس 320 سے زیادہ افراد کو پھانسی دی گئی جبکہ سعودی عرب میں پھانسیوں کی تعداد میں 76 فیصد اضافہ ہوا اور وہاں 158 افراد کو پھانسی دی گئی۔ ایمنسٹی کے مطابق 2015 میں ایران اور پاکستان میں ایسے افراد کو بھی پھانسی دی گئی جن کی عمر جرم کے وقت اٹھارہ سال کے کم تھی۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کے ساؤتھ ایشیاء ریجنل آفس کے ڈائریکٹر چمپا پٹیل کا کہنا تھا کہ گزشتہ برس پھانسیوں کی تعداد کے حوالے سے پاکستان تیسرے نمبر پر آ گیا ہے۔ 2015ء میں پاکستان میں 326 لوگوں کو سزائے موت دی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک ایسے وقت میں جبکہ زیادہ تر ممالک پھانسی کے خلاف ہیں، پاکستان کا تیزی سے مخالف سمت میں جانا خطرے کی علامت ہے۔ ایمنسٹی کے مطابق چین اب بھی پھانسی دینے والے ممالک میں سرفہرست ہے۔ اندازے کے مطابق 2015ء میں ہزاروں افراد کو موت کی سزا دی گئی جبکہ دیگر ہزاروں کو موت کی سزا سنائی گئی۔ موت کی سزا دینے والا پانچواں بڑا ملک امریکہ ہے جہاں 2015ء میں 28 افراد کو موت کی سزا دی گئی۔

(انگریزی سے ترجمہ بشکریہ ڈان)

نجی جیل سے 22 ہاری بازیاب

حیدرآباد سندھ ہائی کورٹ سرکٹ بنچ حیدرآباد نے عمرکوٹ پولیس کی جانب سے مقامی زمیندار کی مبینہ نجی جیل سے بازیاب کرائے گئے عالمان، پچھی سمیت ان کے خاندان کے 22 افراد کو آزاد کر دیا اور مرضی کے مطابق زندگی گزارنے کی اجازت دے دی۔ عمرکوٹ کے مہر بھیل نے عدالت میں ان کی بازیابی کے لیے درخواست دائر کی تھی کہ وہ اس کے خاندان کے دیگر افراد 2 سال سے عمرکوٹ کے قریب زمیندار کے پاس بطور ہاری کام کر رہے ہیں جوان کی محنت کا معاوضہ نہیں دیتا جبکہ حساب کتاب مانگنے پر زمیندار نے اس سمیت خاندان کے تمام افراد کو یرغمال بنالیا ہے۔ وہ خود بڑی مشکل سے وہاں سے فرار ہو کر حیدرآباد پہنچا ہے۔ اس نے عدالت سے استدعا کی تھی کہ اس کی اہلیہ عالمان، بیٹی پچھی سمیت اس کے خاندان کے 22 افراد کو بازیاب کرایا جائے۔ مذکورہ درخواست پر عدالت عالیہ نے ایس ایچ او عمرکوٹ کو زمیندار کی قید سے تمام افراد کی رہائی دلا کر عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیا تھا۔

(لالہ عبدالحلیم)

چوری کا الزام: 4 افراد کھولتے تیل پر چلنے پر مجبور

رحیم یار خان صوبہ پنجاب کے ضلع رحیم یار خان کے گاؤں چک 153۔پ میں ایک بااثر زمیندار نے نوعمر لڑکی سمیت چار افراد کو چوری کے الزام میں سزا کے طور پر کھولتے ہوئے تیل کے اوپر چلنے پر مجبور کیا۔ رپورٹس کے مطابق چند دن قبل زمیندار محسن کے گھر سے زیورات اور پیسے چوری ہوئے، زمیندار نے گاؤں کے رہائشی 24 سالہ کاشف، 21 سالہ شہزاد، 19 سالہ عاصم اور 14 سالہ سعدیہ پر چوری کا شبہ ظاہر کیا۔ جس کے بعد ایک جعلی روحانی عامل شوکت کے مشورے پر زمیندار نے چاروں افراد کو اپنے گھر پر بلوایا اور اپنی بے گناہی ثابت کرنے کے لیے انھیں کھولتے ہوئے تیل پر چلنے پر مجبور کیا۔ زمیندار نے مذکورہ افراد کو بتایا کہ جو لوگ چوری میں ملوث نہیں ہیں، ان کے پاؤں تیل سے نہیں جلیں گے۔ اور صرف یہی نہیں زمیندار نے ان خوفزدہ افراد سے یہ بھی کہا کہ جس کے پاؤں تیل سے جل گئے، اسے چوری ہونے والے زیورات اور کیش رقم واپس کرنی پڑے گی۔ جب کھولتے ہوئے تیل پر چلنے کی وجہ سے چاروں کے پاؤں جل گئے تو زمیندار نے ان کے بڑوں کو بلوایا اور ان سے زیورات اور رقم واپس کرنے کا مطالبہ کیا۔ جس کے بعد ان افراد کے اہلخانہ نے پولیس کو مطلع کیا، پولیس نے زمیندار محسن کے گھر پر چھاپہ مارا، تاہم وہ روحانی بابا فرار ہو گیا۔ پولیس نے محسن، شوکت، مکرم، مدثر، عاطف اور ریاض کے خلاف تحت مقدمہ درج کر لیا۔

(انگریزی سے ترجمہ بشکریہ ڈان)

لاپتہ شخص کی لاش برآمد

حیدرآباد حیدرآباد سے 15 ماہ قبل پراسرار طور پر لاپتہ شخص کی لاش انڈس ہائی وے اولڈ ٹول پلازہ سے ملی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ جامشورو کی حدود انڈس ہائی وے پر اولڈ ٹول پلازہ کے کمرے سے پولیس کو 35 سالہ شخص کی لاش ملی ہے جسے ایدھی ایمبولینس کے ذریعے سول ہسپتال جامشورو پہنچایا گیا جہاں مقتول کی شناخت فیصل ولد عبدالجبیل کے نام سے کی گئی جو تھانہ مکی شاہ کی حدود دوآبہ پولیس لائن حیدرآباد کا رہائشی تھا۔ لواحقین کے طابق مقتول واشنگ مشینوں کی مرمت کا کام اور اسپئر پارٹس فروخت کرتا تھا۔ 7 جنوری 2015 کو کار میں سوار سادہ کپڑوں میں ملبوس افراد نے فیضان کو ایک دکان سے اٹھایا۔ لواحقین کے مطابق انہوں نے فیضان کے اغواء کا مقدمہ تھانہ سٹی پر درج کروانے کی کوشش کی تھی۔ تاہم پولیس نے انکار کر دیا جس کے بعد سی پی ایل سی کو بھی تحریری درخواست دی جو وصول نہیں کی گئی۔ اس کے بعد فیضان کا کچھ پتہ نہیں تھا کہ وہ کہاں ہے۔ اب اس کی لاش ملی ہے۔ متوفی ایک بچی کا باپ تھا۔ لواحقین نے بتایا کہ مقتول کا کسی سے جھگڑا نہیں تھا۔ دوسری جانب رابطہ کرنے پر ایس ایچ او جامشورو زوار حسین نے ایچ آر سی پی کو بتایا کہ بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب اولڈ ٹول پلازہ کے ایک کمرے سے لاش ملی جس کو نامعلوم افراد نے سر میں گولی مار کر قتل کیا تھا۔

(لالہ عبدالحلیم)

اور پھر وہ نغمہ سرا ہو گئے

آئی۔اے۔رحمٰن

عام طور پر بہرے قوت گویائی سے محروم ہوتے ہیں۔ چنانچہ جب بہرے بولنا سیکھ جاتے ہیں تو وہ ایک انتہائی قسم کی جسمانی معذوری سے نجات حاصل کر لیتے ہیں اور وہ انتہائی قسم کی جسمانی معذوری ہے گفتگو نہ کر سکنا۔ اور جب آپ بہرے بچوں کو گاتے ہوئے سنتے ہیں اور وہ بچے جانتے ہیں کہ وہ کیا گا رہے ہیں تو یہ تجربہ آپ کو مسحور کر دیتا ہے، آپ کے جسم میں برقی رو دوڑا دیتا ہے۔ مجھ کو حیرت زدہ کر دینے والا یہ تجربہ جمعرات 21 مئی کو بہرے اور نسبتاً اونچا سننے والے بچوں کے ایک کم جانے پہچانے سکول میں ہوا۔ سکول کا نام ہے لاہور سپیچ اینڈ لینگویج سکول۔

یہ موقع مجھ کو فراہم کیا سکول کی پرنسپل زارا حسن نے جنہوں نے پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق سے کہا کہ وہ بہروں کو ان کے حقوق دلوانے میں ان کی مدد کرے۔ زارا حسین نے لکھا کہ وہ مکمل طور پر بہری تھیں لیکن بھلا ہو سپیچ تھراپی کا کہ اب وہ دو زبانیں بول سکتی تھیں اور وہ ایم اے کی دو ڈگریاں بھی حاصل کر چکی ہیں اور اس وقت ایک امریکی یونیورسٹی میں ان کا نام پی ایچ ڈی کے امیدوار کے طور پر رجسٹر ہو چکا ہے۔ زارا حسین کا مسئلہ یہ تھا کہ بہرے بچوں کے حقوق کے بارے میں آگاہی نہیں ہے۔ ان بچوں کے ساتھ امتیازی سلوک کیا جاتا ہے اور یہ امتیازی سلوک ابلاغ کے حوالے سے، تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کرنے کے حوالے سے، طبی سہولتوں اور ملازمتوں کے حوالے سے روا رکھا جاتا ہے۔ وہ گزشتہ آٹھ برسوں سے بہروں اور اونچا سننے والے بچوں کے لیے سکول چلا رہی ہیں۔ اب وہ یہ ضرورت محسوس کر رہی ہیں کہ ایسے بچوں کے بارے میں عام لوگوں کے رویے میں تبدیلی لانے کی کوشش کی جائے۔ پاکستان نے معذور افراد کے حقوق کے میثاق پر دستخط کئے ہوئے ہیں لیکن پاکستان نے بہروں کے لیے میثاق کے مضمون پر توجہ ہی نہیں دی۔ اس لیے سکول نے اپنی سالانہ گریجویشن کی تقریب کے لیے جو موضوع منتخب کیا وہ تھا ''انسانی حقوق کی فراہمی سے بہرے بچے ترقی کر سکتے ہیں''۔

سکول کے وہ طلبہ، لڑکیاں اور لڑکے دونوں ہی، جن کی عمریں چار سے اٹھارہ سال کے درمیان ہیں اور جو کانوں میں آلہ سماعت لگاتے ہیں، سٹیج پر نمودار ہوئے۔ ان میں سے کچھ بچے ایسے بھی تھے جو آلہ سماعت استعمال نہیں کرتے تھے۔ انہوں نے قرآن پاک کی چند آیات کی تلاوت کی، قومی ترانہ گایا، ایک مختصر سا سٹیج ڈرامہ پیش کیا۔ اور گانے کے بولوں پر رقص پیش کیا۔ ان بچوں نے جو کچھ بھی کیا، بہت خوب کیا ایسا ہی ہونا چاہیے تھا۔ جو بات بار بار ذہن میں آتی ہے وہ اس جدوجہد سے متعلق ہے جو اس سکول کو چلانے والے افراد نے کی۔ یہ وہ سکول ہے جن میں غریب شہریوں کے سماعت سے معذور بچوں کو بھی داخلہ مل جاتا ہے۔ اس سکول کا دعویٰ ہے کہ اس سکول میں کوئی فیس سٹرکچر نہیں ہے اور والدین جس قدر ادا کر سکتے ہیں، اتنی فیس دے دیتے ہیں۔

جب زارا حسین کے والدین کو، جن دونوں نے گورنمنٹ کالج لاہور سے انگریزی ادب میں ایم اے کر رکھا ہے، معلوم ہوا کہ زارا حسین جو ان کی پہلی اولاد تھی، سن نہیں سکتی تو انہوں نے اپنی بیٹی کو عام بچوں کے سکول میں داخل کروا دیا۔ لیکن زارا کی والدہ نے اسی سکول میں اپنی بیٹی اور دوسرے بچوں کو پڑھایا اور بغیر تنخواہ کے پڑھایا۔ زارا کی والدہ نے بطور رضا کار پانچ سال تک بچوں کو پڑھایا۔ خاندان کی واشنگٹن منتقلی نے زارا کے لیے یہ بات ممکن بنا دی کہ وہ امریکی سکول میں پڑھ سکے اور اس نے بول چال اور زبان کی پیتھالوجی میں ماسٹرز کی ڈگری حاصل کی۔ زارا کی والدہ نے بیٹی کی تقلید کرتے ہوئے گیلاڈیٹ یونیورسٹی سے وہی ڈگری حاصل کی اور واشنگٹن میں بہروں کے لیے قائم گراہم بیل ایسوسی ایشن کے ساتھ کام کیا۔ 35 سالہ زارا حسین کو امید ہے کہ وہ 2018ء میں اپنی پی ایچ ڈی مکمل کر لیں گی۔

زارا اور اس کے والدین نے جو کچھ کیا، اس کے لیے وہ لائق تحسین ہیں۔ خاص طور پر اس لیے بھی وہ تعریف کے قابل ہیں کہ انہوں نے اس سکول کے طلبہ کے لیے وہی نصاب منتخب کیا ہے جو دوسرے اعلیٰ سکولوں میں پڑھایا جاتا ہے۔ اس طرح ان کے سکول کو اس قسم کے اداروں پر فوقیت حاصل ہے۔ بہر حال یہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسے مناسب اور موثر اقدامات کو یقینی بنائے کہ ملک کے بہرے بچے معمول کی زندگی گزارنے کے قابل ہو سکیں اور زندگی کے تمام تر شعبوں میں اپنا قومی کردار ادا کرنے کے قابل ہو سکیں۔

سماعت میں مشکلات کا سامنا کرنے والوں کی راہ میں ایک مشکل یہ بھی ہے کہ اندھے پن اور دوسری جسمانی بیماریوں کے برخلاف بہروں (اور گونگوں) کی معذوری ظاہر نہیں ہوتی یعنی نظر نہیں آتی۔ ذہنی امراض والے لوگوں کی طرح یہ لوگ بھی معمول کے انسانوں کی طرح لگتے ہیں۔ اس بات پر شک کیا جا سکتا ہے کہ ترقی پذیر دنیا میں وہ 90 فیصد بچے جو یونیسکو کے مطابق کسی معذوری کا شکار ہوتے ہیں اور سکول میں نہیں جاتے۔ ان میں بہرے بھی شامل ہیں۔ مختلف معذوریوں میں مبتلا افراد کے بارے میں زاہد عبداللہ کی لائق ستائش تحقیق کے دیباچہ میں تعلیم کو فروغ دینے کے لیے آواز بلند کرنے والی زبیدہ مصطفیٰ نے ہندوستانی کالم نگار شاعرہ بدری رائنا کے چند اشعار کا حوالہ دیا ہے جو درج ذیل ہیں:

ہوسکتا ہے ہم معذور ہوں
آنکھ سے، ہاتھ سے یا پاؤں سے
لیکن ہمارے تندرست دماغ کچھ نہیں مانگتے
بہر حال
ہمارے ہاتھ نہیں ہیں لیکن پھر بھی لکھتے ہیں
پاؤں کے پنجے کے ساتھ
ہماری ٹانگیں نہیں ہیں لیکن ہم میلوں دوڑتے ہیں
ہر روز ہم بناتے ہیں
اپنے ہاتھوں کے ساتھ
ہماری آنکھیں نہیں ہیں لیکن دور تک دیکھتے ہیں،
تمہارے پتھر دل اندھے پن سے کہیں پرے۔

لوگوں کو یہ جاننے کے لیے بیسیوں برس لگے کہ جسمانی طور پر معذور بچے کی بہتری کے حوالے سے والدین کے کیا فرائض ہیں۔ فلاحی اداروں کو اس حوالے سے کیا کرنا چاہئے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ریاست کا یہ فرض ہے کہ وہ جانے کہ ایسے بچوں کی فلاح کے لیے کیا مناسب اور کیا بہتر ہو سکتا ہے۔

روایتی طور پر معاشرہ اور سرکاری حکام، دونوں ہی صرف ایک کام کرتے ہیں اور وہ یہ کہ ایسے بچوں کے لیے کوئی ہنر سکھانے کا بندوبست کر دیتے ہیں۔ چنانچہ اس مقصد کے لئے جسمانی طور پر معذور بچوں کو کسی ہنر کو سیکھنے کی تربیت مہیا کرتے ہیں۔ میں نے ایسے بہت سے تربیتی ادارے دیکھے ہیں جو گزشتہ صدی کی چوتھی اور پانچویں دہائیوں کے دوران دہلی، علی گڑھ اور لاہور اور کچھ دوسرے شہروں میں قائم کئے گئے تھے۔ ان اداروں میں نابینا بچوں اور بڑوں کو بید سے کرسیوں کی نشستیں بُننے اور فرنیچر کی دوسری اشیاء بنانے کی تربیت دی جاتی تھی۔ یہ پیارے اور معصوم بچے خصوصاً دیہی علاقوں کے بچے شدید مشکلات کا اس لیے شکار ہوتے ہیں کہ ان کے والدین نہیں جانتے کہ ان کے خصوصی بچوں کو عام سکولوں میں تعلیم دینا ممکن ہے۔ بالکل اسی طرح جس طرح عام بچوں کو تعلیم دی جاتی ہے۔ ہماری تعلیمی ادارے بھی بہرے بچوں (یا کسی دوسری جسمانی معذوری کے شکار بچوں) کو داخلہ دینے میں دلچسپی نہیں رکھتے۔ اس لیے کہ ایسے بچوں کو عام طلبہ کے مقابلے میں زیادہ اور خصوصی توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔

آج یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ اگر کوئی بہرہ آدمی کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کا استعمال جان جاتا ہے اور ان کو چلا لیتا ہے تو پھر اس کے لیے ترقی کے تمام راستے کھلے ہیں۔ بہر حال انسانی شخصیت کی نشوونما کا مطلب ہے تمام جسمانی افعال کے ذریعے وہ اہلیت حاصل کرنا جس سے انسانی نشوونما کو فائدہ پہنچے۔ ہوسکتا ہے کہ کوئی بہرہ بچہ اپنی خراب سماعت سے پیدا ہونے والی دشواری پر قابو نہ پا سکتا ہو لیکن وہ اپنے گونگے پن یا قوت گویائی کی محرومی کے عذاب سے بچ ضرور سکتا ہے۔ زبان کی آزادی کا حق ہر خصوصی بچے کا ہے اور یہ ریاست اور معاشرے دونوں کا فرض ہے کہ وہ ایسے بچوں کی مدد کریں تاکہ وہ اپنا یہ حق حاصل کر سکیں اور اس حق کو استعمال بھی کر سکیں۔

تمام صوبائی حکومتوں کو ایسے خصوصی بچوں کے سکولوں کا سروے کروانا چاہئے اور خصوصی تعلیم کے محکموں کو پابند کریں کہ وہ ہر ممکن طریقے سے ایسے اداروں کی مدد کریں۔ اس حوالے سے دیکھا جائے تو غیر سرکاری شعبہ سرکاری شعبہ سے کہیں آگے ہے اور ریاستی امداد کے ذریعے یہ ادارے اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنا سکتے ہیں۔ آخر کار معاملہ ریاست کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ معذور افراد کے حقوق سے متعلق بین الاقوامی میثاق پر مکمل طور پر عملدرآمد کرانا حکومت کی ذمہ داری ہے اور حکومت کو اپنی یہ ذمہ داری پوری کرنی چاہئے۔ بہر حال یہ ایک طویل موضوع ہے جو تفصیلی بحث مباحثہ اور تجزیے کا متقاضی ہے۔

(انگریزی سے ترجمہ، بشکریہ ڈان)

مزارعین کا اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے احتجاجی کیمپ

اسلام آباد 70 سالہ حمیدہ بی بی بھی اوکاڑہ ملٹری فارمز کے ان مزارعین میں شامل ہیں، جنہوں نے نیشنل پریس کلب کے باہر زمین کی ملکیت کے حصول کے لیے احتجاجی کیمپ لگایا ہے۔ حمیدہ بی بی نے ڈان کو بتایا کہ وہ اسلام آباد اس امید پر آئی تھیں ان کی آواز ملک کے حکمرانوں اور سپریم کورٹ تک پہنچے گی، لیکن انہیں شام تک کسی بھی سیاستدان کے کیمپ میں نہ آنے پر بہت افسوس ہوا۔ تاہم پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے مزارعین کے نمائندہ وفد کو زرداری ہاؤس طلب کر کے شکایات سنیں۔ حمیدہ بی بی کا کہنا تھا کہ وہ گاؤں 15 / 4L میں پیدا ہوئیں اور اب ان کے پوتے بھی اسی زمین سے اپنا روزگار کما رہے ہیں، لیکن گزشتہ 16 سال سے ہمیں فوج کی جانب سے زمین خالی کرنے کے لیے دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔ اسی گاؤں کے ایک اور رہائشی محمد مختار نے کہا کہ اوکاڑہ کے قریب گاؤں نمبر 19 کے رہائشی ہیں جہاں 9 لاکھ سے زائد افراد آباد ہیں، اس گاؤں کا کل رقبہ 18 ہزار ایکڑ ہے جن میں سے 4 ہزار ایکڑ پہلے ہی فوج کے پاس ہے اور اب وہ باقی زمین بھی لینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان گاؤں کے زیادہ تر خاندان فوج کو 25 ہزار سے 60 ہزار روپے فی ایکڑ سالانہ ادا کرتے ہیں، زیادہ تر لوگوں کے پاس 3 سے 6 ایکڑ زمین ہے اور ہم زمین کی قیمت ادا کرنے کو تیار ہیں، لیکن فوج وہ زمین ہم سے خالی کروانا چاہتی ہے۔ محمد مختار نے کہا کہ دو روز قبل اسکول ٹیچر مجاہد عباس کو زمین خالی نہ کرنے پر گرفتار کیا گیا، گزشتہ 16 سالوں کے دوران احتجاجی مظاہروں میں پولیس کے ہاتھوں 13 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہو چکے ہیں، جبکہ 25 افراد کو گرفتار بھی کیا جا چکا ہے۔ احتجاجی کیمپ میں موجود دیگر افراد کا کہنا تھا کہ اس وقت مارکیٹ کے حساب سے فی ایکڑ زمین کی قیمت 8 لاکھ روپے ہے، لہٰذا لوگوں سے زبردستی زمین خالی کرانے کے بجائے حکومت کو وہ زمین انہیں فروخت کر دینی چاہیے۔ انجمن مزارعین پنجاب (اے ایم پی) کے صدر میاں خوشی محمد نے کہا کہ اسلام آباد میں ملکی اور بین الاقوامی میڈیا نے ان کے احتجاجی کیمپ کا دورہ کر کے مسائل سنے، جبکہ وہ پر امید ہیں ان کا مسئلہ ملکی اور بین الاقوامی ذرائع ابلاغ میں اٹھایا جائے گا۔ میاں خوشی محمد کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو زرداری نے یقین دہانی کروائی ہے کہ وہ اس مسئلے کو متعلقہ فورمز پر اٹھانے میں اپنا کردار ادا کریں گے، انہوں نے یہ وعدہ بھی کیا ہے کہ قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف سید خورشید شاہ اسمبلی میں اس مسئلے کو اجاگر کریں گے، جبکہ مزارعین کو اپنا مقدمہ لڑنے کے لیے ایڈووکیٹ لطیف احمد کھوسہ کی خدمات بھی فراہم کی جائیں گی۔ اوکاڑہ ملٹری فارمز برطانوی سامراج نے 19 ویں صدی میں برصغیر کو شمال مغرب سے کسی بھی حملے سے بچانے کے لیے بنائے تھے، اس وقت لوگوں کی وہاں آباد ہونے کے لیے حوصلہ افزائی کی گئی اور ساتھ ہی یہ پیشکش بھی کی گئی کہ زمین ان کے نام پر منتقل کر دی جائے گی، تاہم اس پیشکش کو کبھی بھی عملی جامہ نہیں پہنایا گیا۔ یہ زمین چونکہ برطانوی فوج کی ملکیت تھی اس لیے 1947 میں برصغیر کی تقسیم کے بعد پاک فوج کو منتقل ہوگئی، پاک فوج اس زمین سے پیدا ہونے والی فصلوں سے حصہ حاصل کرتی تھی لیکن پرویز مشرف کی حکومت میں کنٹریکٹ نظام متعارف کروایا گیا اور کسانوں کو زمین کا کرایہ نقدی کی صورت میں دینے کی ہدایت کی گئی، ساتھ ہی یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ فوج یہ زمین کسی سے بھی خالی کروا سکتی ہے۔ اس فیصلے کے نتیجے میں کسانوں نے اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے انجمن مزارعین قائم کی، لیکن اب فوج کی جانب سے ان مزارعین کو زمین خالی کرنے کیلئے کہا جا رہا ہے۔

(انگریزی سے ترجمہ بشکریہ ڈان)

وزیر اعلیٰ کے مشیر سردار سورن سنگھ فائرنگ سے ہلاک

بونیر پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا کے شہر بونیر میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے وزیر اعلیٰ کے مشیر برائے اقلیتی امور اور رکن صوبائی اسمبلی سردار سورن سنگھ کو ہلاک کر دیا۔

بونیر سے پولیس اہلکاروں نے بتایا کہ بونیر کے علاقے پیر بابا میں سردار سورن سنگھ کا آبائی مکان ہے۔ 22 اپریل کو شام کے وقت وہ اپنے گھر کی گلی میں جا رہے تھے کہ اس دوران نامعلوم افراد نے ان پر فائرنگ کی۔ پولیس کے مطابق سورن سنگھ کو ایک ہی گولی آنکھ کے قریب ماتھے پر لگی ہے۔ اہلکاروں نے بتایا کہ سورن سنگھ کو ہسپتال پہنچایا گیا جہاں وہ دم توڑ گئے۔

بونیر کے ضلعی پولیس افسر خالد محمود ہمدانی نے بی بی سی کو بتایا کہ سردار سورن سنگھ اپنے گاؤں پیر بابا میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ہلاک کیا ہے جس کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیر میں لے لیا اور ضلع کے اندر داخلی اور خارجی راستے بند کر کے حملہ آوروں کی تلاش شروع کر دی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بظاہر یہ ٹارگٹ کلنگ کا واقعہ ہے۔ سردار سورن سنگھ پاکستان تحریک انصاف کے رکن صوبائی اسمبلی تھے اور اس کے علاوہ ان کے پاس وزیر اعلیٰ کے مشیر برائے اقلیتی امور کا قلمندان بھی تھا۔ پشاور شہر ہشتنگری گیٹ کے قریب سکھوں کے ایک گوردوارے کو 70 سال بعد عبادت کے لیے کھول دیا گیا تھا۔ سردار سورن سنگھ حکومت کے اس اقدام کو سراہا تھا۔ سورن سنگھ نے سال 2011 میں پاکستان تحریک انصاف میں شمولیت اختیار کی تھی جبکہ اس سے پہلے وہ جماعت اسلامی سے وابستہ تھے۔ وہ سکھ برادی کے اہم رکن تھے اور اقلیتوں کے حقوق کے لیے انھوں نے ہمیشہ آواز اٹھائی ہے۔ پیشے کے لحاظ سے وہ ڈاکٹر تھے اور اس کے علاوہ پشتو زبان کی ٹی وی چینل اے وی ٹی خیبر کے لیے وہ تین سال تک ایک پروگرام کی میزبانی کرتے رہے جس کا نام تھا 'زہ ہم پاکستانی یم' جس کا مطلب ہے میں بھی پاکستانی ہوں۔ 31 مارچ کو اندرون پشاور شہر ہشتنگری گیٹ کے قریب سکھوں کے ایک گوردوارے کو 70 سال بعد عبادت کے لیے کھول دیا گیا تھا۔ سردار سورن سنگھ حکومت کے اس اقدام کو سراہا تھا اور کہا تھا کہ اس میں مرکزی اور صوبائی دونوں حکومتوں نے اہم کردار ادا کیا ہے۔

(بی بی سی اردو)

تین لاشیں برآمد

کوئٹہ لیویز اہلکاروں نے 25 اپریل بلوچستان کے ضلع کچھ کے علاقے ہوشاب سے گولیوں سے چھلنی تین لاشیں برآمد کی ہیں۔ لیویز حکام کے مطابق نامعلوم افراد کی لاشوں کو پوسٹ مارٹم اور شناخت کیلئے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال تربت منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ واقعے کی تفتیش جاری ہے۔ لیویز حکام نے واقعے کو ٹارگٹ کلنگ قرار دیا ہے۔ صوبہ بلوچستان گذشتہ کچھ دہائیوں سے تشدد اور کشیدگی کے لپیٹ میں ہے جس کے نتیجے میں اب تک ہزاروں افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ عسکریت پسندوں اور علیحدگی پسندوں کی جانب یہاں سے سکیورٹی فورسز اور قومی اثاثوں پر حملے ایک معمول ہیں جبکہ فرقہ وارانہ دہشت گردی کے نتیجے میں سیکڑوں افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ واضح رہے کہ گذشتہ ماہ سیکیورٹی فورسز نے ہندوستانی نیوی کے حاضر سروس افسر کو ایران سے بلوچستان میں داخل ہوتے ہوئے گرفتار کیا تھا، جس کے بارے میں سیکیورٹی اداروں نے دعویٰ کیا تھا کہ وہ ہندوستانی خفیہ ایجنسی 'را' کا افسر ہے اور بلوچستان اور کراچی میں دہشت گردی کروانے میں ملوث ہے۔

(انگریزی سے ترجمہ بشکریہ ڈان)

مزارعین کو اپنے ملکیتی حق کے حصول کے لیے مصائب کا سامنا

اسلام آباد صدف جس مکان میں بیٹھی ہے اس کی کچی دیواریں صرف عورتوں اور بچوں کی سسکیوں سے گونج رہی ہیں، کیونکہ حکام نے رات کے اندھیرے میں بغیر وارنٹ یا وضاحت گھر کے سارے مردوں کو حراست میں لے لیا تھا۔ انھیں کہاں رکھا گیا ہے؟ صدف یا اس کے گھر والوں کو کچھ علم نہیں۔ دس سالہ صدف ملکیت اور حقوق کی اس دہائیوں پرانی تحریک کے بارے میں کچھ نہیں جانتی۔ اسے صرف یہ معلوم ہے ان کے والد پرائمری سکول میں ٹیچر تھے۔ 'وہ لوگ رات کو آئے تھے، انھوں نے میرے پاپا کو بہت مارا، میرے پاپا کو جیسے گندم کی بوری پھینکتے ہیں ویسے پھینکا، میں نے ان کو کہا پاپا کو مت مارو، انھوں نے مجھے بھی مارا۔ میرے پاپا اور چاچو کو کہاں لے گئے ہیں، ہمیں انصاف چاہیے۔' ہچکیوں اور سسکیوں کے بیچ صدف اتنا ہی بتا پائی۔ گھر کے تالے ٹوٹے پڑے ہیں اور صدف کی بوڑھی دادی کی ٹانگیں مسلسل کانپ رہی ہیں اور اُن پر گہرے نیل پڑے ہیں۔ 'میرے بیٹوں کو میرے سامنے مارتے رہے، میں اپنے بیٹوں کو بچا رہی تھی، انھوں نے مجھے بوٹوں سے پیچھے دھکیلا، میرے بچے میرے سامنے زمین پر تڑپ رہے تھے اور میں بے بس تھی۔ صدف کے والد کا شاید یہ قصور تھا کہ وہ بھی پنجاب کے ضلع اوکاڑہ کے ان مزارعین میں سے ہیں جو تقریباً 16 سالوں سے زرعی اصلاحات اور زمین کی ملکیت کے حقوق کے لیے تحریک چلا رہے ہیں۔ حال ہی میں انجمن مزارعین کے احتجاج کو نیشنل ایکشن پلان کے تحت روکا گیا۔ پولیس نے درجنوں مزارعین کو دہشت گردی کے الزامات میں گرفتار کیا اور صدف کے والد کی طرح کئی افراد کو گھروں سے اٹھایا گیا۔ 13 مزارعین لاپتہ ہیں جن میں سے چند کے خلاف اب دہشت گردی کے مقدمے درج کر دیئے گئے ہیں۔ ان میں دو خواتین بھی شامل ہیں۔ عوامی ورکرز پارٹی کے جنرل سیکرٹری فاروق طارق کا کہنا ہے: 'سالوں سے کاشتکاری کرتے کسان اچانک دہشت گرد کیسے ہوگئے؟ مجھے یقین ہے کہ نیشنل ایکشن پلان کی آڑ میں یہ مزارعوں کے خلاف انتقامی کارروائی ہے کیونکہ وہ اپنے حقوق کے لیے مطالبہ کر رہے ہیں۔ اس حوالے سے ڈی پی او اوکاڑہ کا کہنا تھا کہ انتظامیہ جرائم پیشہ اور دہشت گردی میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کر رہی ہے۔' 'اگر کوئی خود کو قانون سے بالاتر سمجھتا ہے تو اس کو قانون سکھانا ہمارا فرض ہے۔' جب ان سے الزامات کا ثبوت مانگا گیا تو انھوں نے کہا کہ 'وقت آنے پر بتائیں گے۔' قیام پاکستان سے قبل سے جاری اس تنازعے کا حل اکثر طاقت کے ذریعے نکالنے کی کوشش کی گئی ہے اور اس بار بھی تاریخ کو دہرایا جا رہا ہے۔ انسانی حقوق کی تنظیموں نے ریاست کی جانب سے مزارعوں کے خلاف طاقت کے استعمال کی شدید مذمت کی ہے جس کے لیے اس بار انسداد دہشت گردی کے قوانین کو ہتھیار بنایا جا رہا ہے۔

مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ فوج انھیں زمینوں سے بے دخل کرنا چاہتی ہے اور انتظامیہ اس میں ان کا ساتھ دے رہی ہے۔ ایک دیہاتی اظہر اقبال نے کہا: 'ہمیں سمجھ نہیں آ رہی کہ ہمیں کیوں دہشت گرد قرار دیا جا رہا ہے؟ ہمارے گھروں میں تو کھانے تک کے لیے کچھ نہیں ہوتا، سارا دن کھیتی باڑی کرتے ہیں، ہمارے پاس اسلحہ نہیں ہے، ہم تو اپنے پیٹ کے لیے لڑ رہے ہیں۔' ماہرین کے مطابق اوکاڑہ، رینالا خورد اور اس کے گردونواح پر مشتمل یہ زرخیز زرعی زمین پنجاب حکومت کی ہے لیکن 17 ہزار ایکڑ سے زیادہ رقبے پر فوج کے زیرِ ملکیت فارم تعمیر ہیں۔ زمین کی قیمت اور اہمیت بڑھتی جا رہی ہے لیکن ایک سو سال سے اس زمین پر کاشت کاری کرنے والے مزارعوں کی زندگی میں کچھ نہیں بدلا۔ 60 سالہ محمد الطاف تپتی دھوپ میں گندم کی فصل کاٹ رہے ہیں۔ نسل در نسل زمین کے اس ٹکڑے کو اپنی محنت سے سنوارنے والے اس مضارع کو ایک وعدہ پورا ہونے کا انتظار ہے۔ بنجر زمین کو سو سال سے آباد کرنے والے مزارعین کو کئی حکومتوں نے اس زمین کی ملکیت کے خواب دکھائے، لیکن کاشتکاروں کو سالانہ ٹھیکے پر منتقل کر کے اس زمین کی ملکیت سے مزید دور کر دیا گیا جس میں ان کے باپ دادا دفن ہیں۔ محمد الطاف کے لہجے میں تھکاوٹ ہے: 'میرا دادا بھی غلام تھا، پھر باپ غلام، یہ لوگ یہی چاہتے ہیں کہ ہم ساری عمر غلام رہیں، زمینیں ہم سے چھین لیں، خون پسینے سے مزدوری ہم کریں اور فصل اٹھا کر یہ لے جائیں۔' جاگیردار اور مزارعے کے درمیان جدوجہد کی کہانی بہت پرانی ہے۔ لیکن جہاں جاگیردار خود ریاست ہو، تو پھر مزارع اپنے حق کے لیے کس کا در کھٹکھٹائے؟

(بی بی سی اردو)

قصور زیادتی اسکینڈل

دو ملزمان کو عمر قید کی سزا

لاہور انسداد دہشت گردی کی عدالت نے 18 اپریل کو قصور میں بچوں کے ساتھ بدفعلی اور زیادتی میں ملوث دو ملزمان کو عمر قید کی سزا سنا دی ہے۔ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج چوہدری محمد الیاس نے مذکورہ کیس کی سماعت کی اور ملزم حسیم عامر اور فیضان مجید کو مجرم قرار دیا۔ دونوں ملزمان کو عمر قید کی سزا کے ساتھ تین لاکھ روپے فی کس جرمانے کی سزا بھی سنائی گئی ہے۔ یاد رہے کہ مذکورہ کیس ضلع قصور کے گنڈا سنگھ والا پولیس اسٹیشن میں درج کیا گیا تھا۔ یہ بھی یاد رہے کہ قصور اسکینڈل کے حوالے سے 19 مقدمات انسداد دہشت گردی کی عدالت میں منتقل کیے گئے تھے جن میں 4 مقدمات کو انسداد دہشت گردی کی عدالت سے دیگر عدالتوں میں منتقل کر دیا گیا تھا جبکہ 14 مقدمات زیرِ التوا ہیں۔ برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز نے وکیل عدنان لیاقت کے حوالے سے بتایا ہے کہ 17 افراد، جس میں ایک ہی خاندان کے 14 افراد بھی شامل ہیں، کو بچوں کے ساتھ بدفعلی، جنسی زیادتی، ان کے رشتے داروں کو بلیک میل کرنے اور بھتہ مانگنے پر ملزمان پر فردِ جرم عائد کر دی گئی ہے۔ خیال رہے کہ گذشتہ سال یہ رپورٹس منظر عام پر آئی تھی کہ قصور سے پانچ کلومیٹر دور قائم حسین خان والا گاؤں کے 280 بچوں کو زیادتی کا نشانہ بنایا گیا جبکہ اس دوران ان کی ویڈیو بھی بنائی گئی، ان بچوں کی عمریں 14 سال سے کم بتائی گئی تھیں۔ رپورٹس کے مطابق ان بچوں کے خاندانوں کو ویڈیو دکھا کر بلیک میل بھی کیا جاتا تھا اور ان کے بچوں کی ویڈیو منظر عام پر نہ لانے کیلئے لاکھوں روپے بھتہ طلب کیا جاتا تھا۔ واضح رہے کہ قصور میں بچوں کے ساتھ ہونے والی بدفعلی، جنسی زیادتی اور اس کی فلم بندی کے واقعات کے منظر عام پر آنے کے بعد سات متاثرہ بچوں کے عزیزوں کی جانب سے ایف آئی آر درج کروائی گئی تھی۔ اس واقعے میں گرفتار ہونے والے 12 میں سے پانچ ملزمان کو لاہور کی انسداد دہشت گردی (اے ٹی سی) کی عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔ گنڈا سنگھ پولیس اسٹیشن کے تحقیقاتی افسر کی جانب سے عدالت سے استدعا کی گئی تھی کہ بچوں پر تشدد میں استعمال ہونے والے ہتھیار، آلات اور جرم میں استعمال ہونے والی دیگر اشیاء برآمد کروانے کے لیے ملزمان کا ریمانڈ دیا جائے۔

(انگریزی سے ترجمہ بشکریہ ڈان)

تیز دھار آلے سے جان لے لی

پیر محل 29مارچ کو پیر محل کے علاقہ میں گھریلو ناچاقی پر شوہر نے بیوی کو ٹوکے کے وار کر کے قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق ذوالفقار ٹاؤن کے رہائشی عارف علی کا گھریلو ناچاقی پر اپنی بیوی سمیرا بی بی سے جھگڑا ہوا تھا۔ اسی رنجش پر ملزم نے خاتون کو ٹوکے کے وار کر کے قتل کر دیا اور آلہ قتل سمیت موقع سے فرار ہو گیا۔ قتل کی واردات کا پتہ چلنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر مقتولہ کی نعش کو تحویل میں لے کر پوسٹمارٹم کروانے کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا ہے۔ پولیس نے مقتولہ کے گھر والوں کی درخواست پر ملزم کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کر لیا ہے۔

(نامہ نگار)

دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے دو افراد زخمی

کرم ایجنسی 19اپریل 2016ءکو اپر کرم ایجنسی کے علاقے مقبل سے اناگل ولد چار گل اور ضابطہ ولد گلاب خان موٹر کار میں صدہ جا رہے تھے اس دوران غوز گڑھی کے قریب سڑک کے کنارے نصب شدہ بارودی سرنگ سے ان کی گاڑی ٹکرائی جس کے نتیجے میں گاڑی میں دونوں سوار زخمی ہو گئے اور ان کی گاڑی کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ واقعہ کے بعد سیکورٹی فورسسز علاقے کو پہنچ گئے اور دونوں زخمیوں کو قریبی صدہ ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں پر ان کی حالت تسلی بخش بتائی جاتی ہے۔ اب تک کسی نے واقعے کی ذمہ داری قبول نہیں کی ہے۔ انتظامیہ نے نامعلوم افراد کے خلاف بارودی سرنگ نصب کرنے کا مقدمہ درج کر لیا ہے۔

(محمد حسن)

بچے کو جنسی تشدد کا نشانہ بنانے کی کوشش

سانگھڑ جھول شہر کے وارڈ نمبر 7 کے محلّہ میں قائم مدرسہ کے معلم عطامحمد خاصخیلی نے مدرسہ میں پڑھنے والے طالب علم ثاقب کو کمرے میں بند کر کے جنسی تشدد کا نشانہ بنانے کی کوشش کی۔ تاہم، بچے کے شور مچانے پر کئی افراد اکٹھا ہو گئے۔ کمرے کا دروازہ کھولا گیا تو بچہ بھاگ کر گھر چلا گیا اور اپنے والد کو شکایت کی۔ ثاقب کے والد سائیں ڈنو خاصخیلی کی درخواست پر معلم عطامحمد خاصخیلی کے خلاف مقدمہ درج کر دیا گیا لیکن ملزم فرار ہو گیا۔ پولیس نے ملزم کو گرفتار کرنے کے لیے چھاپے مارے۔ ملزم نہ ملنے پر اس کے والد سالم خاصخیلی کو گرفتار کر لیا گیا۔ تاہم، بعدازاں لوگوں کی مداخلت پر ملزم کے والد کو رہا کر دیا گیا۔

(ابراہیم خلجی)

15-17اپریل، حیدر آباد: ایچ آر سی پی نے حیدر آباد ادبی میلے کے دوران انسانی حقوق کے لٹریچر کا اسٹال لگایا

ضلع کچھ سے تین لاشیں برآمد

کوئٹہ لیویز اہلکاروں نے 25اپریل بلوچستان کے ضلع کچھ کے علاقے ہوشاب سے گولیوں سے چھلنی تین لاشیں برآمد کی ہیں۔ نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر لیویز حکام نے ڈان ڈاٹ کام کو بتایا ہے کہ مقتولین حلیے سے مزدور معلوم ہوتے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ 'مقتولین کو بہت قریب سے گولیاں ماری گئی ہیں'۔ لیویز حکام کے مطابق نامعلوم افراد کی لاشوں کو پوسٹ مارٹم اور شناخت کیلئے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال تربت منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ واقعے کی تفتیش جاری ہے۔ لیویز حکام نے واقعے کو ٹارگٹ کلنگ قرار دیا ہے۔ خیال رہے کہ فوری طور پر واقعے کی ذمہ داری کسی بھی گروپ نے قبول نہیں کی ہے۔ صوبہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے تاہم یہاں ترقیاتی کام دیگر صوبوں کے مقابلے میں نہ ہونے کے برابر ہیں۔ صوبہ بلوچستان گذشتہ کچھ دہائیوں سے تشدد اور کشیدگی کے لپیٹ میں ہے جس کے نتیجے میں اب تک ہزاروں افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ عسکریت پسندوں اور علیحدگی پسندوں کی جانب یہاں سیکیورٹی فورسز اور قومی اثاثوں پر حملے ایک معمول ہیں جبکہ فرقہ وارانہ دہشت گردی کے نتیجے میں سیکڑوں افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ واضح رہے کہ گذشتہ ماہ سیکیورٹی فورسز نے ہندوستانی نیوی کے حاضر سروس افسر کو ایران سے بلوچستان میں داخل ہوتے ہوئے گرفتار کیا تھا، جس کے بارے میں سیکورٹی اداروں نے دعویٰ کیا تھا کہ وہ ہندوستانی خفیہ ایجنسی 'را' کا افسر ہے اور بلوچستان اور کراچی میں دہشت گردی کروانے میں ملوث ہے۔

(انگریزی سے ترجمہ بشکریہ ڈان)

ملازمتوں کے خاتمے کا فیصلہ واپس لیا جائے

ٹوبہ ٹیک سنگھ 14اپریل کو پنجاب رورل سپورٹ پروگرام کے تحت محکمہ صحت میں کام کرنے والے سینکڑوں مرد اور خواتین ملازموں نے کنٹریکٹ ختم کیے جانے کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی۔ احتجاجی ریلی جھنگ روڈ پر واقعہ ہیلتھ کمپلیکس سے شروع ہو کر جھنگ روڈ اور شہباز چوک سے ہوتی ہوئی ضلع کچہری میں ڈی سی او دفتر کے سامنے پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ ڈی سی او دفتر کے باہر ریلی کے شرکا نے احتجاجی مظاہرہ کیا جس کی قیادت پی آر ایس پی کے ملازم احمد صباح اور نعیم نے کی۔ اس موقع پر امن و امان کی صورت حال کو برقرار رکھنے کے لیے پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی تھی۔ ریلی میں شریک سینکڑوں ملازموں نے کنٹریکٹ ختم کیے جانے کے خلاف اور انہیں ریگولر کیے جانے کے مطالبات پر مبنی بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ ملازموں نے اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ پی آر ایس پی کے تحت سال 2004 سے محکمہ صحت میں کام کر رہے ہیں۔ شرکا نے کہا کہ اتنے برسوں بعد کنٹریکٹ ختم کر کے انہیں ملازمتوں سے نکالنا ان کے ساتھ سراسر زیادتی ہے اور ان کے معاشی قتل کے مترادف ہے۔ احتجاجی ریلی میں شریک ایک ملازم محمد سعید نے کہا کہ انہیں ملازمت سے نکالنے کی بجائے حکومت انہیں مستقل کرے۔ انہوں نے کہا کہ کنٹریکٹ ختم ہونے سے پنجاب رورل سپورٹ پروگرام کے تحت پنجاب کے 14 اضلاع میں محکمہ صحت میں کام کرنے والے سات ہزار ملازم بے روزگار ہو جائیں گے جن میں ٹوبہ کے 500 ملازم شامل ہیں۔ ملازمین نے مطالبہ کیا ہے کہ انہیں بھی لیڈی ہیلتھ ورکرز کی طرح محکمہ صحت کے تحت مستقل ملازمین کا درجہ دیا جائے۔ دوسری طرف پنجاب رورل سپورٹ پروگرام کے ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر خالد لطیف نے اس سلسلے میں ڈی سی او عامر اعجاز اکبر سے ملاقات کر کے انہیں اپنے مطالبات پیش کیے۔ جس پر ڈی سی او نے انہیں یقین دلایا کہ وہ اس سلسلے میں اعلیٰ ارباب اختیار سے بات کریں گے۔

(نامہ نگار)

رجعت پسندی کا چیلنج

آئی۔اے۔رحمٰن

وفاق اور پنجاب میں پاکستان مسلم لیگ ن کی حکومتیں بظاہر خودکو پاناما لیکس کے اثرات سے بچانے کی کوششوں میں اتنا مصروف دکھائی دیتی ہیں کہ انہوں نے اس بات کو نظرانداز کر رکھا ہے کہ مذہبی دقیانوسیت ریاست کے گرد اپنا گھیرا تنگ کر رہی ہے۔ وہ وقت آن پہنچا ہے کہ شہریوں کو علماء اور سیاسی حکام دونوں ہی سے اس بات کی وضاحت مانگنی چاہیئے کہ کیا ہو رہا ہے اور کیوں ہو رہا ہے۔

حکومت نے بچپن کی شادیوں اور تشدد کے خلاف خواتین کو تحفظ دینے کے جو دو قوانین منظور کئے، ان کو کچھ ملاّ حضرات اور مذہبی سیاسی جماعتوں میں کام کرنے والے ان کے حامیوں نے شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ پہلا سوال یہ ہے کہ بچپن کی شادی اور خواتین پر تشدد کو جائز قرار دینے کے لیے اسلام کی کون سے تشریح اور توجیہہ کا سہارا لیا گیا ہے۔ چند معاملات کو چھوڑ کر اسلامی فقہ کے متعدد مکاتبِ فکر میں قانونی اہمیت کے بہت سارے معاملات پر مختلف نکتہ ہائے نظر موجود ہیں۔ اور متعدد امور میں اختلاف رائے بھی موجود ہے۔ نئی نسل کے وہ نوجوان جو اس سوچ کے ساتھ بڑے ہوئے ہیں کہ اسلام میں مقدس ملاؤں کا کوئی تصور ہی موجود نہیں اور ہر مسلمان کا یہ حق ہے کہ وہ اپنے عقیدے کی خود تشریح کرے، انہیں اپنے مذہبی سکالروں یعنی علماء سے یہ پوچھنے کا حق ہے کہ وہ (علماء) جو کچھ کہہ رہے ہیں اس کی تصدیق کے لیے وہ کس سند پر انحصار کرتے ہیں۔

اسی سے جڑا ایک اور سوال ہے اور وہ یہ کہ کیا خواتین مخالف احکامات کی بنیاد صدیوں پرانے ضابطوں پر رکھی گئی ہے یا ان کی توضیح آج کی پاکستانی معاشرت کی ساخت اور موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق کی گئی ہے، اس لیے کہ اسلامی قوانین میں تو اتنی لچک موجود ہے کہ وقت اور مقام کی مطابقت سے ان کی شکل وصورت میں تبدیلی آ جاتی ہے۔ یاد رہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل ایک آئینی ادارہ ہے جو آئین کے آرٹیکل (2)228 کے مطابق ایسے افراد پر مشتمل ہوگا جو قرآن اور سنت کے مطابق اسلام کے اصولوں اور اس کے فلسفہ کی وضاحت کرنے کے لائق ہوں گے اور جو پاکستان کے اقتصادی، سیاسی، قانونی یا انتظامی مسائل کا ادراک رکھتے ہوں گے۔ ظاہر سی بات ہے کہ پاکستانی معاشرے کے لیے جب اسلامی قانونی معیارات تیار کئے جائیں گے تو اس وقت متعلقہ اقتصادی، سیاسی، قانونی یا انتظامی مسائل کو پیش نظر رکھنا ہی پڑے گا۔ بصورت دیگر اس بات کا تذکرہ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں رہے گی کہ کونسل کا رکن منتخب ہونے کے لئے مذہبی سکالروں کو مندرجہ بالا شعبوں پر بھی عبور ہونا چاہیئے۔

عقیدے کے استعمال کے ان قابل مذمت واقعات کے پیش نظر یہ معاملہ اور بھی زیادہ اہم ہو جاتا ہے جن کا مقصد ان اقدامات کا دفاع کرنا تھا جن کی مذہب منظوری نہیں دیتا اور نہ دے سکتا ہے۔ ملک کے بعض حصوں میں لڑکیوں کے تعلیمی اداروں کو مسمار کرنا سلام کے عین مطابق سمجھا جاتا ہے حالانکہ سبھی جانتے ہیں کہ ایسی کارروائی کا مقصد جاگیردارانہ سوچ اور روایت کو تحفظ دینے کے سوا اور کچھ نہیں۔ اسی طرح کچھ علماء نے فرسودہ اور استحصالی قبائلی نظام کو مضبوط بنانے کی ذمہ داری سنبھال رکھی ہے جبکہ ایک عام مسلمان بھی اس حقیقت سے آگاہ ہے کہ جس طرح عورتوں پر مردوں کے حقوق ہیں اسی طرح مردوں پر عورتوں کے بھی حقوق ہیں۔ لیکن جب کچھ ملاّ مردوں کے اس حق کہ وہ اپنی بیویوں کے بازو اور ٹانگیں توڑ سکتے ہیں، یا دوسرے عزیزوں کے ساتھ یہی سلوک کر سکتے ہیں، کا دفاع کرتے ہیں تو انسان کو حیرت ہوتی ہے کہ وہ

> ایران کے 1905ء کے آئین کی تیاری کے دوران پارلیمان کو مشورہ دینے کے لئے علماء کے بورڈ کے قیام کی مخالفت کرتے ہوئے علامہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کو متنبہ کیا تھا کہ اس مثال کو ہرگز نہ اپنائیں۔

کس مذہب کے حوالے سے ایسی باتیں کر رہے ہیں۔ لوگوں کو اس حوالے سے مطمئن کرنا بھی ازحد ضروری ہے کہ اجتہاد کے دروازے بند نہیں ہوئے اور اجتہاد کے دروازے اس وقت تک بند نہیں ہوں گے جب تک پاکستان کے آج کے مسلمان مفکر یہ حق اور اختیار حاصل نہیں کر لیتے کہ وہ اسلامی فقہ کے احیاء سے متعلق علامہ اقبال کی سوچ اور فکر سے مکمل طور علیحدگی اختیار نہیں کر لیتے۔ اگرچہ اس فکر اور سوچ کو ہم گذشتہ پانچ صدیوں سے فراموش کر چکے ہیں لیکن حقیقت تو یہی ہے کہ وہ سوچ اور فکر ہمارے لئے 1930ء کی نسبت زیادہ با مقصد اور مفید ہے جب علامہ اقبال نے الہ آباد میں اس حوالے سے خطاب کیا تھا۔

حالیہ مباحثوں کے دوران ایک اور اہم سوال سامنے آیا ہے اور وہ سوال یہ ہے کہ قانون سازی کا اختیار کس کو حاصل ہے۔ کیا یہ اختیار قانون ساز ادارے کا ہے یا علماء کے ادارے کا۔ ہر شخص یہ جاننا چاہے گا کہ اس معاملے پر اقبال کے قول فیصل کو ترجیح کیوں نہیں دی گئی۔ ایران کے 1905ء کے آئین کی تیاری کے دوران پارلیمان کو مشورہ دینے کے لئے علماء کے بورڈ کے قیام کی مخالفت کرتے ہوئے علامہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کو متنبہ کیا تھا کہ اس مثال کو ہرگز نہ اپنائیں۔ علامہ نے اس کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ جدید مسلم ریاست میں منتخب اراکین پارلیمان کو مکمل اختیار ہوتا ہے کہ وہ اپنے لوگوں کے لیے قوانین بنائے اور اگر علماء چاہتے ہیں کہ وہ قوانین بنائیں یا قانون سازی پر اثر انداز ہونا چاہتے ہیں تو پھر انہیں چاہیئے کہ انتخاب کے ذریعے منتخب ہو کر پارلیمان میں آئیں اور قانون سازی کے عمل میں شرکت کریں۔

جنرل ضیاء کے قانون سازی اور اسلام کی تشریح کے مطلق اختیارات حاصل کرنے سے پہلے تک پاکستان میں آئینی طریقہ کار یہ تھا کہ قوانین بنانے کا مکمل اختیار پارلیمنٹ کے پاس تھا۔ اس اصول کے دوبارہ اطلاق سے انکار کی صورت میں پاکستان کو قانونی بحران کا سامنا کرنا پڑے گا۔

اب ہمارے ہاں اٹھائے جانے والے سوالات کے جواب حاصل کرنے کی ضرورت سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت ایک مرتبہ پھر رجعت پسند لابی کو خوش کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ مذہبی سیاسی جماعتوں کے ساتھ خواتین پر تشدد کے خلاف پنجاب اسمبلی کے ایکٹ میں ممکنہ تبدیلیوں کے حوالے سے صلاح مشورہ کیا جا رہا ہے۔ اصولی طور پر تو کسی بھی قانون کے بارے میں ناقدین کے کسی بھی گروپ کے ساتھ بات چیت کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن عوام میں اس وقت شکوک اور شبہات پیدا ہوتے ہیں جب معلوم ہوتا ہے کہ اس فراخدلانہ پالیسی کا فائدہ صرف مذہبی سیاسی جماعتوں کو ہو رہا ہے۔

بدقسمتی سے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حکومت نے ماضی میں رجعت پسند عناصر کو خوش کر کے اٹھائے جانے والے نقصان سے سبق حاصل نہیں کیا۔ قرارداد مقاصد کے مصنفین کا خیال تھا کہ مذہبی جماعتیں انہیں اس دستاویز کی اپنی مرضی کی تشریح اور توضیح کرنے دیں گی لیکن ان کا یہ خیال بہت جلد غلط ثابت ہو گیا تھا۔ بھٹو حکومت کا خیال تھا کہ احمدیوں کے خلاف ہونے والا احتجاج اس وقت ختم ہو جائے گا جب احمدیوں کو اقلیت قرار دے دیا جائے گا۔ اس منطق نے بہت سے مسائل کو جنم دیا۔ بہت سے لوگوں کا خیال تھا کہ مدارس میں ضیاء الحق کی ''سرمایہ کاری'' کا لوگوں کے سیاسی میلان اور رجحان پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ امید ہی کی جا سکتی ہے کہ انہیں اب سمجھ آ گئی ہوگی کہ وہ غلطی پر تھے۔

پاکستان کے مسلمانوں کی زندگیوں میں مذہب کی جو اہمیت ہے، اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ لوگوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے کے خلاف بہت کچھ کہا جا سکتا ہے۔ کوئی بھی ذی ہوش شخص تشدد ترک کرنے والے مذہبی کارکنوں کیخلاف طاقت کے استعمال کی حمایت نہیں کرے گا۔ لیکن ایک بات ذہن میں رکھنی چاہیئے کہ سمجھوتہ کرنا اور طاقت کا استعمال ہی وہ طریقے نہیں ہیں جن کے ذریعے مفاد عامہ کو تحفظ دینے والے لوگ امن عامہ بحال رکھ سکتے ہیں۔ مذہبی معاملات پر گفتگو کی اجارہ داری مولاناؤں کے حوالے کر کے ہم نے رجعت پسندوں کو اس قدر فوقیت دے دی ہے جس کے وہ کسی بھی طرح حقدار نہیں تھے۔

ایک وقت تھا جب برصغیر کے مسلمان اپنے عقیدے کی انتہائی لبرل شکل کی پیروی کرنے میں فخر محسوس کرتے تھے لیکن آج اس روایت کو خارجیت پسند سیاست کی قربان گاہ پر قربان کر دیا گیا ہے۔ اگرچہ وقت متوازن بین المذہب گفت وشنید شروع کرنے کے لئے اقدامات کی شدید ضرورت ہے تاہم حکام اور علماء اپنے مسائل پارلیمان میں رکھیں جس کے رتبے کی کسی بھی فریق نے مذمت نہیں کی۔

(انگریزی سے ترجمہ، بشکریہ ڈان)

خاتون کے ساتھ زیادتی کے معاملے پر جرگے کا انعقاد

سانگھڑ ضلع سانگھڑ کی تحصیل جام نواز علی کے شہر بیرانی میں 02اپریل 2016 کو جرگہ کیا گیا جس میں 18ماہ قبل ایک شادی شدہ عورت کے ساتھ مبینہ زیادتی کے مجرموں پر27لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ محمد اختر راجپوت کی بیوی کو جنسی تشدد کا نشانہ بنایا گیا تھا۔ فیصلہ سابق رکن قومی اسمبلی محمد خان جونیجو کی قیادت میں مری ہاؤس پر کیا گیا جس میں مدعی و ملزمان، دونوں فریقین اور دیگرافراد شریک ہوئے۔ پی پی کے رہنما سید یار محمد شاہ اور جان محمد مری نے دونوں فریقین کی باتیں سننے کے بعد ایک ملزم طالب راجپوت پر جرم ثابت ہونے پر اسے 17لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا اور ملزمان جہانزیب اور عادل راجپوت پر 5,5لاکھ جرمانہ عائد کیا گیا۔ بعد میں دونوں فریقین کو آپس میں ملا دیا گیا۔ بیرانی پولیس اسٹیشن پر اختر راجپوت نے ملزمان کے خلاف مقدمہ بھی درج کروایا تھا۔ (ابراہیم خلجی)

30-04-2016اوکاڑہ:فیکٹ فائنڈنگ مشن

انسانی حقوق کے کارکنان پر جھوٹے مقدمہ کا اندراج

ملتان 20اپریل 2016 کو پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق، ملتان ٹاسک فورس کے دفتر میں بھٹہ مزدور رہنماؤں کے خلاف درج کئے گئے جھوٹے مقدمہ کے خلاف پریس کانفرنس منعقد کی گئی جس میں انسانی حقوق کے کارکنوں اور سماجی تنظیموں کے عہدیداروں نے شرکت کی ۔ پریس کانفرنس میں پنجاب بھٹہ مزدور فیڈریشن (رجسٹرڈ) کی خواتین ونگ کی انچارج رانی بی بی زوجہ غلام شبیر، مسماۃ شکیلہ بی بی، عبدالمجید، محمد راشد اور 4 سالہ دعا فاطمہ کو گرفتار کر کے ان کے خلاف پولیس تھانہ مظفر آباد ملتان کی جانب درج کئے گئے جھوٹے مقدمہ نمبر 253/16 زیردفعہ 511/386/420/419 کے خلاف شدید مذمت کی گئی۔ سماجی تنظیموں کی جانب سے پرزور مطالبہ کیا گیا کہ رانی بی بی اور اس کے ساتھیوں کے خلاف درج کئے گئے جھوٹے اور من گھڑت مقدمہ کو فوری طور پر خارج کیا جائے اور ان سب کو فی الفور رہا کیا جائے ۔ بھٹہ مالک غلام مصطفیٰ ولد عطاءاللہ سکنہ منٹھار برکس کمپنی حامد پور کنورہ نے پولیس تھانہ مظفر آباد میں رانی بی بی اور ان کے ساتھیوں کے خلاف جھوٹا مقدمہ درج کروایا تا کہ رانی بی بی بھٹہ پر ہونے والے مزدوروں کے استحصال اور جبری مشقت جیسے گھناؤنے جرائم پر خاموش رہے۔

پولیس نے چائلڈ لیبرا یکٹ 2016 و پنجاب گزٹ کی خلاف ورزی کرنے پر بھٹہ مالکان کے خلاف کاروائی کرنے کی بجائے سماجی کارکنوں جو کہ بھٹہ مزدوروں کے حقوق کی جنگ لڑ رہے ہیں، کے خلاف جھوٹا اور بے بنیاد مقدمہ درج کیا جو کہ قابل افسوس عمل ہے۔ سول سوسائٹی کی جانب سے یہ بھی مطالبہ کیا گیا کہ حکومت انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا فوری نوٹس لے اور انسانی حقوق کے کارکنان پر جھوٹے مقدمات درج کرانے والے تمام افراد کے خلاف قانونی کاروائی کرے اور انسانی حقوق کے محافظین کو تحفظ فراہم کرے۔ HRCP نے گرفتار کئے گئے رانی بی بی اور ان کے ساتھیوں کو مفت قانونی امداد دینے کا بھی اعلان کیا۔

پریس کانفرنس میں جسٹس اینڈ پیس کمیشن ملتان، پنجاب بھٹہ مزدور یونین، انسان دوست ایسوسی ایشن اور HRCP ملتان ٹاسک فورس کے عہدیداران نے شرکت کی۔

(ایچ آر سی پی، ملتان ٹاسک فورس)

خاتون اور مرد کا قتل

سبی سبی کے نواحی علاقہ گاؤں مل ہاڑہ میں پرانی دشمنی کے تنازعہ میں خاتون سمیت نوجوان قتل۔ 23.03.2016 کو سبی کے نواحی علاقہ گاؤں مل ہاڑہ میں پرانی دشمنی کے شاخسانہ میں نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے محبّ علی ہاڑہ اور خاتون مسماۃ (ز) کو قتل کر دیا۔ اطلاع ملتے ہی لیویز فورس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور نعشوں کو تحویل میں لے کر ضروری کاروائی کے لیے ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پہنچایا۔ عینی شاہدین کے مطابق قتل کی وجہ پرانی دشمنی تھی۔ (عالم

بیوی کو قتل کر دیا

پیر محل گھریلو تنازعہ پر ایک شخص نے اپنی بیوی کو قتل کرنے کے بعد خود کو پولیس کے حوالے کر دیا۔ پیر محل کی مضافاتی بستی ذوالفقار ٹاؤن کے محمد عارف نے یکم اپریل کو مبینہ طور پر گھریلو جھگڑے پر دلبرداشتہ ہوتے ہوئے اپنی بیوی سمیرا بی بی کو ایک روز قبل قتل کر دیا تھا۔ سمیرا چار بچوں کی ماں تھی جسے عارف نے چھریوں کے وار کر کے قتل کیا ہے۔ دو دن بعد قاتل شوہر نے پولیس کو آلہ قتل سمیت اپنی گرفتاری پیش کر دی۔ (نامہ نگار)

جڑواں ریاستوں کی کتھا

آئی۔اے۔رحمٰن

بھارت کا دورہ کرنے والے وہ پاکستانی جو عام طور پر اپنے ملک کے مستقبل کے حوالے سے پریشان نظر آتے ہیں، اس وقت سکون محسوس کرتے ہیں جب بھارتی افراد کی ایک خاصی تعداد اپنے ملک کے حوالے سے پریشانی کا اظہار کرتی نظر آتی ہے۔شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ ہمزاد ریاستیں متعدد ایسے مسائل کا سامنا کرتی ہیں جن کے درمیان بہت زیادہ مماثلت پائی جاتی ہے۔اور دونوں ریاستوں کے عوام برصغیر کی مشترکہ ثقافت میں ان کا حل تلاش کرتے ہیں۔اس کی مثال میں اپریل کے تیسرے ہفتے کے دوران دہلی میں بائیں بازو کی طرف جھکاؤ رکھنے والے دانشوروں اور سماجی سطح پر متحرک افراد کے اجتماعات میں ہونے والے بحث مباحثہ کے حوالے سے دوں گا۔ان اجتماعات میں جس تشویش کا اظہار بار بار کیا جارہا تھا وہ یہ تھا کہ اگر کیسری یا زعفرانی بریگیڈ تمام معاملات ہندُتوا کے تحت طے کرداتا رہا تو پھر ہندوستان کا کیا ہوگا۔اس کے خلاف مزاحمت کی چنگاریاں نظر آتی ہیں۔مثال کے طور پر ادیبوں اور فنکاروں نے ریاستی ایوارڈ وصول کرنے سے انکار کردیا۔ یا جواہرلال نہرو یونیورسٹی کے طالب علم رہنماؤں نے اپنی دلیرانہ سرکشی کے ذریعے ہندُتوا کی مزاحمت کی۔لیکن عمومی طور پر جو نتیجہ اخذ کیا گیا وہ یہ تھا کہ ان اقدامات سے امید اور حوصلہ تو ملے لیکن اس سے کسی ایسی تحریک نے جنم نہیں لیا جو اس لغو اور پُرفریب شعبدہ کے خلاف عام لوگوں کو سڑکوں پر لے آتی اور جو وقت کی سب سے بڑی ضرورت تھی۔

یہ بات بھی مشاہدے میں آئی کہ رجائیت پسندوں کے جوش وخروش میں کمی آئی ہے۔ہوسکتا ہے کہ اس کی وجہ یہ ہو کہ آزاد خیال افراد کو آگے آنے دیا گیا (جن کے بارے میں متفقہ رائے یہی تھی کہ ان پر کسی صورت انحصار نہ کیا جائے) جس کی کوئی زیادہ ضرورت نہیں تھی۔لیکن آخر کار کسی نے یہ کہہ کر بحث کو مختصر کردیا کہ بھارت کبھی بھی بنیاد پرستی کی جنگ میں شریک نہیں ہوگا اس لیے کہ اس کی معاشرت میں برداشت اور تحمل کی روایات بہت گہری ہیں اس لیے بے حد مضبوط و مستحکم ہیں۔پاکستان میں اس قسم کے اجتماعات میں ایسی مماثلات شاید ہی مل سکیں۔ ہمارے ہاں کے اجتماعات میں سول سوسائٹی کی غیر یقینی کی کیفیت پر گریہ زاری (اس میں ریاستی حکام بھی شریک ہوتے ہیں) کی جاتی ہے لیکن افق پر کہیں کوئی روشن ستارہ نظر نہیں آتا، امید کی کوئی کرن دکھائی نہیں دیتی۔تو کیا اس کا مطلب یہ لیا جائے کہ بھارت اور پاکستان دونوں ایسے لوگوں کے ہاتھوں نقصان اٹھاتے رہیں گے جن کے پاس منتر ہیں، جن کے پاس مذہب کے پھندے ہیں اور جن کی رائے کو ٹھکرانے کا مطلب مذہبی کی توہین ہے اور مذہب کی توہین کس قانون کے نفاذ کی دعوت دیتی ہے۔بہرحال ہمارے ہاں یہ محال ہے کہ عدلیہ انتظامیہ کو چیلنج نہ کرنے یا قانون ساز ادارے کی سبکی کی خاطر اس کی حیثیت سے انحراف نہ کیا جائے۔آخری بار یہ سپریم کورٹ کے سابق جج تھے جنہوں نے قانون میں ترمیم کرنے پر پارلیمنٹ کی سرزنش کی کہ ترمیم کا مقصد صرف اتنا تھا کہ ایک اٹھارہ سالہ نوجوان کو پھانسی دی جاسکے۔

اس بار یہ کام اترا کھنڈ ہائی کورٹ نے سرانجام دیا۔صدر نے ریاستی حکومت کو برطرف کردیا تھا جس پر اترا کھنڈ ہائی کورٹ صدر کے اس فیصلے پر سخت غصے میں آئی۔صدر کی شخصیت مقتدر ہوتی ہے۔عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا اگرچہ صدر مقتدر شخصیت ہوتا ہے لیکن وہ بھی ہولناک غلطی کا مرتکب ہوسکتا ہے۔ بحران اس وقت پیدا ہوا جب وزیراعلیٰ کے حامیوں نے حزب اختلاف بی جے پی میں شمولیت اختیار کی اور صدر نے اسٹیبلشمنٹ کے اس نکتہ نظر سے اتفاق کرلیا کہ حکومت ٹوٹ گئی تھی۔اب بی جے پی شدت سے منتظر تھی کہ اس کو ریاستی حکومت بنانے کی دعوت دی جائے۔آخری نتیجہ کچھ بھی ہو، بی جے پی پر یہ الزام تو آنا ہی تھا کہ اس نے ریاستی حکومت کو گرانے کے لیے جوڑ توڑ کیا تھا۔

آخری بار یہ سپریم کورٹ کے سابق جج تھے جنہوں نے قانون میں ترمیم کرنے پر پارلیمنٹ کی سرزنش کی کہ ترمیم کا مقصد صرف اتنا تھا کہ ایک اٹھارہ سالہ نوجوان کو پھانسی دی جاسکے۔

سیاست کے پاکستانی طلبہ کے لیے یہ کوئی حیران کن صورت حال نہیں تھی۔اور نہ ہی اس کہانی میں کوئی حیرت زدہ کردینے والی بات تھی۔ آزادی کے ابتدائی دنوں میں بھارت اور پاکستان دونوں ملکوں میں حکمران جماعتیں حزب اختلاف کی کسی جماعت کو کیسے برداشت کرسکتی تھیں کہ وہ ریاست یا صوبے میں اپنی حکومت بنائیں لیکن ایک خیال یہ تھا کہ بھارت میں اس وقت اس عمل کا خاتمہ ہوگیا تھا جب آندھرا کے وزیراعلیٰ اسمبلی میں اپنے تمام حامیوں کو ساتھ لے کر جہاز کے ذریعے دارالحکومت پہنچ گئے اور مرکز کو مجبور کیا کہ وہ وزیراعلیٰ کی برطرفی کے احکامات واپس لے لیکن پاکستان میں تادیر یہ سلسلہ جاری رہا اور یہاں پر تمام تر طاقت کے مرکز صدر صاحبان بار بار قومی اسمبلی توڑتے رہے۔ جہاں تک عدلیہ اور انتظامیہ کے تعلقات کا معاملہ ہے تو یہ واضح نہیں کیا کہ بھارت پاکستان کی تقلید کر رہا تھا یا پاکستان بھارت کے ابتدائی سالوں کے تجربات پر عمل کر رہا تھا۔ ہوسکتا ہے کہ پاکستان کے چیف جسٹس صاحبان ذہنی کرب کے باعث تخلیہ میں آنسو بہاتے ہوں لیکن ایسا کوئی واقعہ سامنے نہیں آیا کہ انہوں نے سیاسی حکام کے سامنے کسی قسم کے اضمحلال کا اظہار کیا ہو لیکن بھارت کے چیف جسٹس ٹی ایس ٹھاکر کے بارے میں کہی جاسکتی ہے۔اب ہوسکتا ہے کہ انہوں نے اپنے ذاتی مفاد کی بجائے انصاف کی خاطر دلائل دیتے ہوئے ڈبڈبائی آنکھوں سے اس کا اظہار مناسب سمجھا ہو۔ بہرحال امید ہی کی جاسکتی ہے کہ ان کے اشکبار استدلال سے سرکار کی اس حد تک حوصلہ افزائی نہیں ہوگی کہ عدالتیں مودی کے وفاداروں سے بھرنی شروع ہوجائیں۔جسٹس ٹھاکر اپنے برادر ججوں کے سربراہ کے طور پر خود کو برقرار رکھنے کے لیے انتظامیہ کے ساتھ اس سے بہتر اور کیا سودے بازی کرسکتے تھے۔

دہلی کی حکومت نے نجی تعلیمی اداروں کو فیسیں بڑھانے سے روکنے کا جو فیصلہ کیا، اس سے پاکستانی پنجاب کے عوام کو اس قسم کا وہ اقدام ضرور یاد آیا ہوگا جو کچھ عرصہ قبل ان کی صوبائی حکومت نے اٹھایا تھا۔دونوں طرف کے نجی تعلیمی اداروں نے جو اسباب وعلل بتائے ہیں، وہ ایک جیسے ہی ہیں۔اور وہ یہ ہیں: اساتذہ پر اٹھنے والے اخراجات میں اضافہ، عمارتوں کے کرائے اور غیر نصابی سہولتوں پر اٹھنے والے اخراجات میں اضافہ۔ والدین بیچارے شکائتیں کرتے ہیں کہ وہ اتنی بھاری فیسوں کا بوجھ برداشت نہیں کرسکتے لیکن ایسا لگتا ہے کہ دہلی ہو یا لاہور، طلبہ کے والدین کے لیے یہ مقدمہ جیتنا ممکن نظر نہیں آتا۔اگرچہ بھارتی سرکار نے لوگوں کا یہ بھروسہ تو بہرحال جیتا ہے کہ اس نے نجی اداروں کو مجبور کردیا کہ وہ غریب طلبہ کو فیس میں کمی کی سہولت مہیا کریں۔ نجی سکولوں کے سرپرستوں کو بھی احساس ہوا ہے اور امکان ہے کہ وہ اس استدلال کو تسلیم کرلیں کہ وہ جو چیز اپنے بچوں کے لیے پسند نہیں کرتے وہ دوسروں کے بچوں پر کیوں لاگو کی جائے۔ جدید آزاد خیال بڑے لوگ والدین کے سامنے نہیں جھکیں گے جو تسلیم کرتے ہیں کہ وہ متمول لوگ نہیں ہیں۔ایسا تو ہو نہیں سکتا کہ آپ دہلی میں ہوں اور میٹرو ٹرین نیٹ ورک کی توسیع پر آپ حیرت زدہ نہ ہوں۔ یہ بھی نہیں ہوسکتا کہ ٹریفک کو محدود کرنے کی منصوبہ بندی آپ کو حیرت زدہ نہ کردے جس کے باعث سرکاری ٹرانسپورٹ چلانے والوں کے منافعوں میں معتدبہ اضافہ ہوا۔

کاروں کے مراعات یافتہ مالکان اپنی چال یا حکمت عملی کو خفیہ نہیں رکھتے کہ وہ کار استعمال کرنے والے ہر شخص کے لیے دو کاریں رکھ کر اس نظام کو ناکام بنانے میں کامیاب ہوگئے ہیں۔ان میں سے ایک کار طاق دنوں کے لیے اور دوسری کار باقی دنوں میں چلانے کے لیے۔گرمی کی شدت اور پانی کی کمی کے باوجود دہلی کو جو چیز تازہ اور پُررونق رکھتی ہے، وہ اس کی ثقافتی سرگرمیاں ہیں جو ہر حالت میں جاری وساری رہتی ہیں۔ بہرم خان کے بیٹے عبدالرحیم خان خاناں کے مزار پر جانا اچھا لگا۔وہ مغل دربار کے قابل ترین افراد میں سرفہرست تھے۔عبدالرحیم خان خاناں نے نوعمر بادشاہ اکبر کو تخت وتاج دلوانے میں اہم ترین کردار ادا کیا تھا۔ ان کا مزار خستہ حال تھا مگر اب اس کو اس کی اصلی حالت میں بحال کردیا گیا ہے۔

صحافیوں کا معتوب ہونا

پاکستان کو یہ ’’امتیاز‘‘ حاصل ہے کہ اس کا شمار صحافیوں کے لیے خطرناک ترین ملکوں میں ہوتا ہے۔حکومت میں تبدیلی سے قبل سری لنکا میں صحافیوں کے ساتھ عمومی طور پر بُرا سلوک کیا جاتا تھا۔اب بنگلہ دیش نے صحافیوں کو اندھا دھند تشدد کا نشانہ بنانا شروع کردیا ہے۔لیکن نیپال کی جمہوری حکومت کو کیا ہوا ہے کہ کنک مانی ڈکشٹ کو جیل بھیج دیا گیا ہے؟ ویسے انہیں دشمن بنانے کا ملکہ حاصل ہے۔اگر تو انہیں اس وجہ سے سزا دی گئی ہے تو پھر بھی انہیں اس لیے عزت دینی چاہیے، ان کو توقیر کی جانی چاہیے کہ وہ جنوبی ایشیاء کی شناخت، پہچان ہیں۔

(انگریزی سے ترجمہ، بشکریہ ڈان)

کاری، کارو کہہ کر مار ڈالا:

مختلف اخبارات میں شائع ہونے والی خبروں اور ''جہد حق'' کے نامہ نگاروں کی جانب سے بھجوائی جانے والی رپورٹوں کے مطابق 25 مارچ سے 24 اپریل تک 7 افراد پر کاروکاری کا الزام لگا کر قتل کر دیا گیا۔ جن میں 6 خواتین اور ایک مرد شامل ہیں۔

تاریخ	نام	جنس	عمر	ازدواجی حیثیت	ملزم کا نام	آلہ واردات	ملزم کا متاثرہ عورت /مرد سے تعلق	مقام	واقعہ کی بظاہر کوئی اور وجہ	ایف آئی آر درج/ نہیں	ملزم گرفتار/ نہیں	اطلاع دینے والے HRCP کارکن/اخبار
27مارچ	شام گولو	خاتون	28برس	ـ	اللہ بخش لاشاری	بندوق	دیور	گوٹھ جکھرانی، کندکوٹ	ـ	درج	گرفتار	کاوش
5اپریل	ـ	خاتون	ـ	شادی شدہ	علی نواز، مشتاق	بندوق	شوہر، ساتھی	گوٹھ گل محمد جتوئی، دادو	ـ	درج	گرفتار	کاوش
11اپریل	نسیمہ شر	خاتون	ـ	غیر شادی شدہ	محمود شر، دھنی بخش	بندوق	اہل علاقہ	گوٹھ سمندر، گھوٹکی	ـ	درج	ـ	کاوش
11اپریل	موکل	خاتون	20برس	شادی شدہ	علی خان مارفانی	بندوق	سوتیلا بیٹا	گوٹھ کنڈ مارفانی، شکارپور	ـ	درج	ـ	کاوش
13اپریل	محمد رحیم	مرد	30برس	شادی شدہ	محمد عمر	ـ	اہل علاقہ	ٹھل، جیکب آباد	ـ	درج	ـ	عوامی آواز
18اپریل	لبیہ جمالی	خاتون	17برس	غیر شادی شدہ	اسلم جمالی	بندوق	رشتے دار	گوٹھ لائق جمالی، سانگھڑ	ـ	درج	ـ	کاوش
20اپریل	سلیمت جاگرانی	خاتون	45برس	شادی شدہ	شہمیر جاگیرانی	کلہاڑی	شوہر	گوٹھ میاں لعل، لاڑکانہ	ـ	درج	گرفتار	عوامی آواز

جنسی تشدد کے واقعات:

مختلف اخبارات میں شائع ہونے والی خبروں اور جہد حق کے نامہ نگاروں کی جانب سے بھجوائی جانے والی رپورٹوں کے مطابق 25 مارچ سے 24 اپریل تک 110 افراد کو جنسی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ جنسی زیادتی کا شکار ہونے والوں میں 74 خواتین شامل ہیں۔ 52 واقعات کے مقدمات درج کیے گئے اور 18 واقعات میں ملوث افراد گرفتار ہوئے۔

تاریخ	نام	جنس	عمر	ازدواجی حیثیت	ملزم کا نام	ملزم کا متاثرہ عورت /مرد سے تعلق	مقام	ایف آئی آر درج / نہیں	ملزم گرفتار/ نہیں	اطلاع دینے والے HRCP کارکن/اخبار
25مارچ	ـ	بچی	4برس	غیر شادی شدہ	خاور	کزن	عفان جی ٹاؤن، گجراں والا	ـ	گرفتار	ایکسپریس
25مارچ	ـ	بچی	12برس	غیر شادی شدہ	سرور	اہل علاقہ	حسن کے آرائیاں، پاکپتن	درج	گرفتار	ایکسپریس
25مارچ	مہر علی	بچہ	10برس	غیر شادی شدہ	ـ	اہل علاقہ	شاہدرہ ٹاؤن، لاہور	ـ	ـ	ایکسپریس
26مارچ	انعم	خاتون	23برس	غیر شادی شدہ	نواز	اہل علاقہ	چک 16 جنوبی، بھلوال	ـ	ـ	نوائے وقت
26مارچ	شہباز احمد	بچہ	9برس	غیر شادی شدہ	تابو	اہل علاقہ	چک نمبر 53 گ ب، جڑاں والا		ـ	نوائے وقت
26مارچ	ع	خاتون	ـ	ـ	بابر	اہل علاقہ	فیصل آباد	ـ	ـ	نوائے وقت
26مارچ	ـ	بچی	8برس	غیر شادی شدہ	احسان	کزن	گاؤں گرین، قصور	ـ	ـ	نوائے وقت
28مارچ	ـ	بچہ	9برس	غیر شادی شدہ	محسن	اہل علاقہ	گنڈا سنگھ والا، قصور	درج	ـ	نیشن
28مارچ	بلال	بچہ	8برس	غیر شادی شدہ	احسان	اہل علاقہ	گاؤں پلوسی، پشاور	درج	ـ	روزنامہ آج
29مارچ	ش	خاتون	ـ	شادی شدہ	عمران	اہل علاقہ	منصور آباد، فیصل آباد	ـ	ـ	نوائے وقت

تاریخ	نام	جنس	عمر	ازدواجی حیثیت	ملزم کا نام	ملزم کا متاثرہ عورت/مرد سے تعلق	مقام	ایف آئی آر درج/نہیں	ملزم گرفتار/نہیں	اطلاع دینے والے HRCP کارکن/اخبار
29مارچ	حسن جاوید	بچہ	ـ	غیرشادی شدہ	عابد	اہل علاقہ	چک 223 رب، فیصل آباد	ـ	ـ	نوائے وقت
29مارچ	الف	خاتون	16برس	غیرشادی شدہ	کاشف	اہل علاقہ	ہاؤسنگ کالونی، ٹوبہ ٹیک سنگھ	ـ	ـ	نوائے وقت
29مارچ	ن	خاتون	ـ	شادی شدہ	عمران	اہل علاقہ	منڈی شاہ جیونہ	ـ	ـ	نوائے وقت
29مارچ	ع۔ب	خاتون	ـ	شادی شدہ	رانجھا	اہل علاقہ	موضع بدھور جیانہ، جھنگ	ـ	ـ	نوائے وقت
29مارچ	ف	خاتون	ـ	شادی شدہ	سجاد ملاح	اہل علاقہ	چونڈکو، خیرپور	درج	ـ	روزنامہ کاوش
30مارچ	ط	خاتون	ـ	غیرشادی شدہ	تصدق علی مہر	اہل علاقہ	محلہ اسلام آباد، علی پور چٹھہ	درج	ـ	خبریں
30مارچ	ـ	بچہ	13برس	غیرشادی شدہ	سیف اللہ	معلم	گاؤں بچکان احمد زئی، لکی مروت	درج	گرفتار	ایکسپریس ٹریبیون
31مارچ	ش	خاتون	ـ	ـ	شیر علی	اہل علاقہ	حیات آباد فیز 3، پشاور	ـ	ـ	نوائے وقت
یکم اپریل	ـ	خاتون	ـ	غیرشادی شدہ	اسلم	منگیتر	محلّہ سمن آباد، راولپنڈی	درج	ـ	نیشن
2اپریل	ـ	بچی	10برس	غیرشادی شدہ	عامر	اہل علاقہ	چک نمبر 215 رب، فیصل آباد	ـ	ـ	نوائے وقت
2اپریل	ـ	بچہ	12برس	غیرشادی شدہ	مبین	اہل علاقہ	گاؤں باقر کے، قصور	ـ	ـ	نوائے وقت
2اپریل	ش	خاتون	ـ	شادی شدہ	چودھری حسام	اہل علاقہ	عمونکی، شیخوپورہ	درج	ـ	نوائے وقت
2اپریل	علی حمزہ	مرد	15برس	غیرشادی شدہ	مشتاق احمد	اہل علاقہ	مدینہ ٹاؤن، فیصل آباد	ـ	ـ	نوائے وقت
3اپریل	ص	خاتون	ـ	ـ	سرور	اہل علاقہ	چک 61 ج ب، فیصل آباد	ـ	ـ	نوائے وقت
3اپریل	ب	خاتون	ـ	ـ	قطب	اہل علاقہ	گاؤں 1 کے بی، پاکپتن	ـ	ـ	نوائے وقت
3اپریل	ـ	بچہ	ـ	غیرشادی شدہ	ـ	اہل علاقہ	ساہیوال	ـ	ـ	نوائے وقت
3اپریل	شنکر میگھواڑ	بچہ	12برس	غیرشادی شدہ	پریو چوہان، ساتھی	اہل علاقہ	ٹنڈو محمد خان	درج	ـ	روزنامہ کاوش
4اپریل	ش	خاتون	ـ	غیرشادی شدہ	اشتیاق احمد	اہل علاقہ	فیروزوالا	ـ	ـ	نوائے وقت
4اپریل	ب	خاتون	ـ	غیرشادی شدہ	وقاص	اہل علاقہ	فیروزوالا	ـ	ـ	نوائے وقت
4اپریل	س	بچی	4برس	غیرشادی شدہ	آصف	اہل علاقہ	ملتان	درج	گرفتار	نوائے وقت
4اپریل	ر	خاتون	ـ	ـ	شاہد	اہل علاقہ	کوٹ دیوان، پاکپتن	ـ	ـ	نوائے وقت
4اپریل	ذیشان	بچہ	ـ	غیرشادی شدہ	تاج محمد	ـ	یکہ توت، پشاور	درج	گرفتار	آج
4اپریل	علی حسنین	بچہ	ـ	غیرشادی شدہ	آصف علی، جابر علی	اہل علاقہ	چنیوٹ	ـ	ـ	نوائے وقت
5اپریل	الف	خاتون	18برس	غیرشادی شدہ	اسد، فیضی	اہل علاقہ	مغل چک، لدھے والا وڑائچ، گجراں والا	ـ	ـ	نوائے وقت
5اپریل	ک	خاتون	ـ	غیرشادی شدہ	اقبال	اہل علاقہ	58 ڈی، پاکپتن	ـ	ـ	نوائے وقت

تاریخ	نام	جنس	عمر	ازدواجی حیثیت	ملزم کا نام	ملزم کا متاثرہ عورت/مرد سے تعلق	مقام	ایف آئی آر درج/نہیں	ملزم گرفتار/نہیں	اطلاع دینے والے HRCP کارکن/اخبار
6اپریل	-	بچہ	-	غیرشادی شدہ	تہذیب	اہل علاقہ	ذوالفقار کالونی، حافظ آباد	درج	-	نیوز
6اپریل	پ	خاتون	-	شادی شدہ	ظہور احمد	اہل علاقہ	616 گ ب، فیصل آباد	-	-	خبریں
6اپریل	آصف	بچہ	13برس	غیرشادی شدہ	اسلم	اہل علاقہ	موضع قائم بھروانہ، جھنگ	-	-	نوائے وقت
7اپریل	ت	بچی	5برس	غیرشادی شدہ	-	اہل علاقہ	قادی ونڈ روڈ، قصور	درج	-	خبریں
7اپریل	-	بچی	8برس	غیرشادی شدہ	شفیق	اہل علاقہ	سبزہ زار، لاہور	درج	گرفتار	ایکسپریس
7اپریل	ر	بچی	10برس	غیرشادی شدہ	راشد	اہل علاقہ	وڈالہ سندھواں، ڈسکہ	درج	-	نئی بات
8اپریل	س	خاتون	17برس	غیرشادی شدہ	-	رشتے دار	صالح پٹ، سکھر	درج	-	روزنامہ کاوش
8اپریل	عبدالمعید	بچہ	12برس	غیرشادی شدہ	شہزاد	اہل علاقہ	چک140ای بی، پاکپتن	-	-	نوائے وقت
8اپریل	ن	خاتون	-	غیرشادی شدہ	فہیم عباس	اہل علاقہ	چک452 گ ب، فیصل آباد	-	-	نوائے وقت
8اپریل	ز	خاتون	15برس	غیرشادی شدہ	خالد لطیف	اہل علاقہ	ڈجکوٹ، فیصل آباد	-	-	نوائے وقت
9اپریل	عمران شیخ	مرد	-	-	احمد خان، صدام، عالم ملاح	اہل علاقہ	سینٹرل جیل، حیدرآباد	درج	گرفتار	روزنامہ کاوش
9اپریل	کاشف مگسی	مرد	16برس	غیرشادی شدہ	-	اہل علاقہ	گوٹھ ذکریا، لاڑکانہ	درج	-	روزنامہ کاوش
9اپریل	نولیس کھنبر	مرد	17برس	غیرشادی شدہ	-	اہل علاقہ	گوٹھ ذکریا، لاڑکانہ	درج	-	روزنامہ کاوش
9اپریل	ص	خاتون	-	-	اسلم جمالی	اہل علاقہ	ڈگری، میرپورخاص	درج	گرفتار	روزنامہ کاوش
9اپریل	-	بچی	3برس	غیرشادی شدہ	منصوب	اہل علاقہ	چک207 گلوتراں والی، بھوآنہ	درج	-	ایکسپریس
9اپریل	شہباز	بچہ	-	غیرشادی شدہ	جاوید	اہل علاقہ	لوٹ شاہ قبرستان، قصور	درج	-	ایکسپریس
10اپریل	ر	خاتون	-	شادی شدہ	کاشف، ندیم، سرفراز، یعقوب	اہل علاقہ	قصور	درج	-	خبریں
10اپریل	ن	خاتون	-	-	عدیل، ناصر	اہل علاقہ	چک570 گ ب، بچیانہ	-	-	نوائے وقت
10اپریل	ر	خاتون	-	شادی شدہ	شماں	اہل علاقہ	اوکاڑہ	-	-	نوائے وقت
10اپریل	ش	خاتون	-	غیرشادی شدہ	منیر	اہل علاقہ	فیصل آباد	-	-	نوائے وقت
10اپریل	ص	خاتون	12برس	غیرشادی شدہ	مطیع اللہ	خاتون	واپڈا ٹاؤن، گجراں والا	درج	-	خبریں
10اپریل	ف	خاتون	-	-	نواب، شوکت، عارب اوڈ	اہل علاقہ	فیض آباد کالونی، خیرپور	درج	-	عوامی آواز
11اپریل	م	خاتون	-	غیرشادی شدہ	عبدالقدیر	اہل علاقہ	شاداب کالونی، فیصل آباد	-	-	نوائے وقت
11اپریل	ث	خاتون	-	-	عادل عباس	اہل علاقہ	قائدآباد	-	-	نوائے وقت
11اپریل	ب	خاتون	-	شادی شدہ	عتیق	اہل علاقہ	زیڈ بلاک، گورنمنٹ کالونی، اوکاڑہ	-	-	نوائے وقت

تاریخ	نام	جنس	عمر	ازدواجی حیثیت	ملزم کا نام	ملزم کا متاثرہ عورت /مرد سے تعلق	مقام	ایف آئی آر درج /نہیں	ملزم گرفتار/نہیں	اطلاع دینے والے HRCP کارکن/اخبار
11اپریل	پ	خاتون	-	-	عبدالغنی، نذیر، سائیں ڈینو	اہل علاقہ	سکھر	درج	-	روزنامہ کاوش
11اپریل	م	خاتون	-	شادی شدہ	سرور علی	اہل علاقہ	اسلام کوٹ، تھرپارکر	درج	-	روزنامہ کاوش
12اپریل	-	خاتون	20برس	غیرشادی شدہ	کرشن کمار	اہل علاقہ	پمز ہسپتال، اسلام آباد	درج	-	ایکسپریس
12اپریل	الف	خاتون	17برس	غیرشادی شدہ	منٹھار	اہل علاقہ	گوٹھ قاسم تھیبو، ڈگری، میرپورخاص	درج	گرفتار	روزنامہ کاوش
13اپریل	پ	خاتون	-	شادی شدہ	قیصر	اہل علاقہ	سمبڑیال	-	-	نوائے وقت
13اپریل	کاشف	بچہ	5برس	غیرشادی شدہ	شاہد عباس	اہل علاقہ	موضع لاشاری، جھنگ	درج	-	نوائے وقت
13اپریل	ف	بچہ	-	غیرشادی شدہ	شانی	اہل علاقہ	چناب نگر	-	-	نوائے وقت
13اپریل	م	خاتون	-	غیرشادی شدہ	رضااللہ	اہل علاقہ	موضع ڈھولن ہتھاڑ، قصور	درج	-	دنیا
13اپریل	-	خاتون	-	شادی شدہ	عظیم، مجاہد	اہل علاقہ	فیروزوالا	-	-	جنگ
14اپریل	ش	خاتون	16برس	غیرشادی شدہ	-	اہل علاقہ	سادھوکے	-	-	نوائے وقت
15اپریل	پ	خاتون	-	شادی شدہ	خرم شہزاد	بھتیجا	جھال چکیاں، سرگودھا	-	-	خبریں
15اپریل	-	خاتون	-	غیرشادی شدہ	-	اہل علاقہ	موسیٰ کالونی، بہاولپور	-	گرفتار	ایکسپریس ٹریبیون
15اپریل	ص	بچہ	5برس	غیرشادی شدہ	طارق	اہل علاقہ	کوٹ اشرف کھوکھر، قصور	درج	-	ایکسپریس
15اپریل	ابوبکر	بچہ	-	غیرشادی شدہ	راشد علی	اہل علاقہ	اجناور، سانگلاہل	-	گرفتار	نوائے وقت
16اپریل	راجا کوہارو	مرد	15برس	غیرشادی شدہ	عطااللہ، نادر، نثار	اہل علاقہ	خیرپور ناتھن شاہ، دادو	-	-	عوامی آواز
16اپریل	ح	بچہ	8برس	غیرشادی شدہ	فاروق چوہان	اہل علاقہ	بچل شاہ میانی، سکھر	درج	گرفتار	روزنامہ عوامی آواز
16اپریل	م	خاتون	-	-	حیدر،	اہل علاقہ	فیصل آباد	-	-	نوائے وقت
16اپریل	قاسم	بچہ	-	غیرشادی شدہ	گلزیب	اہل علاقہ	چک نمبر 110، چک جھمرہ	-	-	نوائے وقت
16اپریل	ل	خاتون	-	-	احسان	اہل علاقہ	میاں کالونی، فیصل آباد	-	-	نوائے وقت
16اپریل	آصف	بچہ	11برس	غیرشادی شدہ	عارف	اہل علاقہ	موضع حسو بلیل، جھنگ	-	-	نوائے وقت
16اپریل	-	بچی	6برس	غیرشادی شدہ	-	اہل علاقہ	گلشن اقبال، لاہور	-	-	نوائے وقت
16اپریل	-	بچی	5برس	غیرشادی شدہ	-	معلم	ٹیکسلا	درج	گرفتار	ایکسپریس ٹریبیون
16اپریل	ز	خاتون	-	شادی شدہ	علم دین	اہل علاقہ	محمودپورہ، کھڈیاں	درج	-	دنیا
17اپریل	گ	خاتون	-	شادی شدہ	نیاز، عبداللہ، متارو، خانو، جانو، اسمٰعیل	اہل علاقہ	سامارو، عمرکوٹ	درج	-	عوامی آواز
17اپریل	م	بچی	12برس	غیرشادی شدہ	-	اہل علاقہ	محلہ نورخان سنبل والا، کندیاں	درج	-	خبریں

تاریخ	نام	جنس	عمر	ازدواجی حیثیت	ملزم کا نام	ملزم کا متاثرہ عورت/مرد سے تعلق	مقام	ایف آئی آر درج/نہیں	ملزم گرفتار/نہیں	اطلاع دینے والے HRCP کارکن/اخبار
17اپریل	ـ	خاتون	ـ	غیرشادی شدہ	عبداللہ	باپ	36ج ب،فیصل آباد	درج	ـ	خبریں
18اپریل	ـ	خاتون	ـ	غیرشادی شدہ	ـ	اہل علاقہ	برج اٹاری،شیخوپورہ	ـ	ـ	خبریں
18اپریل	عبدالرحمان	بچہ	11برس	غیرشادی شدہ	گلفام	اہل علاقہ	چک نمبر296ج ب،گوجرہ	ـ	ـ	نوائےنوقت
18اپریل	ـ	بچہ	9برس	غیرشادی شدہ	عباس علی	اہل علاقہ	نیوسعیدآباد،ٹمیاری	درج	گرفتار	روزنامہ کاوش
18اپریل	ف	خاتون	ـ	ـ	خالد،الطاف،مہراللہ	اہل علاقہ	مظفرگڑھ	درج	گرفتار	ایکسپریس ٹریبیون
19اپریل	ساگرمسیح	بچہ	10برس	غیرشادی شدہ	شہزاد	اہل علاقہ	گاؤں نندکا تکیہ،قصور	ـ	ـ	نوائےوقت
19اپریل	شکیل احمد	مرد	17برس	غیرشادی شدہ	رانو پنہور	اہل علاقہ	گوٹھ علی بخش،قمبر	درج	ـ	روزنامہ کاوش
20اپریل	ث	خاتون	ـ	غیرشادی شدہ	اسامہ خان	اہل علاقہ	کمپنی باغ،شیخوپورہ	درج	ـ	نوائےوقت
20اپریل	عبدالرحمان	بچہ	10برس	غیرشادی شدہ	عدیل	اہل علاقہ	دھیردےڈوگراں،شیخوپورہ	درج	ـ	نوائےوقت
20اپریل	ـ	خواجہ سرا	ـ	ـ	آصف،سجاد	اہل علاقہ	تھانہ صدر،شکرگڑھ	ـ	ـ	نوائےوقت
20اپریل	ـ	خواجہ سرا	ـ	ـ	آصف،سجاد	اہل علاقہ	تھانہ صدر،شکرگڑھ	ـ	ـ	نوائےوقت
20اپریل	م	بچی	12برس	غیرشادی شدہ	عثمان	اہل علاقہ	غوثیہ کالونی،ماموں کانجن	ـ	ـ	نوائےوقت
21اپریل	ش	خاتون	ـ	ـ	جنید	اہل علاقہ	130/9ایل،ساہیوال	درج	ـ	مشرق
22اپریل	ث۔ح	خاتون	ـ	شادی شدہ	سرور،عمران	اہل علاقہ	ڈئی،بدین	درج	ـ	کاوش
22اپریل	م۔چ	خاتون	17برس	غیرشادی شدہ	مصری،نذیرچانڈیو	اہل علاقہ	نبی سرروڈ،عمرکوٹ	درج	ـ	روزنامہ کاوش
22اپریل	س	خاتون	20برس	ـ	شان	اہل علاقہ	نواں مانیکا،سکھیکی	درج	گرفتار	خبریں
22اپریل	ح	بچی	8برس	غیرشادی شدہ	رحمت انصاری	اہل علاقہ	گاؤں نتھے جاگیر،پھول نگر	ـ	گرفتار	نوائےوقت
22اپریل	پ	خاتون	ـ	غیرشادی شدہ	رمضان	اہل علاقہ	میاں کالونی،فیروزوالا	ـ	ـ	نوائےوقت
22اپریل	ل	خاتون	ـ	غیرشادی شدہ	رضوان	اہل علاقہ	خانقاہ ڈوگراں روڈ،منڈی صفدرآباد	ـ	ـ	نوائےوقت
22اپریل	ـ	خاتون	ـ	غیرشادی شدہ	وقار	اہل علاقہ	بھٹہ نمبر2،پاکپتن	درج	ـ	ایکسپریس
23اپریل	ـ	بچہ	ـ	غیرشادی شدہ	مدنی ماچھی	اہل علاقہ	گاؤں جوک ماچھی،ڈی آئی خان	ـ	ـ	ایکسپریس ٹریبیون
23اپریل	ـ	بچی	13برس	غیرشادی شدہ	ـ	اہل علاقہ	ونڈالہ دیال شاہ،فیروزوالا	درج	ـ	جنگ
23اپریل	ـ	خاتون	30برس	ـ	ـ	اہل علاقہ	چغل پورہ،پشاور	درج	ـ	پاکستان ٹائمز
23اپریل	الف	خاتون	ـ	ـ	رضوان،ذیشان	اہل علاقہ	291 گ ب،رجانہ	درج	گرفتار	خبریں
24اپریل	ـ	بچی	13برس	غیرشادی شدہ	اشرف	اہل علاقہ	73ج ب،جھپال،فیصل آباد	درج	ـ	جنگ

عورتیں

خاتون سے مبینہ اجتماعی زیادتی

پشاور ایک 30 سالہ خاتون کو مبینہ طور پر چار افراد نے بدھ کی رات پشاور کے چغلپورہ علاقے میں ریپ کا نشانہ بنایا۔ جمعرات 21 اپریل کو درج ہونے والی ایف آئی آر کے مطابق بٹ گرام سے تعلق رکھنے والی خاتون چغلپورہ میں اپنے اہلخانہ سے ملنے کے بعد گھر واپس جارہی تھیں کہ چار افراد انہیں زبردستی اپنے ساتھ لے گئے۔ انہیں تین گھنٹے بعد رات کے دو بجے چھوڑ دیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق جمعے کو مقدمے کے مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ پہاڑی پورہ کے اسسٹنٹ سپرنٹینڈنٹ پولیس وسیم ریاض خان کے مطابق متاثرہ خاتون کی جانب سے چار افراد کو ایف آئی آر میں نامزد کیا گیا ہے جبکہ پولیس دیگر تین ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی کررہی ہے۔ اے ایس پی کے مطابق خاتون کی میڈیکل رپورٹ آنے کے بعد مزید کارروائی کی جائے گی۔ ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے مطابق 2015 میں 939 خواتین کو جنسی تشدد، 279 کو گھریلو تشدد جبکہ 143 خواتین کو تیزاب کے حملے کا نشانہ بنایا گیا۔ کمیشن کے مطابق 833 خواتین کو اغوا کیا گیا جبکہ 777 نے خودکشی کی یا اس کی کوشش کی۔ جنوری اور مئی 2015 کے درمیان 9 افراد کو ریپ کے الزام میں پھانسی دی گئی۔

(نامہ نگار)

لڑکی سے مبینہ زیادتی پر پولیس قومی رضا کار کے دو اہلکار گرفتار

کراچی کورنگی انڈسٹریل ایریا کی پولیس نے پولیس قومی رضا کار (پی کیو آر ایس) کے دو اہلکاروں کو ایک لڑکی سے مبینہ ریپ کے الزام میں گرفتار کرلیا۔ ایس پی لانڈھی افنان امین نے بتایا کہ متاثرہ لڑکی کی جانب سے شکایت درج کروائے جانے کے بعد رضا کاروں کو گرفتار کرکے ان کے خلاف ایف آئی آر درج کرلی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس نے متاثرہ لڑکی کو طبی معائنے کے لیے جناح ہسپتال بھیج دیا ہے جبکہ مزید کارروائی ڈاکٹر کی رپورٹ کی روشنی میں کی جائے گی۔ ایڈیشنل پولیس سرجن ڈاکٹر کلیم شیخ نے ڈان کو بتایا کہ خاتون میڈیکولیگل آفیسر نے لڑکی کا معائنہ کیا کرکے رپورٹ کو کیمیکل معائنے کے لیے محفوظ کرلیا ہے۔ لڑکی نے پولیس کو اپنے بیان میں کہا ہے کہ وہ جمعرات کو ایک رکشے میں سفر کررہی تھیں کہ اہلکاروں نے ان، رکشہ روکا اور انہیں زبردستی وہاں قیوم آباد چورنگی کے قریب لے گئے اور انہیں ریپ کا نشانہ بنایا۔ ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے مطابق 2015 میں 939 خواتین کو جنسی تشدد، 279 گھریلو تشدد جبکہ 143 خواتین کو تیزاب کے حملے کا نشانہ بنایا گیا۔

(نامہ نگار)

غیرت کے نام' پر چار افراد کو قتل کردیا گیا

جہلم کے علاقے ڈھوک لونا میں 19 اپریل کو پیش آنے والے واقعے میں ایک مرد اور تین خواتین کو قتل کیا گیا جبکہ قاتل موقع واردات سے فرار ہوگیا۔ ملزم نے اپنی بیٹی، بھابی، بھابی کی والدہ اور بھتیجے کو فائرنگ کر کے قتل کردیا۔ ضلع پولیس افسر جہلم مجاہد اکبر خان کے مطابق ملزم کی بیٹی اور بھتیجے نے دس روز قبل پسند کی شادی کی تھی۔ لڑکی کے والد کو جوڑے کی اپنے بھائی کے گھر میں موجودگی کی خبر ملنے پر انہوں نے اپنی بیٹی، بھتیجے، بھابی اور ان کی والدہ کو فائرنگ کر کے قتل کردیا۔ ڈی پی او کے مطابق پولیس ملزم کو گرفتار کرنے کے لیے چھاپے مار رہی ہے۔ خیال رہے کہ تین ماہ قبل وزیراعظم نواز شریف نے پاکستانی فلمساز شرمین عبید چنائے کو غیرت کے نام پر قتل کے حوالے سے بنائی گئی ڈاکومینٹری کی آسکر ایوارڈز میں نامزدگی پر مبارکباد دیتے ہوئے ملک سے غیرت کے نام پر قتل جیسی 'برائی' کے خاتمے کے عزم کا اظہار کیا تھا۔ پاکستان میں ہر سال 'غیرت کے نام پر' سیکڑوں خواتین اپنے رشتہ داروں کے ہاتھوں قتل ہوجاتی ہیں۔

(انگریزی سے ترجمہ بشکریہ ڈان)

مانسہرہ کی 2 خواتین افسران تبدیلی لانے کیلئے کوشاں

مانسہرہ مانسہرہ میں 2 خواتین افسران اپنی ملازمتوں کو ایک چیلنج کے طور پر لے کر معاشرے میں ایک مثبت تبدیلی لانے کی خواہش مند ہیں۔ مانسہرہ، خیبر پختونخوا کا وہ واحد ضلع ہے، جہاں 2 خواتین پولیس اور محکمہ خوراک میں تعینات کی گئی ہیں۔ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (اے ایس پی) سونیا شمروز خان اور اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر (اے ایف سی) عظمیٰ شاہ مقامی افراد کے لیے کچھ اجنبی ہیں، جنھیں ضلع میں صرف مرد افسران کو ہی دیکھنے کی عادت تھی، تاہم دونوں خواتین افسران نے اپنے اپنے شعبہ میں اپنے کام کے ساتھ اپنی صلاحیتوں اور لگن کو ثابت کیا ہے۔ 'اے ایس پی سونیا نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ان کے علاقے میں جرائم کی شرح میں واضح کمی واقع ہوئی ہے کیوں کہ وہ بذات خود رات میں علاقے میں گشت کرتی ہیں اور اپنے ماتحتوں پر نظر رکھتی ہیں، ان کا کہنا تھا، 'مشکل معمولات کے باوجود مجھے اپنے شعبے سے پیار ہے اور میں اسے انجوائے کرتی ہوں، میں نے ایک عظیم مقصد کے لیے اپنی گھریلو زندگی قربان کردی ہے'۔ اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر (اے ایف سی) عظمیٰ شاہ بھی پورے صوبے میں محکمہ خوراک کی پہلی خاتون افسر ہیں، وہ بھی صحت اور تعلیم کے شعبوں کے علاوہ کوئی شعبہ اپنانا چاہتی تھیں، ان کا خیال ہے کہ 80 فیصد سے زائد خواتین ان ہی دونوں شعبوں میں جانے کو ترجیح دیتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ 'اس معاشرے میں ابھی بھی خواتین کو بطور افسران قبول کرنے میں وقت لگے گا، لیکن میں اس حوالے سے پرامید ہوں'، عظمیٰ نے بتایا، 'میں باقاعدگی سے بازاروں کا دورہ کرتی ہوں اور دکانوں اور مارکیٹوں پر چھاپہ مارتی ہوں تاکہ مضر صحت اشیاء کو فروخت ہونے سے روکا جاسکے۔ (انگریزی سے ترجمہ بشکریہ ڈان)

دو کمسن بہنوں اور ان کے بھائی کو گلا گھونٹ کر قتل کردیا

کراچی اورنگی ٹاؤن میں نامعلوم ملزمان نے گھر میں گھس کر دو کمسن بہنوں اور ان کے بھائی کو گلا گھونٹ کر قتل کردیا۔ پولیس کے مطابق انھوں نے 19 اپریل کو ایک اطلاع پر مومن آباد تھانے کی حدود اورنگی ٹاؤن سیکٹر 10 کے قریب قائم پکوان سینٹر کی بالائی منزل سے تینوں کمسن بچوں کی لاشیں برآمد کی ہیں۔ تینوں لاشوں کو ضابطے کی کارروائی کیلئے عباسی شہید ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر داخلہ سندھ سہیل انور خان سیال نے بچوں کے قتل کا نوٹس لیتے ہوئے تحقیقات کا حکم دے دیا۔ انھوں نے ایس ایس پی ویسٹ کو واقعہ کی تحقیقات کرکے رپورٹ پیش کرنے اور ذمہ داروں کے خلاف جلد قانونی کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت کیں ہیں۔ (نامہ نگار)

اقلیتیں

احمدیوں کے خلاف جاری نفرت وتشدد میں اضافہ

لاہور پاکستان میں جماعت احمدیہ کی ایک رپورٹ کے مطابق احمدیوں کے خلاف امتیازی سلوک کا سلسلہ گذشتہ سال بھی جاری رہا اگرچہ عقیدے بنیاد پر احمدیوں کو قتل کرنے کے واقعات کم ہوئے۔ جماعت احمدیہ نے اپنی سالانہ پرسیکیوشن رپورٹ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ 'اس سال احمدیوں کے خلاف جاری نفرت وتشدد کی لہر میں نمایاں اضافہ ہوا۔ جبکہ قانون نافذ کرنے والے ادارے احمدیوں کے تحفظ میں مسلسل ناکام رہے۔ جماعت احمدیہ پاکستان کے ترجمان سلیم الدین نے رپورٹ کے اجرا پر کہا کہ 'سال 2015 کے دوران متحدہ علماء بورڈ کی سفارش پر حکومت پنجاب نے جماعت احمدیہ کے کثیر لٹریچر کو ممنوع قرار دے دیا۔ جبکہ ایسی کوئی نشاندہی حکومت نہیں کرسکی کہ اس لٹریچر میں کونسا مواد شرانگیز ہے۔' سلیم الدین نے کہا کہ 'اس وقت عملی طور پر یہ صورتحال ہے کہ احمدیوں کے لیے بھی ان کے اپنے لٹریچر تک رسائی ناممکن بنادی گئی ہے جو کہ ملک کے آئین کے آرٹیکل 20 کی واضح خلاف ورزی ہے۔' رپورٹ میں احمدیوں سے امتیازی سلوک کی مثال دیتے ہوئے 2015 کے بلدیاتی انتخابات کی بات کی گئی جس میں ایک بار پھر مذہبی بنیادوں پر امتیازی سلوک کرتے ہوئے صرف احمدیوں کے لیے الگ ووٹر لسٹ بنائی گئی اور احمدیوں کے لیے عملی طور پر انتخابات میں حصہ لینے کے راستے مسدود کردیے گئے۔ پاکستانی پریس میں پائی جانے والے احمدی مخالف تعصب کے حوالے سے ترجمان جماعت احمدیہ نے لکھا کہ جب بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے جماعت احمدیہ کے موقف کو اشتہار کی صورت میں عوام کے سامنے لانے کی کوشش کی گئی تو کسی بھی ملک گیر اخبار نے اس اشتہار کو قیمتاً بھی شائع کرنے سے انکار کردیا۔ انہوں نے کہا کہ 2015 میں 2 احمدیوں کو محض عقیدہ کی بنیاد پر قتل کیا گیا۔ ترجمان جماعت احمدیہ نے تعلیمی میدان میں احمدیوں کے ساتھ کی جانے والے ناانصافیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ 70 کی دہائی میں حکومت وقت نے تعلیمی ادارے بھی قومیائے تھے جن میں جماعت احمدیہ کے تعلیمی ادارے بھی شامل تھے۔'ڈی نیشنلائزیشن کی پالیسی کے نفاذ کے بعد جماعت نے سرکاری قوائد وضوابط کے مطابق خطیر رقم سرکاری خزانے میں اپنے تعلیمی اداروں کی واپسی کے لیے جمع کرائی۔ مگر حکومت نے آج تک جماعت احمدیہ کے تعلیمی ادارے واپس نہیں کیے جبکہ اسی پالیسی کے تحت متعدد تعلیمی ادارے ان کے اصل مالکان کو واپس ہو چکے ہیں۔ عقیدے کے اختلاف کو بنیاد بنا کر صرف احمدیوں کے ساتھ امتیازی سلوک کب تک جاری رہے گا؟'

(بی بی سی اردو)

انصاف فراہم کیا جائے

ملتان 22 اپریل 2016 کو پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق کے ملتان دفتر میں خان پور بگا شیر ضلع مظفرگڑھ کی رہائشی اور جنسی زیادتی کا شکار مسرت شاہین دختر عبدالرحمان نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے میڈیا کو بتایا کہ ملزمان خالد شہزاد، الطاف اور پنجاب پولیس کا ملازم اللہ بخش سیال ASI و دیگر افراد نے اسے ملازمت کا جھانسہ دے کر اور اسلحہ کے زور پر کئی مرتبہ جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا اور برہنہ وڈیو بھی بنالی اور خالی کاغذات پر اس سے زبردستی انگوٹھے بھی لگوالئے۔ وہ تقریباً آٹھ ماہ تک ملزمان کی قید میں رہی۔ جو مختلف جگہوں پر لے جا کر دیگر افراد سے رقم کے عوض اسے جنسی زیادتی کا نشانہ بنواتے رہے۔ اس دوران اسے معلوم ہوا کہ ان ملزمان نے پہلے بھی کئی لڑکیوں کو ملازمت دینے کا کہہ کر جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا، ان کی برہنہ وڈیو بنائیں اور بعد میں انہیں جان سے مار دینے کی دھمکیاں دے کر خاموش کرا دیا۔ وہ کسی طرح سے ان سے جان بچا کر بھاگ آئی اور تھانہ جا کر ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی درخواست دائر کی۔ پولیس تھانہ ماڈل سٹی نے اس کے بیان کی روشنی میں ملزمان کے خلاف مقدمہ نمبر 169/16، زیر دفعہ (1)B,376-365،380/420 درج کر کے ملزمان مہر اللہ بخش سیال ASI، خالد شہزاد گجر، الطاف اور محمد علی کو گرفتار کرلیا ہے جو اب جوڈیشل ریمانڈ پر ہیں۔ مسرت شاہین نے مزید کہا کہ اسے پولیس سے انصاف کی توقع نہیں ہے۔ پولیس جانبداری سے تفتیش کر رہی ہے۔ ملزمان کی جانب سے اسے جان سے مار دینے کی دھمکیاں مل رہی ہیں۔ متاثرہ مسرت شاہین نے اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ مقدمہ کی تفتیش کسی دوسرے ضلع میں کرائی جائے اور اسے اور اس کے خاندان کو انصاف اور تحفظ فراہم کیا جائے۔ اس نے مزید بتایا کہ ملزمان نے اس کے بینک اکاؤنٹ سے ایک لاکھ روپے بھی نکلوائے تھے اور اس سے زیورات بھی ہتھیائے، وہ بھی برآمد کیے جائیں۔ انسانی حقوق کمیشن آف پاکستان ملتان ٹاسک فورس کی جانب سے متاثرہ خاندان کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کیس کی مکمل طور پر مفت قانونی امداد کے لئے پینل تشکیل دے دیا گیا ہے جو مقدمہ کی مکمل پیروی کرے گا۔ پریس کانفرنس میں مسرت شاہین، اس کے ماموں محمد اکبر، شاہد علی امیری اور ریجنل کوآرڈینیٹر ایچ آر سی پی ملتان ٹاسک فورس فیصل تنگوانی شریک تھے۔

(ایچ آر سی پی، ملتان ٹاسک فورس)

اسکول کی خالی اسامیوں کو پر کیا جائے

ٹوبہ ٹیک سنگھ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے چک 316 گ ب چٹیانہ میں قائم گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول میں اساتذہ کی آٹھ اور نان ٹیچنگ سٹاف کی پانچ آسامیاں خالی پڑی ہیں۔ خواتین اساتذہ اور نان ٹیچنگ سٹاف کی کمی کے باعث طالبات کی پڑھائی اور سکول کے انتظامی معاملات متاثر ہو رہے ہیں۔ مذکورہ سکول میں اساتذہ کی مجموعی طور پر 45 آسامیاں منظور ہیں جن میں سے 34 خواتین اساتذہ اپنے فرائض منصبی سرانجام دے رہی ہیں جبکہ آٹھ اساتذہ کی آسامیاں خالی ہیں۔ جبکہ سکول میں نان ٹیچنگ سٹاف کی مجموعی طور پر 11 آسامیاں منظور ہیں جن میں سے چھ ملازم سکول میں کام کر رہے ہیں جبکہ پانچ ملازموں کی آسامیاں خالی ہیں۔ واضح رہے کہ مذکورہ سکول میں اساتذہ اور کلرک کی آسامیاں گزشتہ تین سال سے خالی ہیں اور کلرک کا کام سکول ٹیچرز کو کرنا پڑتا ہے جس کے باعث تعلیمی سرگرمیاں بھی متاثر ہو رہی ہیں۔ یہ آسامیاں ملازموں کی ریٹائرمنٹ اور تبادلوں کے باعث خالی ہوئیں جن پر ابھی تک تعیناتی نہیں کی گئی۔

(اعجاز اقبال)

انکوائری کمیشن برائے جبری گمشدہ افراد نے جن افراد کا سراغ لگایا اور جن افراد کا سراغ نہیں لگایا جا سکا

نمبر شمار	صوبہ	31 دسمبر 2010 تک کیسز کی تعداد	یکم مارچ 2011 سے لے کر اب تک نئے کیسز	کل تعداد	1/11 سے 1/16 تک جن افراد کا سراغ لگایا گیا	جبری گمشدگی کا معاملہ نہ ہونے کے باعث نام فہرست سے نکال لیا گیا	دیگر وجوہات کے باعث نام فہرست سے نکال لیا گیا	نبٹائے گئے کیسز کی کل تعداد	31 مارچ 2016 تک بقیہ
1	2	3	4	5	6	7	8	9	(5-9)
1	(آئی سی ٹی) اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ	02	97	99	38	16	15	69	30
2	پنجاب	15	622	637	310	67	56	433	204
3	سندھ	11	748	759	369	71	58	498	261
4	کے پی کے	57	1251	1308	552	24	55	631	677
5	بلوچستان	47	208	255	80	23	20	123	132
6	فاٹا	03	84	87	38	05	06	49	38
7	(اے جے کے) آزاد جموں و کشمیر	03	29	32	12	05	04	21	11
8	گلگت بلتستان	0	01	1	0	0	0	0	1
9	کل	138	3040	3178	1399	211	214	1824	1354

مارچ 2016ء میں جن افراد کا سراغ لگایا گیا

نمبر شمار	این سی ایم ڈی آئی ڈی نمبر	انکوائری کمیشن برائے جبری گمشدگان (نمبر)	نام/ والدین	گمشدگی کی تاریخ	پتہ	موجودہ صورتحال
1		2019۔پی	حبیب الرحمان والد عاشق حسین	27-11-2013	محترمہ افشاں بی بی زوجہ حبیب الرحمان، مکان نمبر 1، محلّہ رحیم آباد نزد گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول، شمس آباد، ملتان	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)
2		2769۔پی	خالد محمود والد راجہ علی	22-12-2014	امیر علی، مکان نمبر ایل 65/5، پی او خاص، تحصیل اینڈ ڈسٹرکٹ ساہیوال۔	سراغ لگا لیا گیا (عدالتی تحویل سی ٹی ڈی)
3	4246	1049۔پی	عبداللہ والد محمد بخش	12-5-2011	محمد بخش والد گمشدہ فرد، موضع حلیم پوراڈہ۔ اوچ شریف، تحصیل احمد پور شرقیہ، ڈسٹرکٹ بہاولپور	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)
4	4041	833۔پی	محمد مدنی والد ملک احمد دین	29-05-2012	ملک احمد دین والد گمشدہ فرد، بستی جمائلہ، بکا پور، پی او حتیجی، تحصیل احمد پور، ضلع بہاولپو	سراغ لگا لیا گیا (حفاظتی مرکز کوہاٹ)
5	3841	632۔پی	محمد رمضان والد نواب خان	23-04-2011	محمد اسلم کزن گمشدہ فرد، باگڑھ سکنہ خاص، پی او اینڈ تحصیل کبیر والا، ڈسٹرکٹ خانیوال	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)

6	3840	632۔پی	پرویز عباس والد مختار احمد	22-4-2011	مختار احمد والد گمشدہ فرد، موضع کوٹ اسلام، پی او اینڈ تحصیل کبیروالا، ضلع خانیوال۔	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)
7	3852	644۔پی	غلام ساجد والد بسرا	06-04-2011	غلام عباس فاروقی، کوٹ اسلام، پی او خاص، تحصیل کبیروالا، ڈسٹرکٹ خانیوال۔	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)
8		2452۔پی	بلال احمد والد فیض احمد	28-06-2014	محترمہ زبیدہ بی بی، زوجہ فیض احمد، گاؤں ایپاوالا، نزد علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ، تحصیل سمبڑیال، ڈسرکٹ سیالکوٹ۔	نعش برآمد ہوئی
9		2514۔پی	شہباز یوسف والد میاں محمد	03-12-2014	میاں محمد یوسف، مکان نمبر 15، بلاک ایچ، سبزہ زار سکیم، ملتان روڈ لاہور۔	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)
10	4559	1362۔پی	محمد ادریس والد محمد رفیق	6-4-2008	محمد شفیق بھائی گمشدہ فرد، گاؤں اینڈ پی او گلوٹین خورد، محلّہ بٹرانوالہ ڈسکہ، ڈسٹرکٹ سیالکوٹ۔	نام فہرست سے نکال لیا گیا (جبری گمشدگی کا معاملہ نہیں ہے
11		1907۔پی	گلزار احمد خان والد سخاوت علی	21-2-2008	سخاوت علی خان والد گمشدہ فرد۔ مکان نمبر 1 گلی نمبر 4، محلّہ درویش پورہ، تحصیل کامونکی، ڈسٹرکٹ گوجرانوالہ۔	نام فہرست سے نکال لیا گیا (جبری گمشدگی کا معاملہ نہیں ہے
12		1747۔پی	محمد ارشد والد محمد سید	2004	محترمہ تاج بی بی زوجہ گمشدہ فرد، گئی کانجر، پولیس سٹیشن گنڈا سنگھ والا، تحصیل اینڈ ڈسٹرکٹ قصور۔	نام فہرست سے نکال لیا گیا (جبری گمشدگی کا معاملہ نہیں ہے
13		1985۔پی	عمر حیات والد خوشی محمد	22-12-1996	محترمہ مقدس فاطمہ، زوجہ عمر حیات، سوہاوا بولانی جملانی، تحصیل اینڈ ڈسٹرکٹ، منڈی بہاؤالدین۔	نام فہرست سے نکال لیا گیا (جبری گمشدگی کا معاملہ نہیں ہے
14		2470۔کے	رفعت اللہ خان والد محمد پیوا دین	9-1-2014	محمد ریاض خان، والد محمد پیوا دین، بوزہ خیل، پولیس سٹیشن بسا خیل، تحصیل اینڈ ڈسٹرکٹ بنوں	نام فہرست سے نکال لیا گیا (جبری گمشدگی کا معاملہ نہیں ہے
15		2511۔کے	گل بدین والد ہاشم خان	14-08-2014	اکرام الدین، پی او بوئیا، ڈٹل خان، ڈسٹرکٹ نارتھ وزیرستان ایجنسی۔	سراغ لگا لیا گیا (گھر کو لوٹ گئے)
16		2825۔کے		13-6-2015	نظیر، ساگی بالا، پی او لکڑے، تحصیل صافی، ڈسٹرکٹ مہمند ایجنسی۔	سراغ لگا لیا گیا (حراستی مراکز میں)
17		2827۔کے		11-6-2014	نظیر، ساگی بالا، پی او لکڑے، تحصیل صافی، ڈسٹرکٹ مہمند ایجنسی۔	سراغ لگا لیا گیا (حراستی مراکز میں)
18		2828۔کے		13-6-2014	نظیر، ساگی بالا، پی او لکڑے، تحصیل صافی، ڈسٹرکٹ مہمند ایجنسی۔	سراغ لگا لیا گیا (حراستی مراکز میں)
19		2237۔کے		12-9-2014	عجب خان، مولانا حضرت شاہ، تحصیل اینڈ ڈسٹرکٹ مانسہرہ۔	سراغ لگا لیا گیا (اڈیالہ جیل میں قید ہے)
20		2599۔کے		13-8-2014	محمد زمان، میر عبداللہ ول غوری، پی او تربی۔ پولیس اسٹیشن پھالرا، تحصیل اینڈ ڈسٹرکٹ مانسہرہ	سراغ لگا لیا گیا (اڈیالہ جیل میں قید ہے)
21		2691۔کے		12-2-2013	یار محمد، گاؤں شاہ حسین، تحصیل اینڈ ڈسٹرکٹ لکی مروت۔	سراغ لگا لیا گیا (عدالتی تحویل سی ٹی ڈی)
22		2692۔کے		12-2-2013	شیر محمد، گاؤں شاہ حسین، تحصیل اینڈ ڈسٹرکٹ لکی مروت۔	سراغ لگا لیا گیا (عدالتی تحویل سی ٹی ڈی)
23		2903۔کے		14-8-2015	ظاہر خان، افغان کالونی فقیر آباد، پشاور۔	سراغ لگا لیا گیا
24		2283۔آئی		13-9-2014	سید رسول خان، مکان نمبر 12/4 سی، گلی نمبر 5، جی 7/2، اسلام آباد۔	سراغ لگا لیا گیا (سنٹرل جیل کراچی میں بند ہے)

25		2284۔آئی	سید احمد والد ایلا خان	13-9-2014	سید رسول خان، مکان نمبر 12/4 سی، گلی نمبر 5، جی 7/2، اسلام آباد۔	سراغ لگا لیا گیا (سنٹرل جیل کراچی میں بند ہے)
26	3427	219۔آئی	قاری محمد ثناء اللہ والد محمد عبداللہ	18-01-2010	محلّہ مولوی مولابخش، جھاوڑیاں، تحصیل شاہ پور، ڈسٹرکٹ سرگودھا	نام فہرست سے نکال لیا گیا (جبری گمشدہ کا معاملہ نہیں)
27	4538	1341۔آئی	ندیم احمد والد محمد شمیم	06-09-2013	محمد شمیم احمد، والد گمشدہ فرد، مکان نمبر 3/3-c، گلی نمبر 41، جی 7/2، اسلام آباد	نام فہرست سے نکال لیا گیا (جبری گمشدہ کا معاملہ نہیں)
28		2791۔آئی	محمد امین والد احمد علی	2013	محترمہ نصرت شکیل، تحصیل بھوانہ، ڈسٹرکٹ چنیوٹ	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)
29		2873۔آئی	رحمت ولی والد محمد رحمان	11-06-2015	خالد ایوب، مکان نمبر 394، گلی نمبر 107، ڈی 12/1، اسلام آباد	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئیں)
30		3103۔آئی	قراۃ العین یونس	17-02-2016	محترمہ عذرہ نواز، مکان نمبر 498، گلی نمبر 100، سیکٹر جی 9/4، اسلام آباد	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)
31		3097۔پی	محمد اشفاق الیاس، والد رفیق احمد خان	23-12-2015	رفیق احمد خان، موضع قیصر پور، تحصیل شجاع آباد، ڈسٹرکٹ ملتان۔	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)
32	4576	1379۔کے	فضل مولا والد شیر افضل	2013	محترمہ رنگ محل بی بی، زوجہ گمشدہ فرد۔ بدر تحصیل مٹہ، ڈسٹرکٹ سوات۔	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)
33		2127۔ایس	خان شیر والد ظریف خان	1-1-2014	ظریف خان، سلو خان، محلّہ توحید آباد، قمبر، تحصیل بابوزئی، ڈسٹرکٹ سوات۔	نعش برآمد ہوئی
34		1922	مطیع الحق والد محمد گل	40488	عنایت الحق والد محمد گل، محمدی مسجد، بلال کالونی، لانڈھی کراچی۔	نام فہرست سے نکال لیا گیا (جبری گمشدگی کا معاملہ نہیں ہے)
35		2338	محمد نعیم والد نورن خان	26-2-2013	نورن خان والد میران خان، مکان نمبر اے 16/3، قصبہ کالونی، کراچی۔	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)
36		2406	میر احمد خان والد میر بادشاہ	10-12-2012	جہانگیر خان والد میر احمد خان، مکان نمبر 24/18، سیکٹر اے، قصبہ کالونی، منگو پیر روڈ، کراچی۔	نام فہرست سے نکال لیا گیا (جبری گمشدگی کا معاملہ نہیں ہے)
37		2440	محمد یوسف رحمان	05-01-2015	مکان نمبر 418، سنٹرل جیکب لائن ایریا، کراچی	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)
38		2619	سید ذیشان حسین والد سید فرحت حسین	15-09-2013	محترمہ رضیہ خاتون، پلاٹ نمبر 4، قسم آباد، نیئر عرشی چوک، لیاقت آباد، کراچی۔	کارروائی بند کردی گئی (اشتہاری مجرم)
39		2621	وسیم خان والد دلدار خان	06-02-2015	ستار خان، مکان نمبر 2/812، لیاقت آباد نمبر 2، کراچی۔	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)
40		2627	محمد علی رضا والد محمد شمیم رضا	19-03-2015	محمد شمیم رضا، فلیٹ نمبر سی 58، شالیمار شاپنگ سنٹر، بلاک نمبر 17 گلشن جوہر، جیکب لائن، کراچی۔	کارروائی بند کردی گئی (مفرور)
41		2629	محمد ماجد والد امین الدین	27-03-2015	محمد اقبال مکان نمبر آر۔473، سیکٹر 2 بی، گلشن ظہور جیکب لائن، کراچی۔	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)
42		2720	ملک اعظم والد تاج محمد	06-05-2014	ملک محمد قاسم، ڈی کے 192 خالد آباد، قائد آباد، ملیر، کراچی۔	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)
43		2742	فہیم والد اسلام الدین	25-05-2015	محمد امجد، مکان نمبر 461 بی، سیکٹر 16 اے 4، بفرزون نارتھ ناظم آباد، کراچی۔	سراغ لگا لیا گیا (گھر لوٹ گئے)
44		2749	مختار احمد	10-06-2015	محترمہ خدیجہ بانو، مکان نمبر ایل 362، سیکٹر 48-A1، یونیورسل ٹاؤن کورنگی، کراچی	کارروائی بند کردی گئی

سراغ لگالیا گیا(گھر لوٹ گئے ہیں)	محترمہ شہناز، 5اے، 8/47، نظام آباد، پاپوش نگر، کراچی۔		عبدالجبارظفر	2787ایس		45
رینجرز کے پاس نوے دن کی تحویل میں	راشد حسین، مکان نمبر ایف ایس۔84/9، ملیر ایکسٹینشن کالونی، ملیر، کراچی۔	15-08-2015	وقار احمد انصاری والد سرفراز احمد	2803ایس		46
سراغ لگالیا گیا(عدالتی تحویل)	عظیم احمد، مکان نمبر29، گلی نمبر 3، حاجی بلڈنگ، نزد کھجوروالی مسجد، عثمانہ آباد، کراچی	14-07-2015	محمد ناصر والد محمد ہاشم	2806ایس		47
سراغ لگالیا گیا(گھر لوٹ گئے ہیں)	اقبال پاشا، مکان نمبر اے۔450، بلاک نمبر 03گلشن اقبال، کراچی۔	08-08-2015	سید محمد عمیر والد اقبال پاشا	3104ایس		48
کارروائی بندکردی گئی(مغرور)	احمد دین، مراد بروہی، گوٹھ الہرینو بروہی، تحصیل میرپور سکرو، ڈسٹرکٹ ٹھٹھہ۔	17-12-2015	امام دین والد محمد عالم	3114ایس		49
سراغ لگالیا گیا(عدالتی تحویل)	مہر محمد، مکان نمبر بی 699، حسرت موہانی کالونی، منگوپیر روڈ پاک کالونی۔ ڈسٹرکٹ ویسٹ کراچی۔	21-08-2015	محمد افضل بھٹی والد مہر محمد	2839ایس		50
سراغ لگالیا گیا(گھر لوٹ گئے)	نعیم۔ مکان نمبر 143/8، صدیق آباد، بلاک نمبر03، ایف بی ایریا، سنٹرل، کراچی	25-09-2015	محمد نعمان والد محمد عارف	2843۔ایس		51
سراغ لگالیا گیا(گھر لوٹ گئے)	سید استقبال حسین نقوی، مکان نمبر سی 13، الاعظم سکوائر، فیڈرل بی ایریا، بلاک نمبر 1، ڈسٹرکٹ سنٹرل، کراچی۔	15-08-2015	سید محمد علی نقوی والد سید استقبال حسین نقوی	2884۔ایس		52
سراغ لگالیا گیا(گھر لوٹ گئے)	محترمہ مدیحہ بیگ، مکان نمبر1729/332، گجرات کالونی، بلدیہ ٹاؤن، ڈسٹرکٹ ویسٹ، کراچی۔	22-07-2015	ماجد بیگ والد امیر بیگ	2887۔ایس		53
سراغ لگالیا گیا(گھر لوٹ گئے)	مکان نمبر 103، مرحبا اپارٹمنٹ، لیاری، کراچی۔	02-10-2015	محمد کاشف والد حبیب	2917۔ایس		54
سراغ لگالیا گیا(گھر لوٹ گئے)	مکان نمبر 202، رفیق بلڈنگ، آگرہ تاج، کراچی۔	07-10-2015	محمد عمران والد اکرام	2921۔ایس		55
سراغ لگالیا گیا(گھر لوٹ گئے)	مکان نمبر5، حبیب منزل، صدر، کراچی۔	13-10-2015	عمیر والد عبدالقدیر	2928۔ایس		56
کارروائی بندکردی گئی نامعلوم پتہ کی وجہ سے	مکان نمبر 655-4، شاہ فیصل کالونی، کراچی۔	21-11-2015	محمد شکیل	2968۔ایس		57
کارروائی بندکردی گئی نامعلوم پتہ کی وجہ سے	۔	21-11-2015	بلال نعیم والد راحیل بلال	2969۔ایس		58
کارروائی بندکردی گئی نامعلوم پتہ کی وجہ سے	۔	21-11-2015	عبدالقدوس والد محمد رفیع	2974۔ایس		59
سراغ لگالیا گیا(عدالتی تحویل میں)	۔	21-11-2015	عبدالقدوس والد فرحان قدوس	2973۔ایس		60

60		2973۔ایس	عبدالقدوس والدفرحان قدوس	21-11-2015	۔	سراغ لگالیا گیا(عدالتی تحویل)
61		2975۔ایس	عبدالرزاق والداعجاز خان	21-11-2015	مکان نمبر401،سیکٹر نمبر8،سعودی کالونی،ملیر، کراچی۔	کارروائی بند کردی گئی نامکمل پتہ کی وجہ سے
62		2989۔ایس	حنیف عباسی والد اسرار عالم عباسی	21-11-2015		سراغ لگالیا گیا(عدالتی تحویل)
63		2962۔ایس	عبدالحلیم والدعبدالرحیم بروہی	15-8-2015	محترمہ نصیبہ،محلّہ غریب آباد، وارڈن مبرگار، 4 باڈنڈھی سٹی، تحصیل داؤر، ڈسٹرکٹ شہید بے نظیرآباد۔	فہرست سے نکال لیا گیا (جبری گمشدگی کا معاملہ نہیں)
64		3020۔ایس	رضا اللہ خان والد انعام اللہ خان	15-8-2015	محترمہ قمر سلطان، مکان نمبر جی 3/7،لوئر گزری ایونیو،کراچی	نعش برآمد ہوئی
65		3039۔ایس	محمد وقاص والدمحمد	11-10-2015	محترمہ مبینہ بیگم، مکان نمبر ایف این 5 کورنگی ایریا،کورنگی نمبر4،کراچی۔	سراغ لگالیا(عدالتی تحویل میں)
66		3049۔ایس	خان بادشاہ والدباکستان	25-08-2015	محترمہ زہرا بی بی، مکان نمبر 224، زرینہ کالونی،تحصیل کراچی سنٹرل،ڈسٹرکٹ کراچی۔	سراغ لگالیا(عدالتی تحویل میں)
67		3057۔ایس	سید قیصر علی والدسیدانورعلی	26-10-2015	محترمہ شہناز قیصر، مکان نمبر A-1، ملیر کالا بوری،اے ایریا،ڈسٹرکٹ ملیر،کراچی۔	سراغ لگالیا(عدالتی تحویل میں)
68		3078۔ایس	افضل علی والداصغرعلی	08-01-2016	مکان نمبر1649،سیکٹر51 سی،کورنگی کراچی۔	سراغ لگالیا(عدالتی تحویل میں)
69		3076۔ایس	عبیداللہ والدسعیداللہ	08-01-2016	مکان نمبر سی 184،سیکٹر نمبر50اے۔کورنگی کراچی۔	سراغ لگالیا(گھرلوٹ گئے)
70		3080۔ایس	محمدعمیر والدصالح الدین	02-10-2015	صلاح الدین، ایم , 17/4 ، خیائے اتحاد، ساڈی لین نمبر، 04، فیز vii، ڈی ایچ اے، کراچی۔	نعش برآمد ہوئی(مقابلے میں ہلاک ہوگئے
71		3075۔ایس	شیخ حکمت اللہ قریشی والد رفیع اللہ	07-01-2016	مکان نمبر 407، گلی نمبر 07، ایریا 37ڈی، لانڈھی،کراچی۔	سراغ لگالیا(گھرلوٹ گئے)
72		3093۔ایس	زین انصاری والداطہرانصاری	15-08-2015	اطہرانصاری، مکان نمبر 25بی2، مین خیابان بندھن، فیزvii،ڈی ایچ اے،کراچی۔	کارروائی بند کردی گئی

تعلیم

چھ سالہ طالب علم پر فائرنگ

ٹنڈو محمد خان ٹنڈو محمد خان فوجی شوگر ملز پرائمری سکول میں زیر تعلیم پہلی جماعت کے طالب علم چھ سالہ عبدالشکور پر پیٹرول پمپ کے سکیورٹی گارڈ نے فائرنگ کر کے اسے شدید زخمی کر دیا۔ چھ سالہ طالب علم عبدالشکور پر گارڈ نے اس وقت فائرنگ کی جب وہ پیٹرول پمپ کی پانی کی ٹینکی سے پانی لے رہا تھا۔ سکول میں پینے کے پانی کا بندوبست نہ ہونے کی وجہ سے اساتذہ اور طالب علم پینے کا پانی، پیٹرول پمپ سے حاصل کرتے تھے۔ سکیورٹی گارڈ نے غصے میں آ کر چھ سالہ عبدالشکور پر فائرنگ کر دی جس سے وہ زخمی ہو گیا جسے فوری طور پر ہسپتال پہنچایا گیا۔ پولیس نے ملزم کو حراست میں لے لیا ہے مگر ابھی تک مقدمہ درج نہیں ہو سکا۔

(یعقوب لطیف)

بے گھر بچوں کا عالمی دن

سندھ میں 60 لاکھ بچے تعلیم سے محروم

حیدر آباد نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی نادرا کے مطابق سندھ بھر میں ایک کروڑ دس لاکھ بچے سکولوں میں رجسٹرڈ ہیں لیکن صوبائی محکمہ تعلیم کے ریکارڈ کے مطابق صرف 42 لاکھ بچے سکولوں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ باقی ساٹھ لاکھ سے زائد بچے موٹر گیراج، پٹرول پمپس، ہوٹلوں پر مزدوری، کچرا اٹھانے یا گدھا گاڑی چلانے و دیگر کام کر رہے ہیں۔ بچوں کی بڑی تعداد جرائم پیشہ افراد کے ہاتھوں استعمال ار و نشے کی لت میں مبتلا ہے۔ سندھ میں بچوں کے حوالے سے اس تشویشناک صورتحال کا انکشاف اسٹریٹ چلڈرن کے عالمی دن کے موقع پر بچوں کے حقوق کے لیے کام کرے والی غیر سرکاری تنظیم اسپارک کے ریجنل مینجر کاشف اور صوبائی مینجر زاہد نے پریس کانفرنس میں کیا۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ میں ساٹھ لاکھ سے زائد بچوں کا مستقبل داؤ پر لگا ہوا ہے۔ یہ بچے حکومتی نااہلی اور ناقص پالیسیوں کے باعث سکولوں سے دور ہیں اور سڑکوں پر بے راہ روی، نشے کے عادی بن کر کرائم میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ تعلیم کے حوالے سے اپنی ذمہ داری ادا کرنے میں قطعی طور پر ناکام ہو چکی ہے مگر آج تک کوئی پالیسی نہیں آئی اور نہ ہی مفت تعلیم کا حکومتی وعدہ پورا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کا ہدف ہمارے تعلیمی ادارے ہیں۔ وہ ان کے خلاف سرگرم ہے لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ صوبائی وزیر تعلیم، متعلقہ افسران اور ادارے خود تعلیمی نظام کو تباہ کرنے کے درپے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت سندھ فوری طور پر تعلیمی پالیسی کا علان کرے جبکہ والدین بھی اپنے بچوں کو سکول بھیجنے کے اقدامات کریں۔ اسپارک نے ان 60 لاکھ بچوں کو اسکول بھیجنے کی مہم شروع کر دی ہے جس کے تحت گھر گھر جا کر والدین کو آمادہ کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں آگاہی کیمپ بھی لگائے جائیں گے۔

(لالہ عبدالحلیم)

اساتذہ پر تشدد کے خلاف سپلا کا مظاہرہ

حیدر آباد پروفیسرز اینڈ لیکچرر ایسوسی ایشن کی جانب سے کراچی میں اساتذہ پر تشدد کے خلاف حیدر آباد پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس کی قیادت شیر خان سلرو، انور ساگر و دیگر نے کی۔ اس موقع پر رہنماؤں نے کہا کہ حقوق کے لیے احتجاج کرنا ہر شہری کا آئینی اور بنیادی حق ہے مگر خود کو جمہوریت کے چیمپئن کہنے والے حکمران عوام کی آواز دبانے کی کوششوں میں سرگرم عمل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ مستقبل کے معمار پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں مگر حق مانگنے پر ان پر تشدد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کراچی میں احتجاج کرنے پر اساتذہ پر کیا گیا بہیمانہ تشدد قابل مذمت ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ جلد از جلد واقعہ میں ملوث پولیس اہلکاروں کو گرفتار کیا جائے۔

(لالہ عبدالحلیم)

طالبعلموں کا کیمپس کی منتقلی کے خلاف احتجاج

سانگھڑ شہید بینظیر بھٹو یونیورسٹی کا کیمپس ٹنڈو آدم منتقل ہونے کے خلاف احتجاج کیا گیا۔ نیشنل فیڈریشن سانگھڑ کے زیر اہتمام بچو بادشاہ چوک سے پریس کلب تک ریلی نکالی گئی جس میں طلبہ و طالبات، ان کے والدین اور سول سوسائٹی کے اراکین بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر پریس کلب کے سامنے ہوم بیسڈ وومین ورکرز فیڈریشن کی شاہدہ پروین، مہر النسا نیشنل ٹریڈ یونین سانگھڑ کے بہرام شاہ، ارشد لغاری، لیاقت علی مہر، مجیب لانڈر، ارشد حسین، پھنور فلاحی تنظیم کے عبداللہ پنھور، سماجی رہنما صغیر احمد راجپوت اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع سانگھڑ ترقیاتی کاموں اور بنیادی سہولتوں سے پہلے ہی محروم ہے۔ مزید یہ کہ طالبات اعلیٰ تعلیم کے لیئے دور دراز علاقوں میں نہیں جا سکتیں۔ لڑکیوں کی تعلیم کے لیے یہ اچھا موقع تھا کہ شہید بینظیر بھٹو یونیورسٹی کا کیمپس سانگھڑ قائم کیا جاتا جس کو سیاسی بنیادوں پر ٹنڈو آدم منتقل کر کے یہاں کی عوام کے ساتھ حق تلفی کی گئی ہے۔ انہوں نے مزید مطالبہ کیا کہ سانگھڑ میں خواتین کے لیئے پیشہ وارانہ مہارت کے مراکز بنائے جائیں۔

(ابراہیم خلجی سانگھڑ)

تعلیمی سہولیات کے بغیر سکول، عمارت کو تعمیر کیا جائے

قلات قلات کے گاؤں حسن میں گزشتہ برس پرائمری سکول کا قیام عمل میں لایا گیا۔ مذکورہ سکول کے لیے گاؤں والوں نے اپنی مدد آپ کے تحت ایک کچا کمرہ تیار کیا۔ اس سکول میں 50 سے زیادہ بچے اور بچیاں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ گاؤں والوں نے سکول کی غرض سے زمین کا دس ہزار فٹ بطور عطیہ دیا ہے۔ لیکن سکول تمام سہولیات سے محروم ہے۔ سکول میں بیت الخلاء کی سہولت نہیں اور کلاس اول سے لے کر پانچویں تک بچوں اور بچیوں کو پڑھانے کے لیے صرف دو اساتذہ موجود ہیں۔ گزشتہ دو مہینوں میں پڑنے والی سخت سردی میں یہاں تعلیم کو جاری رکھنا ممکن نہیں رہا کیونکہ باہر دھوپ پر بیٹھنے کی جگہ نہ ہونے کی وجہ سے بچوں کو شدید دشواری کا سامنا ہے۔ گاؤں والوں نے مطالبہ کیا کہ سکول کی عمارت کو جلد از جلد تعمیر کیا جائے۔

(محمد علی دھوار)

ایچ آر سی پی کے فعال کارکنان کا قومی کنونشن/ سالانہ تربیتی اجلاس

پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق (ایچ آر سی پی) نے یکم مئی سے 3 مئی 2016ء تک اپنے فعال کارکنان اور ضلعی کوآرڈینیٹرز کا سالانہ کنونشن منعقد کیا جس میں ملک بھر سے ایچ آر سی پی کے کارکنان نے شرکت کی۔ ملک کے نامور سیاسی وسماجی ماہرین نے مختلف موضوعات پر شرکاء سے خطاب کیا اور ملکی وعالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ تقریب کی مختصر روداد ذیل میں بیان کی گئی ہے۔

ورکشاپ کے اغراض ومقاصد

حسین نقی (جوائنٹ ڈائریکٹر ایچ آر سی پی)

اپنے حقوق کا حصول سب چاہتے ہیں۔ دوسروں کو حقوق دینے کی جدوجہد کے لئے ہم کوشاں ہیں اور اس مقصد کے لئے آپ سب کی مدد درکار ہے۔ ہماری صحافی برادری میں ایسی صورت حال پیدا ہوگئی ہے کہ کوئی خبر یا تصویر لفافہ دئے بغیر نہیں چھپتی۔ ہمارے صحافی ساتھی مسعود اللہ خان کو ایک صاحب نے خبر لگوانے کے لئے دس روپے دینے کی کوشش کی تو اس شخص کی شامت آگئی۔ دی نیوز کی ملازمت کے دوران ایک دفعہ منو بھائی پریشانی کے عالم میں مجھے بتانے آئے کہ نیچے جنگ کے دفتر میں آکر ایک صاحب نے پوچھا کہ اخبار میں کالم لکھنے کے آپ کو کتنے پیسے ملتے ہیں۔ منو بھائی نے معاوضہ بتایا تو اس آدمی نے کہا کہ میں آپ کو بیس ہزار روپے ماہوار دوں گا اگر آپ کالم لکھنا بند کردیں۔ پریس کارڈ کا غلط استعمال بڑھ جانے کی وجہ سے پریس کارڈ جاری کرنے کا معاوضہ دو لاکھ روپے تک پہنچ گیا ہے۔ عالم یہ ہے کہ اب پولیس والوں کو صحافیوں کو نذرانے دینے پڑتے ہیں۔

انسانی حقوق کے حصول کے لئے پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق (ایچ آر سی پی) کے کارکن کیا کر سکتے ہیں

آئی اے رحمٰن (سیکرٹری جنرل ایچ آر سی پی)

پاکستان کے تمام شہریوں کو ان کے حقوق دلوانے میں ہمارے کارکن اپنی بساط بھر کوشش کر رہے ہیں۔ سب سے پہلے حق کے بارے ہمارا واضح تصور ہونا چاہئے۔ حق اسے کہتے ہیں جو قانونی طور پر تسلیم کیا گیا ہو مثلاً آپ کو بلا وجہ گرفتار نہیں کیا جائے گا یا آپ کو ملک میں کہیں بھی رہنے کی آزادی ہے۔ حق کے بارے اخلاقی تصور قانون کی زد میں نہیں آتا مثال کے طور پر کھانا کھلانا چاہئے کھانا نہ کھلانے پر پڑوسی آپ کے خلاف عدالت میں نہیں جا سکتا۔ عام آدمی کے لئے حق کا حصول اس لئے ضروری ہے کہ جب وہ حق سے محروم کیا جائے گا اور اس کو تکلیف ہو گی تو اس تکلیف کا ازالہ کیا جا سکتا ہے۔ بہت سے حقوق کے بارے غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں

> اقوام متحدہ کے منشور میں دیئے گئے حقوق حتمی نہیں ہیں اس لئے کسی ملک کو اس سے زیادہ حقوق دینے پر پابندی نہیں بلکہ بہت سے ممالک نے اس چارٹر سے زیادہ حقوق اپنے شہریوں کو دے رکھے ہیں۔ سب سے اہم بات لوگوں کو شعور دینا ہے کہ یہ حقوق کیسے حاصل کئے جائیں۔ اس مقصد کے لئے احتجاج کا راستہ بھی اپنایا جاسکتا ہے۔

جیسے سال 2010ء تک تعلیم کا حصول شہریوں کا حق نہیں تھا۔ آئین پاکستان میں آرٹیکل 25A شامل کئے جانے سے ریاست نے تعلیم کے حصول کو بطور حق تسلیم کرلیا۔ صحت کی بحالی، روزگار کی فراہمی، معذور کا روزگار، بیوگان کو روزگار اور مزدور کو مزدوری کی فراہمی ابھی بھی حق کے زمرے میں نہیں آتے۔ جنگ عظیم کے ختم ہونے پر تمام اقوام کا حق آزادی تسلیم کیا گیا اور اقوام متحدہ کے چارٹر میں دیئے گئے انسانی حقوق سب ملکوں نے مل کر وضع کئے گئے اس لئے ہم سب اقوام متحدہ کے چارٹر پر تکیہ کرتے ہیں جس کے وضع کیے گئے انسانی حقوق میں سے کوئی بھی اسلامی تعلیمات کے منافی نہیں اسی لئے اسلامی تعلیمات کے ہوتے ہوئے انسانی حقوق کے حصول کی جدوجہد کرنے میں کوئی قباحت نہیں۔ اقوام متحدہ کے چارٹر میں دیئے گئے حقوق حتمی نہیں ہیں اس لئے کسی ملک کو اس سے زیادہ حقوق دینے پر پابندی نہیں بلکہ بہت سے ممالک نے اس چارٹر سے زیادہ حقوق اپنے شہریوں کو دے رکھے ہیں۔ سب سے اہم بات لوگوں کو شعور دینا ہے کہ یہ حقوق کیسے حاصل کئے جائیں۔ اس مقصد کے لئے احتجاج کا راستہ بھی اپنایا جاسکتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حقوق کی فراہمی اور حصول کے لئے پالیسیاں بنانی چاہئیں اور اس کے لئے مسلسل توجہ کی ضرورت ہے۔ ہمارا معاشرہ اونچ نیچ پر قائم ہے اور اس میں انسان کی تذلیل کے بہت زیادہ اسباب ہیں جبکہ مذہب اور جمہوریت سب انسانوں کو برابری کی سطح کا مقام دیتے ہیں۔ حقوق سے گریز کی شکل میں کوئی نظام اور کوئی کردار تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ امتیازی سلوک کی مثالوں میں گاؤں کا کنواں جہاں سے اقلیتیں پانی نہیں بھر سکتیں، خواتین کو مردوں کے مقابلے میں کم معاوضہ ملنا یا اسلامی جمہوریہ میں اعلیٰ ترین عہدہ اقلیتی افراد کو نہیں مل سکتا۔ اچھے اقدامات کا سراہنا اور ان کا اعادہ کرنا بھی ضروری ہے اس کے لئے معلومات ہمارا سب سے بڑا ہتھیار ہیں جن کے بغیر ہمیں اچھے اقدامات کا علم نہیں ہوگا۔ احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہئے کیونکہ آپ کی زندگی ہمیں بہت عزیز ہے۔ اگر آپ کسی واقعہ کی فیکٹ فائنڈنگ کے لئے بھی جاتے ہیں تو اکیلے کبھی نہ جائیں۔ اگر واقعہ خاتون کے متعلق ہو تو کسی خاتون کو ضرور ساتھ لے کر جائیں۔ علم کے ساتھ نیت اور استقلال کا ہونا ضروری ہے تب ہی ہماری حقوق کے حصول کی جدوجہد کامیابی سے ہمکنار ہوگی۔

سوال: اگر کوئی دولت مند باپ اپنے بچوں کو تعلیم نہیں دلواتا تو کیا وہ انسانی حقوق کی خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے؟ (محمد زاہد ۔ تورغر)

جواب: سال 2010ء تک تعلیم کا حصول شہریوں کا حق نہیں تھا۔ حقوق کے اخلاقی تصور کے پیش نظر ریاست اپنے بچوں کو تعلیم نہ دلوانے سے صرف نظر کرسکتی تھی۔

سوال: پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق کے فعال کارکنوں کو جھوٹے مقدمات میں پھنسائے جانے پر کیا کمیشن اپنے کارکنوں کی مدد کرے گا؟ (ایم اسلم ملک ۔ گھوٹکی)

جواب: پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق کا اپنا تنظیمی ڈھانچہ ہے۔ شکایت کی صورت میں علاقائی اور صوبائی سطح پر متاثرہ کارکن کی قانونی اور اخلاقی مدد کے لئے کاروائی کی جاتی

ہے۔آپ لوگوں کی زندگی ہمیں بہت عزیز ہے اس لئے آپ پر بھی لازم ہے کہ آپ احتیاط کا دامن ہاتھ سے کبھی نہ چھوڑیں۔

شہریوں میں نابرابری کا سلوک

ڈاکٹر مہدی حسن (پروفیسر، بیکن ہاؤس نیشنل یونیورسٹی)

1958ء کے مارشل لاء کے خلاف کراچی کے طلباء کے علاوہ کسی نے احتجاج نہیں کیا۔موجودہ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کا پاکستان نہیں بلکہ ضیاءالحق کا پاکستان ہے۔کسی حکومت نے 1973ء کے آئین کو اس کی روح کے مطابق نافذ نہیں کیا۔ مذہبی اور فرقہ وارانہ تفریق کا یہ عالم ہے کہ 70,000 افراد مذہب کے نام پر قتل ہو چکے ہیں خواتین کے ساتھ برا سلوک کیا جاتا ہے، ان کے برتن الگ ہوتے ہیں، گھر کے مرد افراد کے کھانا کھانے کے بعد ان کو روٹی دی جاتی ہے۔یہی سلوک غریب آدمی کے ساتھ کیا جاتا ہے اور اسلام کے تناظر میں مساوات کا درس دیا جاتا ہے۔ ماضی میں جب بھی سیاسی مقاصد کے لئے مذہب کا استعمال کیا گیا اس کا نتیجہ تشدد کی شکل میں نکلا۔قائداعظم کی نظر اس مسئلہ پر تھی اس لئے انہوں نے افتتاحی تقریر میں کہا کہ پاکستان کے ریاستی معاملات میں مذہب کا دخل نہیں ہوگا۔اس تقریر کو اسی دن سنسر کر کے مکمل متن شائع کرنے پر پابندی لگا دی گئی۔جس شخص چوہدری محمد علی نے اس تقریر کو سنسر کیا اسے بعد میں پاکستان کا وزیراعظم بنایا گیا۔خواتین کے ساتھ زیادتی مذہب کے نام پر کی جاتی ہے۔ مذہب کے نام پر بینظیر بھٹو کے وزیراعظم بننے کی مخالفت کی گئی۔عزت اور وقار کے نام پر قتل ہونے والوں کی بہت زیادہ تعداد خواتین کی ہے۔کسی باپ نے کبھی اپنے بیٹے کو بدکاری کے الزام میں قتل نہیں کیا۔ہم خواتین اور اقلیتوں کو برابر کے حقوق نہیں دیتے۔جمہوریت ایسا نظام ہے جس میں حاکم نہیں ہوتے اور جہاں عوامی حمایت کا مطلب سوچ تبدیل کرنا ہے۔کوئی بھی مذہبی ریاست جمہوری نہیں ہو سکتی۔ہمارا معاشرہ تقسیم شدہ ہے جو کبھی جرات مند نہیں ہوسکتا۔پاکستان کے صدر کا مسلمان ہونا ضروری ہے اور یہ آئین بتائے گا کہ آپ مسلمان ہیں یا نہیں۔جب بھی ریاستی مذہب کا اعلان کیا جاتا ہے تو اقلیتی افراد دوسرے درجے کے شہری بن جاتے ہیں۔زنان خانوں میں موجود خواتین دوسرے درجے کی خواتین بن جاتی ہیں۔نیپا میں خواتین کے حقوق پر لیکچر کے دوران خاتون پولیس آفیسر نے کہا کہ اگر خواتین اسلام میں دیئے گئے درجے پر راضی بہ رضا ہیں تو وہ دوسرے درجے کی شہری بن چکی ہیں۔معاشرتی نظام مردوں کا بنایا ہوا ہوتا ہے اور اسلامی معاشرے میں ہم بھول جاتے ہیں کہ 1436 برس بعد آپ کی معاشی ضروریات بدل چکی ہیں اس لئے وقت کے ساتھ ساتھ مذہب کا فلسفہ بدلنا بھی ضروری ہے ورنہ بہت سے مسائل پیدا ہوں گے۔انسانی حقوق کا کارکن ہونے کی وجہ سے معاشرتی تفریق کے خلاف جدوجہد کرنا ہمارا فرض ہے۔

> ماضی میں جب بھی سیاسی مقاصد کے لئے مذہب کا استعمال کیا گیا اس کا نتیجہ تشدد کی شکل میں نکلا۔قائد اعظم کی نظر اس مسئلہ پر تھی اس لئے انہوں نے افتتاحی تقریر میں کہا کہ پاکستان کے ریاستی معاملات میں مذہب کا دخل نہیں ہوگا۔اس تقریر کو اسی دن سنسر کر کے مکمل متن شائع کرنے پر پابندی لگا دی گئی۔جس شخص چوہدری محمد علی نے اس تقریر کو سنسر کیا اسے بعد میں پاکستان کا وزیراعظم بنایا گیا۔خواتین کے ساتھ زیادتی مذہب کے نام پر کی جاتی ہے۔

سوال: قائداعظم کا پاکستان سیکولر کیسے ہوسکتا ہے؟

(حاجرہ پروین۔گلگت)

جواب: پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ کے نعرے کے بارے قائداعظم نے کہا تھا کہ یہ مسلم لیگ کا نعرہ نہیں۔یہ نعرہ سیالکوٹ کے ایک شہری کی نظم کے مصرعے کے طور پر استعمال ہوا تھا۔تاریخی ریسرچ کے طور پر حصول پاکستان کو جلسے جلوس کے نعروں پر مبنی قرار نہیں دیا جاسکتا۔

پاکستان کی جمہوری ترقی میں حائل رکاوٹیں

عاصمہ جہانگیر (سابق صدر، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن)

کیا پاکستان فوج کے بغیر چل سکتا ہے؟ یہ سوال اکثر پوچھا جاتا ہے۔سیاسی پارٹیوں نے صوبوں کو اکٹھا رکھا ہوا ہے اور ہمارے سیاستدانوں کو عوامی حمایت حاصل ہوتی ہے حالانکہ ہمارے سیاستدان فرشتے نہیں ہیں۔ساٹھ سال کے فوجی تجربے سے معلوم ہوا کہ ہمارے لوگ کنفیوز ہو چکے ہیں اور دوست دشمن کی تمیز کھو چکے ہیں۔حکمران MQM کے ساتھ ہی بیٹھتے ہیں اور ان کو ہی ملک دشمن قرار دیتے ہیں۔سندھ کے قوم پرستوں کو ملک دشمن قرار دیا جاتا ہے اور ان سے روابط بھی بڑھائے جاتے ہیں۔پنجاب جہاں حب الوطنی کے بیج بوئے جاتے ہیں اسلام آباد میں مذہبی جماعتوں کے چند روزہ دھرنے کے دوران وزیراعظم اور ان کے خاندان کے افراد کے بارے جن الفاظ میں اظہار خیال کیا گیا اسے غنڈہ گردی ہی کہا جا سکتا ہے اور میں ان عناصر کو مولانا کہنے سے قاصر ہوں۔سلمان تاثیر کا قتل ہوا، عدالت نے سزا برقرار رکھی اور کچھ سرپھروں کے علاوہ عوامی ردعمل دیکھنے میں نہیں آیا۔پھر وہ کون سی قوت تھی جو مکھیوں کو شہد دینے کے حق میں تھی؟ یہ ایک لکھا ہوا سکرپٹ تھا جو سول حکومت کا نہیں تھا۔لاہور میں سانحہ گلشن اقبال کی لاشیں پڑی ہیں اور اسلام آباد میں ہُلڑ بازی ہو رہی ہے۔حکمرانوں نے فخر سے کہا کہ ہم نے انکے مطالبات مان لئے ہیں اور توہین مذہب کے قانون میں ترمیم نہیں لائیں گے۔اس قانون میں ترمیم نہیں لائیں گے جس قانون کو بھونڈے طریقے سے استعمال کیا گیا اور اس کا غلط استعمال کرنے والوں کو کھلی چھُٹی دے دی گئی۔

سانحہ گلشن اقبال پر احتجاج کرتے ہوئے لاہور کے تمام بازار بند رکھے گئے۔اس وقت جو لوگ کہہ رہے ہیں کہ دہشت گردی کا علاج صرف فوج ہے ہم ان کے خلاف نہیں کیونکہ وہ لوگ آواز نہیں اٹھا سکتے جو اس لڑائی کا شکار ہو رہے ہیں۔کراچی سے ٹارگٹ کلنگ کی جو رپورٹیں آرہی ہیں ان کو توازن میں رکھنے کے لئے جمہوری لوگ تذبذب کا شکار نہ ہوں، ورنہ ہماری معیشت اور معاشرتی زندگی خطرے میں گھر جائے گی۔کسی فوجی کو سیاست کرنی نہیں آتی۔اگر ایک دم نیا رخ بدلا گیا اور ٹکراؤ کے نتیجے میں کوئی فوجی آگئے تو آپ کی معیشت بری طرح متاثر ہوگی۔ہم جس طرح سے پٹیں گے یہ سوچ کر میرے تو رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ان کی پالیسیاں اگر کسی جنگ میں الجھاتی ہیں تو حالات قابو سے باہر ہو جائیں گے۔اگر تبدیلی لانی ہے تو آئین کے مطابق جمہوری طریقے سے آنی چاہئے۔جمہوریت آپ اور میں ہیں، یہ نہ نواز شریف ہے نہ آصف علی زرداری اور جمہوریت ہی میں ہماری بقاء ہے۔

سوال: پنجاب اسمبلی کے پاس شدہ تحفظ حقوق نسواں بل پر مذہبی حلقے سراپا احتجاج کیوں ہیں؟

(محمد صدیق شمشاد۔چمن)

جواب: پنجاب کا تحفظ حقوق نسواں بل ان خواتین کے تحفظ کے لئے بنایا گیا تھا جو بالعموم گھریلو تشدد کا نشانہ بنتی ہیں۔مذہبی سیاسی جماعتیں اس بل کی مخالفت پر کمربستہ ہوگئی ہیں۔خیبر پختونخوا نے اسی طرح کے بل کا مسودہ پیش بندی کے طور پر اسلامی نظریاتی کونسل کو بھجوایا تھا جسے کونسل کے رد کرنے پر صوبائی حکومت نے خاموشی اختیار کرلی۔

سوال: بلوچستان کے لوگ اپنے بنیادی حقوق کے لئے آواز اٹھاتے ہیں تو ان کے خلاف سخت ایکشن لیا جاتا ہے۔ممتاز قادری کی پھانسی پر احتجاج کرنے والوں نے ریڈ زون پر قبضہ کرکے پارلیمنٹ کو یرغمال بنا لیا اس پر حکومت کیوں خاموش ہے؟ (محمد سعید بلوچ۔نوشکی)

جواب: پنجاب جہاں حب الوطنی کے بیج بوئے جاتے ہیں اسلام آباد میں مذہبی جماعتوں کے چندروزہ دھرنے کے دوران وزیراعظم اوران کے خاندان کے افراد کے بارے جن الفاظ میں اظہار خیال کیا گیا اسے غنڈہ گردی ہی کہا جاسکتا ہے اور میں ان عناصر کو مولانا کہنے سے قاصر ہوں۔یہ ایک لکھا ہوا سکرپٹ تھا جو سول حکومت کا نہیں تھا۔

سوال: اگر فوج ٹھیک نہیں ہے اور سیاستدان قابل نہیں ہیں تو آپ جیسے لوگ سیاست میں کیوں نہیں آتے؟

(شاہد اللہ جان۔پشاور)

جواب: حقوق کی جدوجہد اور عام آدمی کی خدمت کے لئے سیاسی جماعتوں میں شامل ہونا ضروری نہیں۔

انتہاپسندی اور پاکستانی میڈیا

ڈاکٹر مہدی حسن (پروفیسر بیکن ہاؤس نیشنل یونیورسٹی)

موجودہ پاکستان قائداعظم کا پاکستان نہیں بلکہ یہ ضیاء الحق کا پاکستان ہے۔آپ روز سنتے ہیں کہ فوج تنہا حالات پر قابو نہیں پاسکتی۔عوام بندوق لے کر فوج کا ساتھ نہیں دے سکتے۔دہشت گرد قتل و غارت مذہب کے نام پر کرتے ہیں حالانکہ دہشت گردی کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔ہمارے ہاں مذہب گردی بہت بڑھ گئی ہے۔ضیاءالحق نے مذہب کے نام پر افغانستان میں دخل اندازی کی تھی جس کا خمیازہ ہم بھگت رہے ہیں۔ہمارا میڈیا رائے عامہ ہموار کرنے کا کام کرتا ہے اور حکمرانوں کا کام پالیسیاں بنانا اور اوران پر عمل درآمد کرنا ہوتا ہے۔اس وقت پاکستان میں 136 پرائیویٹ چینلوں پر نشریات لوگوں تک پہنچ رہی ہیں اور ابھی تک عوام کی جانب سے میڈیا کے بارے کوئی سنجیدہ شکائت موصول نہیں ہوئی۔

میڈیا کی سب سے بڑی خرابی اس کی گیٹ کیپر کے فرائض سے کوتاہی ہے۔میڈیا بطور گیٹ کیپر فیصلہ کرتا ہے کہ کون سی خبر لوگوں تک پہنچائی جانی چاہئے اور کون سی خبر روک دینی چاہئے۔پچھلے 25 سالوں سے میڈیا میں گیٹ کیپر کا ادارہ ختم ہوگیا ہے۔جنرل مشرف کے دور میں ان کی وردی اتارنے کا مسئلہ زیر بحث رہا اور ایک جنرل کی معرفت پرویز مشرف کے ملک سے باہر جانے کی خبر میڈیا کی زینت بنی مگر وہ نہ باہر گئے اور نہ ہی میڈیا نے غلط خبر دینے پر معذرت کی۔بدقسمتی سے ہم معاشرے کو جہاد کے ذریعے فتح کرنے والوں کو غازی بناتے ہیں۔سلمان تاثیر کے قتل کے تین روز بعد ایک چینل نے اپنے پروگرام میں میری گفتگو جامعۃ الازہر کے اساتذہ سے کرائی۔اُن کا کہنا تھا کہ ان کے خیال میں گورنر پنجاب کے قاتل کو تین دن میں پھانسی ہو جانی چاہئے تھی۔اگر بالفرض گورنر تاثیر نے توہین مذہب کا ارتکاب کیا تھا تو معاملہ عدالت میں جانا چاہئے تھا۔پاکستانی میڈیا پر انسانی حقوق کے بارے نہیں بتایا جاتا جبکہ اقوام متحدہ کا کہنا ہے کہ ہر ملک کو اپنی مجموعی آمدنی کا کم از کم 4% بجٹ تعلیم کے لئے مختص کرنا چاہئے۔مجھ سمیت کچھ ساتھیوں کو بے نظیر بھٹو نے ملک کی پسماندگی دور کرنے کے لئے تجاویز دینے کے لئے بلایا اور جو رپورٹ ہم نے انہیں بنا کر دی اسے اہمیت ہی نہ دی گئی۔پنجاب حکومت کے موجودہ وزیراعلیٰ سے ملنے گئے تو ان سے کھلے عام دہشت گردی کو رد نہ کرنے کا گلہ کیا اور انہیں بتایا کہ نظریے کی اہمیت ہوتی ہے جبکہ پاکستان نظریاتی بنیاد کے بغیر چل رہا ہے۔ایک کالم نویس نے کہا کہ ان کی سوئی صرف ایک بات پر اٹکی ہوئی ہے اور وہ ہے اربوں روپے کے منصوبے۔میں نے مشورہ دیا کہ کم از کم قائداعظم کی 11 اگست کی غیر سنسر شدہ تقریر ہی چلا دیں مگر انہوں نے کھانا کھلنے کا اعلان کردیا۔

> موجودہ پاکستان قائداعظم کا پاکستان نہیں بلکہ یہ ضیاء الحق کا پاکستان ہے۔آپ روز سنتے ہیں کہ فوج تنہا حالات پر قابو نہیں پاسکتی۔عوام بندوق لے کر فوج کا ساتھ نہیں دے سکتے۔دہشت گرد قتل و غارت مذہب کے نام پر کرتے ہیں حالانکہ دہشت گردی کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔ہمارے ہاں مذہب گردی بہت بڑھ گئی ہے۔ضیاءالحق نے مذہب کے نام پر افغانستان میں دخل اندازی کی تھی جس کا خمیازہ ہم بھگت رہے ہیں۔ہمارا میڈیا رائے عامہ ہموار کرنے کا کام کرتا ہے اور حکمرانوں کا کام پالیسیاں بنانا اور اوران پر عمل درآمد کرنا ہوتا ہے۔اس وقت پاکستان میں 136 پرائیویٹ چینلوں پر نشریات لوگوں تک پہنچ رہی ہیں اور ابھی تک عوام کی جانب سے میڈیا کے بارے کوئی سنجیدہ شکائت موصول نہیں ہوئی۔عدالت نے دو کیسوں کا فیصلہ کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا فحاشی پھیلا رہا ہے اور جنرل ضیاء الحق کی پالیسی رائج کی جائے۔

لال مسجد کے واقعے میں ہنگامہ پروروں کو ہیرو اور غازی بنا کر پیش کیا گیا اس کے بعد مولانا عبدالعزیز کی اہلیہ ام حسان نے پریس کانفرنس کرکے بتایا کہ جس روز مدرسے پر ایکشن ہوا ہم نے مدرسے کے 180 طالب علموں کی لاشیں اٹھائیں۔وہ خبریں کہاں ہیں دکھادیں؟ یہ چیزیں گیٹ کیپنگ کی کمی کی وجہ سے ہوئیں کہ کم از کم تصدیق تو کرلی جاتی۔ہمارے میڈیا میں اسلام آباد، لاہور اور کراچی میں کام کرنے والے بغیر تنخواہ کے کام کرتے ہیں نہ انہیں کسی تربیت کی ضرورت ہے اس لئے وہ اپنی پوزیشن بہتر بنانے کے لئے ہر حربہ استعمال کرتے ہیں۔ہمارا میڈیا بیانات پر مبنی صحافت کی زد میں ہے اور بری خبروں والا اخبار شوق سے پڑھا جاتا ہے۔خبر وہ ہے جو عام آدمی کے پاس نہیں ہوتی، خبر تو رپورٹر ڈھونڈ کر لاتا ہے۔بیان کو خبر کے طور پر استعمال نہیں کرنا چاہئے جبکہ ہمارے ہاں 87% بیانات خبر کے طور پر استعمال کئے جاتے ہیں۔اخبارات کے مالکان تحقیقاتی رپورٹنگ کے لئے بجٹ نہیں دیتے نہ وسائل مہیا کرتے ہیں اور نہ ہی تفتیشی رپورٹنگ کے لئے نامہ نگاروں کو تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔

ممتاز قادری کے چہلم پر احتجاج کے بعد جلوس ڈی چوک میں دھرنا دینے پہنچا جہاں حساس ادارے موجود ہیں۔فوج بلائی گئی مگر کوئی احتجاج کرنے والوں کو روکنے والا نہ تھا۔آج انتہاپسندی کے خاتمے کے لئے معذرت خواہانہ عمل رویہ اپنایا جارہا ہے۔رویت ہلال کے مولانا نے مجھے پوچھا کہ آپ

مذہب کے خلاف کیوں ہیں؟ میں نے کہا مجھے مذہب پر نہیں مذہبی مسائل پر اعتراض ہے۔اس کے حل کے لئے ہر چینل کے لئے نقی صاحب جیسا آدمی ضرور ہونا چاہئے۔ضابطہ اخلاق ورکنگ جرنلسٹ خود بناتے ہیں۔اخبارات کے لئے کوئی قانون نہیں بس ڈیکلریشن لینا ضروری ہے۔پھر بھی آپ جوتوں کی دکان کھول سکتے ہیں لیکن پرنٹنگ پریس نہیں لگا سکتے۔

سوال:احمدیوں کے بارے خبروں کے نشر ہونے کے بعد ان کا موقف کیوں نہیں سنا جاتا؟

(صدیق شمشاد)

جواب:سماجی نظام حالات کے مطابق بنتا ہے۔نظام فرسودہ ہوتے رہتے ہیں۔میڈیا کو روایت کا پابند ہونا چاہئے اور فریق ثانی کا موقف بھی دینا چاہئے۔

سوال:پرنٹ میڈیا کا اثر زیادہ ہے یا نہیں؟

(نرگس کاکڑ)

جواب:ماضی میں پرنٹ میڈیا کا اثر بہت زیادہ تھا مگر اب الیکٹرانک میڈیا اور سوشل میڈیا اس میں حصہ دار بن گئے ہیں۔

انسانی حقوق کے نفاذ کے لئے معاشرے، ادیب، ادب اور فنون لطیفہ کا کردار

سلیمہ ہاشمی (پروفیسر بیکن ہاؤس نیشنل یونیورسٹی)

فنون لطیفہ کو صرف اٹھکیلیاں سمجھا جاتا ہے۔جب وقت ہو، سرمایہ ہو اور وسائل ہوں تو پھر بات کریں ادب کی یا موسیقی کی جن سے زندگی قدرے سہل ہو جائے۔جب معاشی مسائل زیادہ ہوں تو پھر فنون لطیفہ کی طرف دھیان کہاں جانا ہے۔جب انسان صرف شکاری تھا اور پیٹ بھرنے کی طرف توجہ دیتا تھا تب بھی وہ غاروں میں تصویریں بناتا تھا۔ہر بچہ فنکار ہی پیدا ہوتا ہے بس زندگی اکثر اس میں سے فنکار چھین لیتی ہے۔جب میں نے این سی اے میں داخلہ لیا تھا اس وقت کالج میں صرف 70 طلبہ تھے۔جب تیس سال پڑھانے کے بعد میں نے کالج چھوڑا اس وقت کایا پلٹ چکی تھی اور ہر کوئی کالج میں داخلہ لینا چاہتا تھا۔فن جادو کا نام ہے جو رنگ میں، آواز میں اور تصویروں میں دکھائی دیتا ہے۔اس سے ہمت بندھتی ہے، راہ نظر آتی ہے اور راہ متعین ہوتی ہے۔اسی لئے قدیم زمانے میں جادوگروں کو خاص مقام حاصل رہا

> برصغیر میں جب آزادی کی تحریک شروع ہوئی اس کے ساتھ ساتھ انسانی حقوق کی طرف توجہ دلانے کے لئے ترقی پسندی کی تحریک شروع ہوئی جس نے بیسویں صدی کے مسائل کی طرف توجہ دلانے کی کوشش کی۔یہ نہ صرف شاعروں اور ادیبوں نے کیا بلکہ کلکتہ آرٹ سکول کے اساتذہ اور طلبہ نے انگریز کا مرتب کردہ نصاب پڑھنے سے انکار کر دیا۔روغنی رنگ کی بجائے آبی رنگوں سے فن پارے بنانے شروع کر دئے اور شانتی نکیتن میں اپنے فن کے مظاہر سامنے لائے۔چغتائی کو کھدر پہننے کے ساتھ آبی رنگ استعمال کرنے پڑے اور پاکستان میں ترقی پسندوں نے جیلوں میں جانے کو ترجیح دی۔معاشرے میں تبدیلی لانے کی امید موجود رہی جو ادیبوں، شاعروں اور فنکاروں میں بدرجہ اتم موجود تھی۔انسانوں کے حالات بدلنے کی خواہش ہمیشہ فنکار اور ادیب میں موجود رہتی ہے۔سوال یہ ہے کہ جب خواہش موجود ہے تو معاشرے میں تبدیلی جلد کیوں نہیں آسکتی؟ چاہئے یہ کہ فنکار میں فن اس قدر ہونا چاہئے کہ اس کے جذبات معاشرہ پوری توجہ سے سن سکے۔ایسے حالات پیدا ہونے چاہئیں جن سے امن قائم ہو، ناہمواری ختم ہو اور ہر شہری کی مادری زبان کو رتبہ دیا جائے جس سے وہ اپنے خیال کا اظہار کر سکے۔

ہے۔فن کار اور لکھاری ایک طرح سے اپنے معاشرے کی آگے آنے والی زندگی کا سہارا بن جاتے ہیں۔بیسویں صدی کی تحریکیں فرانس کی مدر ٹرنگوا کی تصویر سے متاثر ہوئیں۔آخر کیا چیز ہے جو شاعر کو، مصور کو ذمہ داری نبھانے پر مجبور کرتی ہے۔

برصغیر میں جب آزادی کی تحریک شروع ہوئی اس کے ساتھ ساتھ انسانی حقوق کی طرف توجہ دلانے کے لئے ترقی پسندی کی تحریک شروع ہوئی جس نے بیسویں صدی کے مسائل کی طرف توجہ دلانے کی کوشش کی۔یہ نہ صرف شاعروں اور ادیبوں نے کیا بلکہ کلکتہ آرٹ سکول کے اساتذہ اور طلبہ نے انگریز کا مرتب کردہ نصاب پڑھنے سے انکار کر دیا۔روغنی رنگ کی بجائے آبی رنگوں سے فن پارے بنانے شروع کر دئے اور شانتی نکیتن میں اپنے فن کے مظاہر سامنے لائے۔چغتائی کو کھدر پہننے کے ساتھ آبی رنگ استعمال کرنے پڑے اور پاکستان میں ترقی پسندوں نے جیلوں میں جانے کو ترجیح دی۔معاشرے میں تبدیلی لانے کی آس موجود رہی جو ادیبوں ،شاعروں اور فنکاروں میں بدرجہ اتم موجود تھی۔انسانوں کے حالات بدلنے کی خواہش ہمیشہ فنکار اور ادیب میں موجود رہتی ہے۔سوال یہ ہے کہ جب خواہش موجود ہے تو معاشرے میں تبدیلی جلد کیوں نہیں ہوسکتی۔چاہئے یہ کہ فنکار میں فن اس قدر ہونا چاہئے کہ اس کے جذبات معاشرہ پوری توجہ سے سن سکے۔ایسے حالات پیدا ہونے چاہئیں جن سے امن قائم ہو، ناہمواری ختم ہو اور ہر شہری کی مادری زبان کو رتبہ دیا جائے جس سے وہ اپنے خیال کا اظہار کر سکے۔کسی کا علاقائی پس منظر اس کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ نہیں ہونا چاہئے۔ادیبوں میں سکت ہوتی ہے کہ وہ لوگوں کی توجہ حالات کی تبدیلی کی طرف کرا سکتے ہیں اور ان صورتوں کی طرف رہنمائی کرتے ہیں جن سے زندگی میں آسائش مل سکے۔کبھی ایک نظم یا ایک گیت ذہنوں کو تبدیل کر دیتا ہے جو آگے کی طرف قدم بڑھانے پر مجبور کرسکتا ہے اور ایسے وقت میں اظہار کا طریقہ کھل جاتا ہے۔انسانی حقوق کے کارکن قبیلے کی مانند ہوتے ہیں۔آپ کو ایک لکھنے والا بھی چاہئے، مصور بھی ہو یا ایک بنی ہوئی فلم ہو، یہ سب انسانی معاشرے میں حقوق کی تحریک کے طور پر استعمال ہوسکتی ہیں۔لوگ محسوس کریں کہ آپ ان کے جذبات کی ترجمانی کر رہے ہیں پھر عام لوگ آپ کے ساتھی ہوں گے۔فنکار کا کام ہوتا ہے نشان دہی کرنا کہ آپ اس وقت کہاں کھڑے ہیں۔

سوال:ہنر اور آرٹ میں کیا فرق ہے؟

جواب:ہر شخص میں آرٹ کی حس ہوتی ہے۔کچھ سینہ بہ سینہ دستکار ہوتے ہیں جو اپنی نظر کو تسکین پہنچاتے ہیں اور دی ہوئی دستکاری میں نئی اُپج کا اضافہ کرتے ہیں انہیں فنکار کا مقام حاصل ہوتا ہے۔

سوال:فنون لطیفہ کو کس طرح انسانی حقوق کی جدوجہد میں شامل کریں؟

جواب:کنٹینر پر تصویریں بنا کر، فرقہ بندی اور نسل پرستی کے موضوع پر تصویری فن کا مظاہرہ، عورتوں کے حقوق پر فنکاروں کی تقریریں، سوچ کی قوت کے اظہار ذریعے۔

☆☆☆

انتہا پسندی کی روک تھام اور رواداری کے فروغ کے لیے منعقد تربیتی ورکشاپس کی رپورٹس

کشمور 17-18 اپریل

پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق کی جانب سے انتہا پسندی کے خاتمے اور انسانیت دوست اقدار کے فروغ کے عنوان سے 17-18 اپریل 2016 کو تحصیل کشمور میں دوروزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔جن موضوعات پر تربیت کاروں نے لیکچر دیئے ان میں طرزفکر میں مثبت تبدیلی اور جمہوری رویوں کے فروغ کے لیے تعلیمی اداروں اور نصاب میں انسانی حقوق کی تعلیم کی شمولیت کی اہمیت، انتہا پسندی کیا ہے، اس کی مختلف اقسام، ہماری زندگیوں پر اثرات اور روک تھام کیلئے لائحہ عمل، میڈیا کیا ہے؟اس کی مختلف اقسام، بدلتے ہوئے رجحانات اور انتہا پسندی کے انسداد یا فروغ میں میڈیا کا کردار، انسانی حقوق کا فروغ،حقوق کی تحریک کو مستحکم کرنے کیلئے حکمت عملی کی تشکیل اورعوام تک رسائی حاصل کرنے میں سول سوسائٹی کا کردار اورانتہا پسندی کے انسداد میں ادب، ادیب اورفنون لطیفہ کا کردار شامل ہیں۔

سہولت کاروں میں جمیلہ منگی، ندیم عباس، احمد بخش چنہ، اسلم میر بحر، یاسین لاشاری، شامل تھے اور تربیتی ورکشاپ میں شریک ہونے والے شرکاء میں تحصیل کشمور کے مختلف علاقوں اور مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے 16 خواتین سمیت 30 لوگوں نے شرکت کی۔ا تربیتی ورکشاپ کے دوران شرکاء کو دستاویزی فلمیں جن میں ہم انسان اورلوٹ جاتی ہے ادھر کو بھی نظر دکھائی گئیں جنہیں شرکاء نے بے حد پسند کیا۔تربیتی ورکشاپ کے دوران گروپ ورک کے ذریعے ضلع کندھ کوٹ میں انسانی حقوق کی صورتحال کا جائزہ بھی لیا گیا جس میں شرکاء نے اپنی اپنی رائے کا اظہار کیا۔

ورکشاپ کے اغراض ومقاصد

جمیلہ منگی ریجنل کوآرڈینیٹر (ایچ آرسی پی)

اس ورکشاپ میں شرکت کرنے پرایچ آرسی پی آپ سب کا شکر گزار ہے۔اس ورکشاپ کا مقصد پاکستان کو درپیش مسائل کا تجزیہ کرنا ہے تاکہ ان مسائل کا ممکنہ حل تلاش کیا جاسکے۔اس وقت پاکستان کو درپیش سب سے سنگین مسئلہ انتہا پسندی ہے جو دیمک کی طرح ہمارے ملک کی بنیادوں کو کھوکھلا کر رہی ہے۔ایچ آرسی پی نے پاکستان کے مختلف اضلاع میں ورکشاپ منعقد کرنے کے بعد تعلقہ کی سطح پر بھی ورکشاپ کرنے کا کا فیصلہ کیا ہے تاکہ انتہا پسندی کے تیزی سے بڑھتے ہوئے اثرات سے بچا جاسکے جو ہماری انفرادی و اجتماعی زندگی کے لیے مہلک ہے۔ملک میں بڑھتی ہوئی انتہا پسندی نے انسانی حقوق کی پامالی اور مذہبی اختلافات میں اضافہ کردیا ہے۔ہمیں اس وقت رواداری اور برداشت جیسے تصورات کو فروغ دینا چاہیے اور روشن خیال لوگ پیدا کرنے چاہئیں۔

تحصیل کشمور میں انسانی حقوق کی صورتحال اور علاقے کے بنیادی مسائل: تحصیل کشمور میں انسانی حقوق کی صورتحال تسلی بخش نہیں ہے۔یہاں پر صحت اور تعلیم کی ابتر صورتحال ہے اور تحصیل کشمور میں عورتوں اور بچوں کے حقوق کی خلاف ورزی عام ہے جس میں کاروکاری، کم عمر بچیوں کی شادی، وٹہ سٹہ اورانہیں خون کے عوض میں دینا عام ہے۔سڑکیں اور دوسرے راستے خستہ حالت میں ہیں۔کندھ کوٹ میں وڈیرا شاہی نظام کی وجہ سے عام بندہ اپنی زندگی اپنی مرضی سے نہیں گزار پا رہا۔یہاں پر مذہبی اور سماجی انتہا پسندی بہت ہے۔

طرزفکر میں مثبت تبدیلی اور جمہوری رویوں کے فروغ کے لیے تعلیمی اداروں اور نصاب میں انسانی حقوق کی تعلیم کی شمولیت کی اہمیت

ندیم عباس

اس موضوع کا دارومدار انتہا پسندی کے مضر اثرات پر ہے جس کی بنیاد لاشعوری طور پر تعلیمی نصاب میں رکھی جارہی ہے۔ہم سب جانتے ہیں کہ تعلیم دنیاوی ہو یا روحانی، علم کو رسماً کسی ادارے میں حاصل کیا جاتا ہے جس کے ساتھ تربیت کا عمل بھی شامل ہے۔انگریزی میں لفظ ایجوکیشن سے مراد صرف تعلیم نہیں بلکہ تعلیم و تربیت ہے۔اس لئے نصاب مرتب کرتے وقت دور، حالات، اورضرورتیں سامنے رکھتے ہوئے اہم نکات رکھے جاتے ہیں اور پھر کورس کو ترتیب دیا جاتا ہے اور وہی کورس تعلیم وتربیت کی صورت میں تعلیمی اداروں میں نئی نسل کی طرف منتقل کیا جاتا ہے جس سے نئی نسل کے ذہنوں میں درست رخ میں رہنمائی ہوسکے۔نصاب ترتیب دینے سے تعلیمی اداروں کا حشر کیسا ہے؟ہماری نئی نسل کی اخلاقیات کس قدر سدھر سکی ہے؟ایسے معاملوں کی جانچ پڑتال ہونی چاہئے کہ نہیں ؟ سرکار اس معاملے میں کتنی سنجیدہ ہے؟ جیسے سوالات کو چیک کرنے کا عمل بجا ہے۔اردو نصاب کے حوالے سے کچھ اسکالرز کی تنقیدی تحریریں منظر عام پرآئی ہیں جن کی خاص شکایت یہ ہے کہ نصابی کتابوں میں دیا ہوا مواد بچوں کو بنیادی معلومات دینے کے بجائے مذہب اور اخلاقی تبلیغ سے بھرا پڑا ہے۔ان کو یہ بھی شکایت ہے کہ جب اسلامیات ایک الگ مضمون کے طور پر پڑھایا جاتا ہے تو پھر دوسرے مضامین میں مذہبی تعلیم دینے کی کیا ضرورت ہے؟ کیا ایسا کرنے سے اسلام کی خدمت ہوگی یا ایک قسم کی انتہا پسندی کو تقویت ملے گی؟ میری رائے کے مطابق کچے ذہنوں میں فکری سوچ کی تالا بندی ہورہی ہے اوران ذہنوں میں کسی نکتے پر فکری یا تنقیدی سوچ کا حوصلہ پیدا نہیں ہورہا۔آج تک محمد بن قاسم کو مجاہد اور راجاداہر کو کافر اور غاصب لکھا جارہا ہے۔کچے ذہنوں میں ایسی اختلافی سوچ پیدا کرنا اسلام کی کیسی خدمت ہے؟

انتہا پسندی کیا ہے؟ اس کی مختلف اقسام ہماری زندگیوں پراثرات اورروک تھام کیلئے لائحہ عمل

اسلم میر بحر

انتہا پسندی کا مطلب ہے کسی خیال یا عمل میں انتہا تک پہنچ جانا۔یعنی جو میں سوچتا ہوں بس وہی درست اور یہی سب پر مسلط کیا جائے۔یہی تو انتہا پسندی ہے۔کوئی بھی انسان انتہا پسندانہ روّیہ پیدائش کے ساتھ اپنے ہمراہ نہیں لاتا بلکہ وہ معاشرے اور موروثی عقائد سے سیکھتا ہے۔گھروں میں والدین کی ناچاقیاں۔غربت، بے روزگاری جہالت اورمرکزیت انتہا پسندی کی اہم وجوہات ہیں۔انتہا پسندانہ روّیوں کی جھلک معاشرے کے تمام طبقات اور زندگی کے تمام پہلوؤں میں دیکھی جاسکتی ہے۔انتہا پسندی کی کئی اشکال ہیں جن کا اکثر ہم اپنی روزمرہ زندگی میں شکار ہورہے ہوتے ہیں۔یہ اشکال مذہبی انتہا پسندی، سماجی انتہا پسندی، سیاسی انتہا پسندی اورریاستی انتہا پسندی ہیں۔

مذہبی انتہا پسندی: اس کا سادہ سا مفہوم یہ ہے کہ

عقیدے کی بنیاد پر انسانوں میں تفریق کرنا اور عقیدے کی بنیاد پر ان سے امتیازی سلوک کرنا۔ یہ انتہا پسندی کی خطرناک ترین شکل ہے اور آج کل پاکستان کو سب سے بڑا خطرہ بھی مذہبی انتہا پسندی سے ہے۔ یہ تمام انسانوں کا بنیادی حق ہے کہ وہ اپنے عقیدے کو برحق سمجھیں لیکن جب آپ اس خیال کو باقی افراد پر بزور طاقت نافذ کرنا چاہتے ہیں تو آپ انتہا پسندی کے مرتکب ہوتے ہیں۔ تمام عقائد انسانوں کی بہتری اور بھلائی کے لیے آتے ہیں۔ عقیدہ کبھی باطل نہیں ہوتا لیکن اسے کبھی بھی بزور طاقت نہیں منوایا جاسکتا۔

سماجی انتہا پسندی: ہمارے ہاں سماج نے عورت کے تمام تر حقوق پامال کر رکھے ہیں۔ ان کو اپنی مرضی سے شادی پر مجبور کرنا، ان کا احترام نہ کرنا، انکا پہناوا اپنی مرضی کے مطابق رکھنا، خواتین کو تعلیم کے حق سے محروم کرنا، غیرت کے نام پر ان کو قتل کرنا سب سماجی انتہا پسندی کے زمرے میں آتے ہیں۔ کاروکاری سماجی انتہا پسندی کی سب سے بنیادی مثال ہے۔ محض شک کی بنیاد پر ہم کسی انسان کی جان لے لیتے ہیں جبکہ جان لینے اور دینے کا اختیار تو صرف خدا کے پاس ہے۔ سماجی ضابطوں کی خلاف ورزی یقیناً قابل تعزیر ہے لیکن جرم اور سزا کی نوعیت کا تعین کرنے کے لیے جب سماجی ادارے موجود ہیں تو یہ اختیار کسی صورت ایک فرد کو نہیں دیا جاسکتا۔

سیاسی انتہا پسندی: بروز طاقت کسی کے ووٹ کا حق چھیننا یا کسی کے سیاسی نظریات پر قبضہ کرنا سیاسی انتہا پسندی کہلاتا ہے۔ ووٹ معاشرے کے ہر فرد کا جمہوری حق ہے اور جب کوئی سیاسی پارٹی عوام کو ڈرا دھمکا کر یا لالچ دے کر اس کے حق کو پامال کرتی ہے تو ملک سیاسی انتہا پسندی کا شکار ہوتا ہے۔

ریاستی انتہا پسندی: جب کوئی ریاست کسی خاص نظریے یا عقیدے کو اپنائے تو وہ انتہا پسندی کا شکار ہوجاتی ہے۔ مثال کے طور پر اسرائیل نے اپنے آئین میں یہ طے کر دیا ہے کہ ہولوکاسٹ کی حقیقت پر سوال اٹھانے یا اس کے خلاف بات کرنے کو ملک سے غداری سمجھا جائے گا اور ایسے شخص کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے گی۔ یہ ریاستی انتہا پسندی کی مثال ہے۔

انتہا پسندی کی روک تھام کے لئے لائحہ عمل کے طور پر جمہوری روایات کو فروغ دیا جائے، تعلیم عام کی جائے، سماجی انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور برداشت اور بھائی چارے کو فروغ دیا جائے۔

حق عربی زبان کا لفظ ہے اور اس کے لغوی معنیٰ ہیں درست، ٹھیک اور صحیح۔ گویا انسانی حقوق کا مسئلہ دراصل اخلاقیات سے تعلق رکھتا ہے۔ اصطلاحی معنوں میں انسانی حقوق سے مراد ایسے قوانین، اقدار اور ادارے ہیں جن پر تمام انسانوں حقوق کو یکساں استحقاق حاصل ہے۔ اس ضمن میں بنیادی شرط صرف انسان ہونا ہے۔ رنگ، نسل، مذہب، جنس، زبان، ثقافت، سماجی مقام، مالی حیثیت اور سیاسی خیالات کے فرق سے کسی فرد کے انسانی حقوق پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ انسانی حقوق کی اخلاقی بنیاد سمجھنے کے لیے اخلاقیات کے دیگر نظاموں اور انسانی حقوق میں بنیادی فرق جاننا ضروری ہے۔ انسانی حقوق مستند کتابوں سے نہیں ڈھونڈے جاتے اور نہ انسانی حقوق کسی ادارے کی توثیق کے مرہون منت ہیں۔ انسانی حقوق انسانیت کے صدیوں پر محیط اجتماعی تجربات کا نچوڑ ہیں۔ انسانی معاشرہ ہر لحظہ جنم لیتی ہوئی نئی تبدیلی اور کبھی ختم نہ ہونے والے نئے امکانات کا رنگا رنگ مظہر ہے۔

میڈیا کیا ہے، اس کی مختلف اقسام، بدلتے ہوئے رجحانات اور انتہا پسندی کے انسداد یا فروغ میں میڈیا کا کردار:

یاسین لاشاری

میڈیا کا نام آتے ہی ذہن میں ایک بات ضرور آتی ہے کہ یہ کوئی نئیمعلومات دے گا۔ میڈ میں اخبارات، الیکٹرانک ٹی وی سمیت سوشل میڈیا میں فیس بک ٹوئیٹر، واٹس اپ یوٹیوب اور ریڈیو ایف ایم غیرہ آجاتے ہیں۔ کسی بھی ملک میں میڈیا پر لازم ہوتا ہے کہ اپنے ملک کی خیرخواہی اور اس کی سالمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے صحیح معلومات دے اور اصل حقائق سے عوام کو آگاہ کرے، جھوٹے اور منفی پروپیگنڈہ سے گریز کرے اور عوام کو اپنے حقوق کی آگاہی میں کردار ادا کرے۔ سرکاری میڈیا کا نام آتے ہی یہ بات ذہن میں آجاتی ہے کہ میڈیا سرکاری پالیسی سے باہر کوئی بات نہیں کرے گا۔ صرف سرکار کی خوشامدی کا پابند ہے، جبکہ پرائیوٹ میڈیا کھل کر سرکار کے ناجائز کاموں سمیت کرپشن، اور عوام کے مسائل کو اجاگر کرتا ہے۔ میڈیا سے منسلک لوگوں رپورٹر، سب ایڈیٹر، ایڈیٹر، پروڈیوسر کی اپنی اپنی ذمہ داریاں ہیں جس میں رپورٹر کا ہمیشہ ادارے میں کلیدی کردار ہوتا ہے جو پل پل کی اطلاعات اپنے ادارے کو دیتا رہتا ہے اور وہی ان اطلاعات کی سچائی کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ ایڈیٹر کی ذمہ داری ہے کہ وہ آنیوالی ہر خبر کے مواد کو اچھے طریقے سے پڑھے اور سمجھے۔ ٹی وی پر دکھایا گیا مواد خاص طور پر حادثات اور قدرتی آفات کے مناظر اکثر دل کو دہلا دیتے ہیں اس لئے وہ مناظر بہت اثرانداز ہوتے ہیں۔ جبکہ اخبارات کا مواد پڑھنے سے محسوس کیا جاتا ہے مگر آنکھیں وہ مناظر نہیں دیکھتیں اس لئے وہ مواد یادگار ضرور ہوتے ہیں مگر اثرات بہت کم رکھتیں ہیں۔

میڈیا میں بہتری کیلئے پیمرا اور میڈیا تنظیمیں ویسے تو سب کچھ کرسکتی ہیں مگر ملکی مفاد کے لیے وہ کچھ بھی نہیں کرتیں۔ یہ واضع ہے کہ انتہا پسندی کی روک تھام پیمرا کرسکتا ہے اگر پیمرا اور میڈیا تنظیمیں اپنے مفادات کو زیادہ ترجیح نہ دیں۔ میڈیا کو چاہیے کہ ہمیشہ انتہا پسندی ختم کرنے کی جدوجہد کرے۔ وہ ایسے عناصر کی نشاندہی کے ساتھ ان انتہا پسندوں کی حوصلہ شکنی کرے اور ان کو بطور ہیرو پیش نہ کرے۔

انسانی حقوق کا فروغ، حقوق کی تحریک کو مستحکم کرنے کیلئے حکمت عملی کی تشکیل اور عوام تک رسائی حاصل کرنے میں سول سوسائٹی کا کردار:

احمد بخش چنہ

حق عربی زبان کا لفظ ہے اور اس کے لغوی معنیٰ ہیں درست، ٹھیک اور صحیح۔ گویا انسانی حقوق کا مسئلہ دراصل اخلاقیات سے تعلق رکھتا ہے۔ اصطلاحی معنوں میں انسانی حقوق سے مراد ایسے قوانین، اقدار اور ادارے ہیں جن پر تمام انسانوں حقوق کو یکساں استحقاق حاصل ہے۔ اس ضمن میں بنیادی شرط صرف انسان ہونا ہے۔ رنگ، نسل، مذہب، جنس، زبان، ثقافت، سماجی مقام، مالی حیثیت اور سیاسی خیالات کے فرق سے کسی فرد کے انسانی حقوق پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ انسانی حقوق کی اخلاقی بنیاد سمجھنے کے لیے اخلاقیات کے دیگر نظاموں اور انسانی حقوق میں بنیادی فرق جاننا ضروری ہے۔ انسانی حقوق مستند کتابوں سے نہیں ڈھونڈے جاتے اور نہ انسانی حقوق کسی ادارے کی توثیق کے مرہون منت ہیں۔ انسانی حقوق انسانیت کے صدیوں پر محیط اجتماعی تجربات کا نچوڑ ہیں۔ انسانی معاشرہ ہر لحظہ جنم لیتی ہوئی نئی تبدیلی اور کبھی ختم نہ ہونے والے نئے امکانات کا رنگا رنگ مظہر ہے۔ انسان ہونے کے ناطے ہمارا بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ تحفظ، انسانی ضرورت کی فراہمی، خوشیوں کے

حصول، پائیدار ترقی اور تخلیق قوت کے اعتبار سے اجتماعی معیار زندگی کو بہتر بنائے۔ انسانی معاشرے نے جنگل سے اپنے سفر کا آغاز کیا۔جنگل میں انسانی زندگی طرح طرح کے خطرات میں گھری تھی۔جنگل میں انسان پر تین خوفناک حقائق یعنی عدم تحفظ، لاعلمی اور خوف کے سائے بہت گہرے تھے۔ان تین عناصر نے قدیم انسان کی انفرادی اور اجتماعی نفسیات کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کیا۔انسانوں کے انفرادی اور اجتماعی افعال کا پیمانہ ایک سیدھا سادہ اصول قرار پایا یعنی جس کی لاٹھی اس کی بھینس۔اس اصول کے نتیجے میں انسانی معاشرے میں بہت سی بنیادی نا انصافیوں نے جنم لیا۔معاشرے میں طاقتور افراد اور گروہوں نے اجتماعی انسانی وسائل پر اپنا غاصبانہ قبضہ برقرار رکھنے کے لیے انسانوں میں اونچ نیچ کے تصورات پیدا کئے۔رنگ، نسل اور جنس جیسی پیدائشی خصوصیات کو بنیاد کر انسانوں کے وسیع گروہوں کو بنیادی ضروریات سے محروم کیا گیا اور انہیں ترقی اور فیصلہ سازی کے عمل سے باہر رکھا گیا اور خود مرکزیت کی بنیاد رکھی۔خود مرکزیت سے مراد ایسا روّیہ ہے جس میں لوگ اپنے عقائد، نسل، ثقافت اور قوم کو دوسروں سے برتر سمجھتے ہیں اور دوسرے مذاہب، ثقافتوں اور اقوام کو اپنے پیمانے پر پرکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

